www.dailybolan.com

MEMBER APNS — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | منگل 8 ستمبر 2026، بمطابق 25 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 248

پاکستان کی فضائی حدود کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، سرفراز بگٹی

وطن عزیز کی فضائی حدود کے دفاع میں پاک فضائیہ کی خدمات، قربانیاں اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں

راشد منہاس شہید سمیت پاک فضائیہ کے جانبازوں نے دفاعِ وطن کے لیے جرات، شجاعت اور قربانی کی لازوال داستانیں رقم کیں

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یومِ فضائیہ کے موقع پر پاک فضائیہ کے شاہینوں، شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن عزیز کی فضائی حدود کے دفاع میں پاک فضائیہ کی خدمات، قربانیاں اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ راشد منہاس شہید سمیت پاک فضائیہ کے جانبازوں نے دفاعِ وطن کے لیے جرات، شجاعت اور قربانی کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ ان بہادر سپوتوں کی قربا(بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

جنگ 1965 کا ساتواں روز، بھارتی ترجمان کا کھل کر نقصانات کا اعتراف

بھارتی افواج کا لاہور، سلیمانکی، فیروزپور پر حملہ ناکام رہا۔ بھارت کو ہر محاذ پر بھاری نقصان کا سامنا ہے، ترجمان

پاکستان نیول شپس بابر، خیبر، بدر، جہانگیر، عالمگیر، شاہ جہاں اور ٹیپو سلطان نے دشمن کو اس کی حدود میں روکے رکھا

راولپنڈی (این این آئی) بھارت نے 1965 کی جنگ کے دوران کے حو(بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

الیکشن کمیشن میں اے آئی ونگ تشکیل دینے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر نے الیکشن کمیشن آف پاکستان (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

پاکستان کئی قسم کے بحرانوں کی زد میں ہے، جو بڑھ رہے ہیں، راجہ ناصر عباس

صوبوں کا وفاق پر اعتماد متاثر ہوا ہے، 26 ویں اور 27 ویں ترمیم کے باعث اتفاق نہیں رہا، اپوزیشن لیڈر

آپ صحت سمیت کسی معاملے میں سنجیدہ نہیں ہیں، بلدیاتی اداروں کو فنکشنل کرکے اختیار دیا جائے تو 90 فیصد مسئلے حل ہو جائیں، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک فضائیہ نے گزشتہ دہائیوں کے دوران فضائی معرکوں میں اپنی صلاحیت، پیشہ ورانہ برتری و غلبے کا بھرپور مظاہرہ کیا، صدر، وزیر اعظم کا پیغام

پوری قوم کو پاک فضائیہ پر فخر ہے

قربانیاں ہمیشہ قوم کی یاد میں نقش رہیں گی، صدر، وزیر اعظم

آج پاک بحریہ ہمارے سمندروں کی ایک مضبوط اور جدید ٹیکنالوجی سے لیس محافظ قوت کے طور پر نمایاں ہے

پاک بحریہ ہماری بین الاقوامی بحری مواصلاتی گزرگاہوں اور تجارت کے لیے اہم بحری راستوں کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے

اسلام آباد (بولان بیورو) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان کے یومِ فضائیہ کے تاریخی موقع پر میں پاک فضائیہ کے تمام اہلکاروں کی شاندار کارکردگی کو سراہتا ہوں اور اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں۔ 7 ستمبر یومِ فضائیہ کے موقع پر ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ بلاشبہ پاک فضائیہ کے بانیان نے قائدِ اعظم کے اس وژن کے مطابق اس ممتاز ادارے کی بنیاد رکھی کہ ہماری فضائیہ دنیا کی (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

سردار ایاز صادق کا یومِ فضائیہ کے شہداء، غازیوں، شاہینوں کو خراجِ عقیدت

معرکہ حق کے دوران بھی پاک بحریہ نے ملکی سمندری حدود کے تحفظ اور قومی دفاع کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دیں، سردار ایاز صادق

چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف کی قیادت میں پاک بحریہ نے پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملکی دفاع اور سلامتی کے تحفظ میں بھرپور کردار ادا کیا

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یوم بحریہ کے موقع پر پاک بحریہ کے شہداء و غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک بحریہ نے اپنے بیان میں دفاعِ وطن اور ملکی سمندری حدود کے تحفظ کے لیے ہمیشہ عزم، جرت اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے، یوم بحریہ ہمیں پاک بحریہ کے ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں اور خدمات کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ اسپیکر (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

حکومت نااہلی چھپانے کیلئے بوجھ عوام پر منتقل کر رہی ہے، حافظ نعیم الرحمن

ہم نے حکومت کو تجویز دی ہے کہ غریب عوام پر ٹیکس لگانے کے بجائے اشرافیہ پر ٹیکس عائد کیا جائے

کسانوں، طلبہ اور مزدوروں سے حکومت غنڈہ ٹیکس لے رہی ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ دھرنے اپنی ذات نہیں، عوامی حقوق کے لیے دے رہے ہیں۔ صوبائی دارالحکومت میں دھرنے کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے دھرنے دے رہی (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

صوبوں کا قیام ایک قومی مسئلہ ہے مخالفت نہیں ہونی چاہیے، وزیر دفاع

یہ اچھی بات ہے اسلام آباد میں ایک آزاد ادارہ قائم کیا جائے جسے آپ اسمبلی بھی کہہ سکتے ہیں

پیپلز پارٹی سے متعلق میں کوئی قیاس آرائی نہیں کرسکتا، یہ ایک نیشنل ایشو ہے، اس میں کہیں سے مخالفت نہیں ہونی چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ میرے پاس انتظامی یونٹس سے متعلق ابھی کوئی انفارمیشن نہیں، یہ اچھی بات ہے اسلام آباد میں ایک آزاد ادارہ قائم کیا جائے جسے آپ اسمبلی بھی کہہ سکتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ اس کو صوبائی حکومت یا پھر کیپٹل کی حکومت بھی کہہ سکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ چیز دنیا کے بہت سے دارالحکومتوں میں موجود ہے، بھارت میں دلی کی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پاک فضائیہ اپنی آپریشنل تیاری کو ہر سطح پر برقرار رکھے ہوئے ہے، ایئر چیف

پی اے ایف پاکستان کی خودمختاری اور فضائی سرحدوں کے تحفظ کے لیے پوری طرح پر عزم ہے، ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سندھو

معرکہ حق کے دوران پاک فضائیہ کی شاندار کامیابی اس کی پیشہ ورانہ برتری، جنگی صلاحیت اور اعلیٰ آپریشنل استعداد کا منہ بولتا ثبوت ہے، خطاب

راولپنڈی (این این آئی) سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا ہے کہ پی اے ایف پاکستان کی خودمختاری اور فضائی سرحدوں کے تحفظ کے لیے پوری طرح پرعزم ہے اور ابھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اپنی آپریشنل تیاری کو ہر سطح پر برقرار رکھے ہوئے ہے، کہ معرکہ حق کے دوران پاک فضائیہ کی شاندار کامیابی اس کی پیشہ ورانہ برتری، جنگی صلاحیت اور اعلیٰ آپریشنل استعداد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پیر کو ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں منعقدہ یومِ شہدا کی مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے شہدائے پاک فضائیہ کو بھرپور خراجِ عقیدت پیش کیا اور کہا کہ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مضبوط دفاع کی بنیاد مضبوط معیشت اور قومی یکجہتی ہے، احسن اقبال

موجودہ دور میں جنگ اسلحے کے بجائے معیشت، ٹیکنالوجی اور سائبر سکیورٹی کے میدان میں لڑی جا رہی ہے

قوم کو متحد ہوکر دفاعِ وطن مضبوط بنانا ہوگا، وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی خصوصی اقدامات کا یوم دفاع پاکستان کے موقع پر تقریب سے خطاب

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ ملک کے مضبوط دفاع کے لیے ہمیں اس ملک کی معیشت کو ناقابلِ تسخیر بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر گورنمنٹ ہائی سکول نارووال میں (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

ترقیاتی منصوبے میں رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، بلوچستان ہائیکورٹ

آئندہ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس میں توہین عدالت کی کارروائی بھی شامل ہوسکتی ہے، عدالت

کوئلہ پھاٹک کراسنگ کو چوڑا کرنے کا کام مکمل ہوچکا ہے، تاہم حتمی کارروائی پاکستان ریلوے ہیڈکوارٹر لاہور میں زیر التوا ہے

عدالت میں سیکشن 151 سی پی سی کے تحت دستاویزات ریکارڈ پر رکھنے کے لیے سول متفرق درخواست بھی جمع کرائی گئی

تمام سرکاری، نیم سرکاری اور نجی ادارے کسی بھی قسم کی کھدائی یا یوٹیلیٹی ورک شروع کرنے سے قبل پراجیکٹ ڈائریکٹر سے این او سی حاصل کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے سمنگلی روڈ سمیت کوئٹہ کے مختلف ترقیاتی منصوبوں سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران عدالت نے سمنگلی روڈ کی تعمیر (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

حکمران اپنی ناکامی کا اعتراف کریں نااہل ہو چکے، فضل الرحمن

ناموس رسالت کے قانون کو واپس لینے کی سازش کرنے والے یہودیوں کے ایجنٹ ہیں

معدنی وسائل صوبوں کی ملکیت تسلیم کرنے سے ملک خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو جائے گا، سربراہ جے یو آئی

ساہیوال (این این آئی) جمعیت العلمائے اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ 1973 کے آئین کو چھیڑخانی کرنے سے مسائل بڑھتے جا رہے ہیں اگر 18 ویں ترمیم کے تحت صوبوں کو مکمل اختیارات دیے جاتے تو اس سے عوام کی خوشحالی کی راہیں کھل جاتی ملک میں بے (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

فتنہ الہندوستان کا بلوچستان کی ترقی و عوام دشمن ایجنڈا ایک بار پھر بے نقاب

عوام کی سہولیات، تعلیمی اداروں، اسپتالوں اور ترقیاتی کاموں کو نشانہ بنانے والے بلوچستان کے ہرگز خیرخواہ نہیں ہوسکتے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) فتنہ الہندوستان کے شرپسندوں نے صحت، تعلیم اور بلوچستان کی ترقی کو نشانہ بنانے کی ایک اور مذموم کوشش کی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فتنہ الہندوستان کے عوام دشمن اقدامات کرتے ہوئے خاران کے علاقے گواش میں 2 زیر تعمیر عوامی منصوبوں کو نشانہ بنا ڈالا۔ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے گواش میں زیر تعمیر انٹر کالج اور لیبر ہسپتال کی عمارت میں توڑ پھوڑ کی او (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

کندھ کوٹ، کوچ الٹنے سے جاں بحق افراد کی تعداد 9 ہوگئی

کندھ کوٹ (این این آئی) کندھ کوٹ میں کوچ الٹنے کے حادثے میں جاں بحق افراد کی تعداد 9 ہوگئی۔ گزشتہ رات انڈس ہائی وے پر کوچ الٹنے سے زخمی ہونے والے مزید 3 افراد اسپتال میں دم توڑ گئے ہیں۔ اسپتال میں تاحال 27 زخمی زیر علاج ہیں، حادثہ تیز رفتاری کے باعث موڑ کاٹتے ہوئے پیش آیا تھا۔

اسحاق ڈار کا کویتی ہم منصب سے ٹیلی فونک رابطہ، علاقائی صورتحال پر گفتگو

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان پاکستان اور کویت کے دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار اور کویتی وزیر خارجہ نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

ملتان، ملازمت کیلئے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جانے کی کوشش کرنیوالے 3 افراد گرفتار

ملتان (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) ملازمت کیلئے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جانے کی کوشش کرنے والے 3 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے امیگریشن ڈیپارٹمنٹ نے ملتان ائیرپورٹ پر (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

عوام پر مزید بوجھ، ملک بھر میں بجلی نیٹ ورک استعمال کرنے کی یکساں قیمت لاگو

اضافی چارجز تمام صارفین اوپن ایکسیز اور عام صارفین پر یکساں لاگو ہوں گے، نیپرا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے بجلی نیٹ ورک استعمال کرنے کی یکساں قیمت لاگو کرنے کا فیصلہ جاری کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیپرا نے بجلی نیٹ ورک استعمال کرنے کے چارجز (یو او ایس سی) یکساں لاگو کرنے کا فیصلہ جاری کرتے ہوئے اوپن ایکسیز صارفین کے لیے ویری ایبل گرڈ چارجز مختلف کیٹیگریز کے حساب سے مقرر کردی۔ نیپرا کے فیصلے (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

پاک فوج کا کوہ پیما سید علی شاہ کے جسد خاکی کی تلاش کیلئے ریسکیو آپریشن مکمل

پاک فوج کی ریسکیو ٹیموں نے دشوار گزار اور برف پوش علاقے کے باوجود انتہائی مشکل آپریشن کو کامیاب بنایا

ہم پاک فوج کے تہہ دل سے مشکور ہیں جنہوں نے اس مشکل و کٹھن آپریشن میں ہمارا بھرپور ساتھ دیا، عبداللہ شاہ

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے کوہ پیما سید علی شاہ کے جسد (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

مسابقتی بجلی مارکیٹ، پاکستان کو روایتی خریدار سے آگے لے جائیگی، اویس لغاری

نیپرا کا فیصلہ مسابقتی بجلی مارکیٹ کے قیام میں اہم سنگ میل ہے، وزیر توانائی

یوز آف سسٹم چارج کا تعین سی ٹی بی سی ایم کیلئے آخری اہم ریگولیٹری اقدام تھا، اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے نیپرا کے فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیپرا کا فیصلہ مسابقتی بجلی مارکیٹ کے قیام میں اہم سنگ میل ہے، (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

بانی کی رائے لیے بغیر انتظامی یونٹس پر بات نہیں کریں گے، سلمان اکرم

بانی پی ٹی آئی کو مکالمے میں شامل کریں پھر بات ہوگی

پی ٹی آئی سندھ کے عوام اور ان کے حقوق کے ساتھ ہے، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی

سانگھڑ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

گیس صارفین کو بڑا جھٹکا، ایل این جی کنکشنز کے بلوں میں ہوشربا اضافہ

درآمدی گیس کی قیمت 7 ہزار 200 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو تک پہنچ گئی، گھریلو کنکشنز کی بلنگ اسی بنیاد پر کی گئی

لاہور (این این آئی) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز کی جانب سے ایل این جی پر مبنی گھریلو گیس کنکشن استعمال کرنے والے صارفین کو بھاری بل موصول ہونے لگے ہیں جس سے (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

صوبے بننے چاہئیں مگر یہ وقت نئے صوبوں کی بات کا نہیں، کیپٹن (ر) صفدر

کون سا ضلع کس صوبے کا حصہ بنے گا، اس کا فیصلہ بھی عوامی رائے سے کیا جائے، میڈیا سے گفتگو

چنیوٹ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن ریٹائرڈ صفدر نے نئے صوبوں کے قیام سے پہلے عوامی رائے لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب سمیت (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

میر علی حسن زہری کی قیادت میں حب ترقی و خوشحالی کی جانب تیزی کا گامزن

عدالت روڈ کے پہلے مرحلے میں سیوریج لائن کی تعمیر کا کام شروع کر دیا گیا ہے

ماسٹر پلان کے تحت تعمیر کی جانے والی مذکورہ سیوریج لائن مونڈرہ چوک سے شروع ہوکر مین ندی، اکرم کالونی نالا تک جائے گی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی خصوصی کاوشوں سے حب ماسٹر پلان کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد جاری ہے اسی سلسلے میں عدالت روڈ کے پہلے مرحلے میں سیوریج لائن کی تعمیر کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ ماسٹر پلان کے تحت تعمیر کی جانے والی مذکورہ سیوریج لائن مونڈرہ چوک سے شروع ہوکر مین ندی، اکرم کالونی نالا تک جائے گی، جس سے علاقے میں نکاسی آب کے نظام کو مزید موثر اور بہتر بنانے میں مدد ملے گی منصوبے کے پہلے مرحلے میں ٹی سی روڈ سے ایگری آٹوز تک سیو (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر مصدق ملک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خیبرپختونخوا فورسز کی کارروائیاں، فتنہ الخوارج کے 21 دہشتگرد ہلاک

کوہاٹ، ڈی آئی خان میں بھی 2 مختلف جھڑپوں میں مزید 4 خوارج ہلاک ہوئے

افغانستان سے پاکستان کے خلاف سرحد پار دہشت گردی کی جا رہی ہے، افغان طالبان حکومت موثر سرحدی انتظام کو یقینی بنائے

راولپنڈی (این این آئی) خیبرپختونخوا میں مختلف جھڑپوں کے دوران 3 سے 5 ستمبر تک 21 خوارج ہلاک کر دیے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد پر سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 10 خوارج ہلاک ہوئے، اس کارروائی کا آغاز 31 اگست اور یکم ستمبر کی درمیانی شب کیا گیا تھا۔ شمالی وزیرستان میں ایک اور کارروائی کے دوران 7 خوارج ہلاک ہوئے۔ بیان کے مطابق کوہاٹ، ڈی آئی خان میں بھی 2 مختلف جھڑپوں میں مزید 4 خوارج ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ دراندازی کی کوشش کرنے والے ہلا (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

پاکستان کی سی فوڈ برآمدات پہلی بار 50 کروڑ ڈالر سے تجاوز

مالی سال 26-2025 میں سی فوڈ کی برآمدات 56 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات مالی سال 26-2025 میں 56 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی ہیں۔ سی فوڈ کا شعبہ زرمبادلہ، روزگار اور سرمایہ کاری کا اہم ذریعہ بن گیا ہے۔ پاکستان کی سی فوڈ برآمدات پہلی بار 50 کروڑ ڈالر سے تجاوز کرگئی ہیں اور دو سال میں سی فوڈ برآمدات میں تقریبا 40 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ مالی سال 24-2023 میں (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

پاکستان ریلوے نے ستمبر کیلئے کرائے مقرر کر دیئے

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے کی جانب سے ستمبر کے لیے کرائے مقرر کر دیئے گئے۔ پاکستان ریلوے لاہور اور راولپنڈی روٹ پر کئی ٹرینیں چلاتا ہے۔ اس روٹ (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

کسی بھی نیٹو رکن کے خلاف جارحیت برداشت نہیں کی جائے گی، امریکی سفیر

نیٹو ارکان کو اس سلسلے میں مستعد اور تیار رہنا ہوگا تاکہ کسی بھی چیلنج کے حوالے سے سخت پیغام دیا جا سکے، خطاب

روم (این این آئی) نیٹو کے کسی بھی رکن ملک کے خلاف جان بوجھ کر کیے جانے والے کسی بھی حملے کو برداشت نہیں کیا جائے گا، اگر کسی نے نیٹو رکن کے خلاف جارحیت کی تو امریکہ نیٹو ملکوں کے ساتھ کھڑا ہوگا۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اس امر کا اظہار نیٹو کے لیے امریکی سفیر میتھیو وائٹاکر نے کیا۔ سفیر نے اٹلی میں ایک بزنس کانفرنس کی سائیڈ لائنز میں گفتگو کرتے ہوئے کہا جس صورت حا (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

امریکی طیارہ بردار بحری جہاز ابراہم لنکن تھائی لینڈ سے واپس روانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی طیارہ بردار بحری جہاز ابراہم لنکن تھائی لینڈ سے واپس چلا گیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق ابراہم لنکن مشرق وسطیٰ میں معمول کی کارروائیوں میں حصہ لے گا، ابراہم لنکن اپنی تعیناتی کے دوران ایران (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے سیاسی قائدین کا مشترکہ جدوجہد کا اعلان

مسلم لیگ (ن) صوبہ ہزارہ کے قیام کے مطالبے پر تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلے گی، سردار محمد یوسف

حویلیاں (این این آئی) صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے سیاسی قائدین نے مشترکہ جدوجہد کا اعلان کردیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور وفاقی وزیر سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) صوبہ ہزارہ کے قیام کے مطالبے پر تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ ہزارہ وقت کی ضرورت اور ہزارہ کے عوام کی آواز ہے، جبکہ اس کا مطالبہ (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سینیٹ قائمہ کمیٹی داخلہ: چیئرمین ایف بی آر کو تمغہ امتیاز کیلئے نامزد کرنے پر سخت تنقید

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ قائمہ کمیٹی داخلہ کے اجلاس میں چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال اور دیگر افسران کو تمغہ امتیاز کے لیے نامزد کرنے پر سخت تنقید کی گئی۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی داخلہ کے اجلاس میں سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ چیئرمین ایف بی آر کی ناک کے نیچے (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

نئے انتظامی یونٹس پاکستان کی بقا کا مسئلہ بن چکے ہیں، مصطفیٰ کمال

نئے انتظامی یونٹس ایم کیو ایم کی خواہش نہیں بلکہ پاکستان کی بقا کا مسئلہ بن چکے ہیں

کراچی والوں کو بڑے احتجاج کی تیاری کرنا ہوگی، وفاقی وزیر صحت

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی بوکھلاہٹ اس بات کی نشاندہی کر رہی ہے کہ ان کے اقتدار کا سورج اب غروب ہونے والا ہے، ظلم کی سیاہ رات ختم ہونے کا وقت آ چکا ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پارلیمانی سیکرٹری برکت علی رند ملاقات کر رہے ہیں

سرکاری اداروں میں کرپشن کے مکمل خاتمے کا وقت آچکا ہے، مریم نواز

سول ڈیفنس پنجاب کے 12 اہلکار نوکری سے برخاست، 37 افسران واہلکار معطل اور 7 کا تبادلہ

محکمہ داخلہ پنجاب کرپشن، نااہلی، بدانتظامی اور قوانین کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے، ترجمان

نائب قاصد مہران حسین ٹریپ ریڈ میں پکڑا گیا۔ وہاڑی میں اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ آپریشن کے دوران ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کا اہلکار طاہر بھٹی رشوت لیتے ہوئے پکڑا گیا۔ ڈیرہ غازی خان میں علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال کا کمپیوٹر آپریٹر ساجد رشوت لیتے ہوئے پکڑا گیا۔ منڈی بہاؤالدین میں محکمہ بلدیات کے نائب قاصد محسن شاہ کو بھی ٹریپ ریڈ میں گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا

وقت آچکا ہے، ہر سرکاری ادارے کو کرپشن اور کرپٹ افراد سے پاک کر کے دم لیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے تمام محکمہ جات میں کرپٹ اور بدعنوان عناصر کیخلاف کارروائی کی ہدایت کی ہے۔ جس پر عملدرآمد کرتے ہوئے محکمہ داخلہ پنجاب نے سول ڈیفنس میں سخت ایکشن لیا ہے۔ ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب نے محکمے میں خود احتسابی کی عمدہ مثال قائم کرتے ہوئے کرپشن، بدعنوانی

نااہلی پر پنجاب بھر میں سول ڈیفنس کے 37 افسران و اہلکار معطل کیے گئے۔ معطل ہونے والے افسران میں سول ڈیفنس آفیسر رحیم یار خان شکیب احمد، وہاڑی، سیالکوٹ، خوشاب اور ساہیوال کے اسسٹنٹس سردار علی، ثناء اللہ، محمد کامران اور شاہ نواز، نارووال اور گوجرانوالہ کے سینئر کلرک محمد الطاف اور محمد قاسم شامل ہیں۔ سول ڈیفنس کے 9 چیف انسٹرکٹرز اور 15 انسٹرکٹر بھی معطل کیے گئے۔

شہید ہدایت بلدیہ پبلک لائبریری سوراب کے لیے 250 کتب کا عطیہ

کتابیں معاشرے میں شعور، علم اور مثبت سوچ کے فروغ کا اہم ذریعہ ہیں، علی نواز رند

سوراب (نامہ نگار) علمی و ادبی سرگرمیوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مطالعے کی بہتر سہولت فراہم کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر سوراب، صحافی، کالم نگار اور براہوئی و اردو کے افسانہ نگار علی نواز رند نے شہید ہدایت بلدیہ پبلک لائبریری سوراب کے لیے اپنی جانب سے 250 قیمتی کتابیں عطیہ کر دیں۔ عطیہ کی گئی کتب علی نواز رند نے ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کے حوالے کیں۔ اس موقع پر ایف سی بلوچستان 61 ونگ کے میجر بدر سمیت دیگر ضلعی افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر علی نواز رند کا کہنا تھا کہ کتابیں معاشرے میں شعور، علم اور مثبت سوچ کے فروغ کا اہم ذریعہ ہیں، نوجوانوں کو مطالعے کی جانب راغب کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ لائبریری میں کتب کے اضافے سے طلبہ، نوجوانوں اور اہلِ علم کو بھرپور استفادہ کا موقع ملے گا۔

کراچی میں پولیس مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) سائٹ سپر ہائی وے پولیس نے فقیرہ گوٹھ میں مبینہ ڈاکوؤں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا، جبکہ اس کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پولیس کے مطابق فقیرہ گوٹھ میں دوطرفہ فائرنگ کے دوران ایک ملزم گولی لگنے سے زخمی ہو گیا، جسے گرفتار کر کے فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

صحبت، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین اوجی ڈی سی ایل کی جانب سے زیر تعمیر گھروں کا جائزہ لے رہے ہیں

قمبر شہدادکوٹ پولیس کی بڑی کارروائی۔ منشیات سپلائی کی کوشش ناکام بنادی

بڑی مقدار میں (5750) گرام گٹکا اور ایک عدد 125 موٹرسائیکل پولیس کسٹڈی مقدمہ درج

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) قمبر شہدادکوٹ پولیس کی بڑی کارروائی۔ منشیات سپلائی کی کوشش ناکام بنادی۔ ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ ربی پل پولیس کی کامیاب کارروائی میں منشیات سپلائر گینگ کے دو اہم کارندے گرفتار۔ بڑی مقدار میں (5750) گرام گٹکا اور ایک عدد 125 موٹرسائیکل پولیس کسٹڈی مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق۔ آئی سی پی ربی پل سب انسپکٹر فہیم حسین عباسی بمع پولیس اسٹاف کی چیکنگ کے دوران کارروائی میں منشیات سپلائر گینگ کے دو اہم سرغنہ کو (5750) گرام گٹکا اور ایک عدد 125 موٹرسائیکل سمیت گرفتار کر لیا ہے۔ گرفتار منشیات سپلائرز کے قبضے سے لاکھوں روپیہ مالیت کا گٹکا اور ایک عدد موٹرسائیکل رکور کر کے پولیس نے اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ گرفتار منشیات سپلائر کی شناخت عبدالجبار چھٹو اور عبدالقادر چھٹو سکنہ کرک بلوچستان کے طور پر ہوئی ہے۔

اینٹی کرپشن ٹیموں کی تھانوں میں کرپٹ عناصر کی نشاندہی کیلئے منظم حکمت عملی کے تحت کارروائی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے سخت احکامات کے بعد اینٹی کرپشن پنجاب کی جانب سے کرپٹ پولیس اہلکاروں کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی مزید تیز کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق تھانوں کے اطراف میں اینٹی کرپشن کے اہلکار تعینات ہیں جو تھانوں سے رجوع کرنے والے سائلین سے رابطہ کر کے پولیس عملے کے رویے، رشوت طلب کرنے اور بدعنوانی سے متعلق معلومات حاصل کر کے رپورٹس تیار کر رہے ہیں۔

حب۔ بی این پی حب کے جنرل سیکریٹری بشیر مینگل اور امین مینگل سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر سابق چیئرمین حب وڈیرہ رجب علی رند، چیئرمین فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹی میر علی اکبر زہری، معروف کاروباری شخصیت حاجی عبدالغنی چنال و دیگر تعزیت کر رہے ہیں

روہڑی ریلوے جنکشن کی اپ گریڈیشن اربوں کے منصوبے کو خطرات لاحق؟

پرانی اور بوسیدہ مال گودام عمارت کے ڈھانچے پر نئے دفاتر بنانے کا مبینہ فیصلہ ریلوے ملازمین میں تشویش کی لہر

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) روہڑی ریلوے جنکشن کی اپ گریڈیشن اربوں کے منصوبے کو خطرات لاحق؟ پرانی اور بوسیدہ مال گودام عمارت کے ڈھانچے پر نئے دفاتر بنانے کا مبینہ فیصلہ ریلوے ملازمین میں تشویش کی لہر ایک ارب 40 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری تاریخی منصوبے میں تعمیراتی معیار اور عمارت کی مضبوطی یقینی بنانے کا مطالبہ اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کی اپیل تفصیلات کے مطابق روہڑی ریلوے جنکشن کی ملک بھر میں غیر معمولی اہمیت اور اس کے وسیع ریلوے نیٹ ورک میں مرکزی کردار کے پیش نظر تقریبا ایک ارب 40 کروڑ روپے کی خطیر لاگت سے وفاقی اور سندھ حکومت کے مشترکہ مالی تعاون سے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن کا کام تیزی سے جاری ہے تاہم منصوبے کے دوران پرانی اور بوسیدہ مال گودام عمارت کو دفاتر میں تبدیل کرنے کے مبینہ فیصلے نے ریلوے افسران اور ملازمین میں تشویش پیدا کر دی ہے انتہائی باخبر ذرائع کے مطابق روہڑی ریلوے جنکشن کے مال گوداموں کی پرانی عمارت اور اس سے منسلک کمروں کو نئے دفاتر کے طور پر استعمال کرنے کے لیے مبینہ طور پر اقدامات کیے جا رہے ہیں ذرائع کا کہنا ہے کہ مذکورہ عمارت طویل عرصے سے استعمال میں رہی ہے اور اس کے پرانے ڈھانچے کو دفاتر کے لیے موزوں قرار دینے سے قبل اس کی مکمل ساختی جانچ، مضبوطی اور حفاظتی پہلوؤں کا جائزہ لینا ضروری ہے ذرائع کے مطابق مال گودام کی پرانی بنیادوں اور موجودہ ڈھانچے پر دفاتر قائم کرنے کے فیصلے کے بعد متعدد افسران اور ملازمین میں یہ خدشات پیدا ہوئے ہیں کہ اگر عمارت کو کسی مستند ماہر ادارے یا انجینیئرنگ ٹیم کی جانب سے مکمل طور پر محفوظ اور تسلی بخش قرار دیے بغیر دفتری استعمال میں لایا گیا تو مستقبل میں یہ فیصلہ ملازمین اور دیگر افراد کے لیے مشکلات یا خطرے کا باعث بن سکتا ہے بعض ریلوے ملازمین کا کہنا ہے کہ روہڑی ریلوے جنکشن محض ایک مقامی اسٹیشن نہیں بلکہ ملکی سطح پر انتہائی اہم اور مصروف ریلوے جنکشن کی حیثیت رکھتا ہے جہاں روزانہ بڑی تعداد میں مسافر، ریلوے افسران، ملازمین اور دیگر شہری آتے جاتے ہیں ایسے اہم مقام پر جاری اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے میں تعمیراتی معیار، مستقبل کی ضروریات اور انسانی جانوں کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے ملازمین اور ذرائع نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مال گودام کی پرانی عمارت میں دفاتر قائم کرنے سے قبل عمارت کا مکمل ٹیکنیکل اور اسٹرکچرل آڈٹ کرایا جائے ماہرینِ تعمیرات اور سول انجینیئرز سے اس کی مضبوطی کا جائزہ لیا جائے

ٹمبر مافیا کیخلاف بلاامتیاز کارروائی، جنگلات کی سیٹلائٹ مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے' پبلک ایکشن فورم

لاہور (این این آئی) چیئرمین پبلک ایکشن فورم پاکستان آصف سلیم مٹھا نے کہا ہے کہ پاکستان میں جنگلات کا رقبہ ملکی اراضی کے صرف تقریباً 5 فیصد تک محدود ہے جبکہ ماحولیاتی ماہرین کے مطابق عالمی معیار کے اعتبار سے پاکستان کو کہیں زیادہ جنگلات درکار ہیں، سرکاری اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں تقریباً 4.1 ملین ہیکٹر رقبے پر جنگلات موجود ہیں جو بڑھتی آبادی، لکڑی کی طلب اور زمین کے دیگر استعمالات کے باعث شدید دباؤ کا شکار ہیں۔

ٹھیاری میں مذہبی رسومات کے دوران تین نوجوان نہر میں ڈوب کر جاں بحق

ٹھیاری (این این آئی) ٹھیاری میں مذہبی رسومات کی ادائیگی کے دوران نہر میں ڈوبنے سے تین نوجوان جاں بحق ہو گئے، جن کی لاشیں مقامی افراد نے اپنی مدد آپ کے تحت نکال لیں۔ پولیس کے مطابق واقعہ شوگر مل روڈ پر پیش آیا جہاں تین نوجوان مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لیے نہر کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک پاؤں پھسلنے کے باعث تینوں نہر میں جا گرے۔

حب۔ سردارزادہ عرفان صالح بھوتانی لوہی میں مختلف سیاسی وقبائلی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

روحانی طلبہ جماعت ٹھٹھہ زون 1 کا صوبائی وزٹ

صوبائی و ضلعی عہدیداران سمیت معزز شخصیات نے شرکت کی

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) روحانی طلبہ جماعت ٹھٹھہ زون 1 کا صوبائی وزٹ، 6 نکاتی ایجنڈے پر خصوصی لیکچر۔ روحانی طلبہ جماعت ڈسٹرکٹ ٹھٹھہ زون 1 کا صوبائی وزٹ منعقد ہوا، جس میں صوبائی و ضلعی عہدیداران سمیت معزز شخصیات نے شرکت کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک، نعتِ رسولِ مقبول ﷺ اور منقبتِ شریف سے کیا گیا، جس کے بعد روحانی طلبہ جماعت ڈسٹرکٹ ٹھٹھہ زون 1 کی تنظیمی و کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی۔ اس موقع پر روحانی طلبہ جماعت سندھ زون 2 کے صدر پیرزادہ جنید طاہری نے 6 نکاتی ایجنڈے کی اہمیت و افادیت پر خصوصی لیکچر دیتے ہوئے نوجوانوں کو دینی و تنظیمی خدمات کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ 6 نکاتی ایجنڈے پر عمل پیرا ہو کر دنیا میں کامیابی اور سرخروئی حاصل کی جا سکتی ہے، جبکہ ذکرِ قلبی اور مرشدِ کریم کی تعلیمات پر عمل سے آخرت میں بھی کامیابی حاصل ہوگی۔ پروگرام کے دوران مختلف برانچوں کے کارکنان سے تنظیمی امور کے حوالے سے گفتگو کی گئی اور ان کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ آر ٹی جے ڈسٹرکٹ ٹھٹھہ کے پریس سیکریٹری ساجد علی نے صحافیوں کو بتایا کہ صوبائی وزٹ کا مقصد تنظیمی معاملات کا جائزہ لینا،

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد ایک لاکھ 64 ہزار 500 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 64 ہزار 500 کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 30 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 30 ہزار 800 کیوسک، خیرآباد پل آمد 2 لاکھ 8 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 8 ہزار 200 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 20 ہزار رہا

سردارزادہ عرفان صالح بھوتانی نے مختلف سیاسی وسماجی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر تعزیتیں کیں

لوہی گوٹھ حاجی جمعہ جمالی میں حاجی غلام رسول جمالی کی بھتیجی لعل محمد کی بیٹی کی وفات پر تعزیت وفاتحہ کی

حب (نمائندہ بولان) سردارزادہ عرفان صالح بھوتانی نے لوہی میں مختلف سیاسی وسماجی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر تعزیتیں کیں اور مرحومین کے ایصال ثواب کے لیئے دعائے مغفرت کی سردار زادہ محمد عرفان بھوتانی نے لوہی گوٹھ حاجی پنھل جمالی میں حاجی پنھل جمالی کے کزن کی وفات پر تعزیت وفاتحہ کی، لوہی گوٹھ حاجی جمعہ جمالی میں حاجی غلام رسول جمالی کی بھتیجی لعل محمد کی بیٹی کی وفات پر تعزیت وفاتحہ کی، لوہی گوٹھ تھنگان جمالی میں تھنگان جمالی کے بھائی کی وفات پر تعزیت وفاتحہ کی، گوٹھ جمن جمالی میں ماسٹر علی گل کے بھائی علی حسن جمالی کی وفات پر تعزیت وفاتحہ کی، لوہی گوٹھ اللہ ڈنہ جمالی میں مرحوم حاجی اسحاق جمالی کے کزن عطاء اللہ جمالی کی وفات پر تعزیت وفاتحہ کی، اس موقع پر زبیر حمید بھوتانی وڈیرہ جہانگیر فیض محمد خدرانی وائس چیئرمین لک رویئل حاجی دھنی بخش شہول امتیاز باریجہ ڈاکٹر حبیب اللہ باریجہ علی محمد باریجہ ماسٹر حاجی اللہ رکھیہ چھٹہ اسحاق چھٹہ ٹکری غلام حسین چھٹہ ٹکری اللہ دین چھٹہ ماسٹر رحیم داد چھٹہ ماسٹر شریف چھٹہ قاسم کونسلر عیسیٰ جمالی چھٹہ منشی احسان چھٹہ نثار چھٹہ مجید چھٹہ امیر چھٹہ ٹکری جمعہ خان شہار چھٹہ حسین چھٹہ خیر محمد چھٹہ شاہ بیک چھٹہ میٹھا خان جمالی کونسلر محمد عظیم جمالی ماسٹر امین جمالی زمان جمالی بجل جمالی حمید جمالی و دیگر علاقائی معززین بھی ہمراہ تھے

کراچی: زون ایک بلوز کے عبداللہ احمد نے زون سات وائٹس کے خلاف ناقابل شکست 122 رنز بنائے جبکہ زون ایک بلوز کے اتت حسین نے زون زون سات وائٹس کے خلاف ناقابل شکست 92 رنز اسکور کیے۔

پولیس کی کاروائی، 45 کلو بھنگ برآمد

قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی جاری رکھی جائے گی، ثناء اللہ

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) ایس ایچ او تھانہ پٹنی ثناء اللہ کھوکھر کی قیادت میں پٹنی پولیس نے تھانہ پٹنی کی حدود میں دوران اسنیپ چیکنگ مشکوک گاڑیوں کی تلاشی کا سلسلہ جاری رکھا ہوا تھا کہ پولیس نے ایک کیری بولان وین کو روک کر تلاشی لی پولیس کے مطابق گاڑی کی تلاشی کے دوران مختلف بوریوں میں چھپائی گئی 45 کلوگرام بھنگ برآمد ہوئی جس پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بھنگ کی کھیپ سمیت ملزم محمد حنیف شیخ کو گرفتار کر لیا جبکہ منشیات سے بھری گاڑی بھی تحویل میں لے لی گئی پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 111/2026 زیر دفعہ 9(3)D CNS، تھانہ پٹنی درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ ملزم سے مزید تفتیش بھی جاری ہے تاکہ منشیات کی سپلائی اور اس کے ممکنہ نیٹ ورک سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جا سکیں ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP، QPM نے پٹنی پولیس کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے پولیس ٹیم کو شاباش دی اور منشیات سمیت سماجی برائیوں میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں پولیس حکام کے مطابق سکھر ضلع میں منشیات کے خاتمے اور معاشرے کو منشیات فروش عناصر سے پاک کرنے کے لیے سرچ، اسنیپ چیکنگ اور ٹارگٹڈ کارروائیوں کا سلسلہ مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے جبکہ قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی جاری رکھی جائے گی

بشیر مینگل کی ہمشیرہ کی انتقال پر تیسرے روز بھی تعزیت کرنے والوں کا تانتا بدھا رہا

لالہ سعید مینگل سمیع اللہ مینگل سے انکے کزن کی انتقال پر تعزیت فاتحہ کی اور مرحومہ کی مغفرت کیلئے دعا کی گئی

حب (نمائندہ بولان) بی این پی کے ضلعی جنرل سیکریٹری بشیر مینگل کی ہمشیرہ کی انتقال پر تیسرے روز بھی مینگل ہاؤس حب مین تعزیت کرنے والوں کا تانتا بدھا رہا نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما وڈیرہ رجب علی رند ضلع حب کے وائس چیرمین کمال حسنی، الٰہی بخش ملازئی، فشریز کوآپریٹو سوسائٹی کے چیرمین پی پی ضلع حب کے جنرل سیکریٹری میر علی اکبر زہری، معروف بلڈرز عبدالغنی چنال، حب بار ایسوسی ایشن کے صدر حمل خان مری ایڈوکیٹ جنرل سیکریٹری آصف بلوچ ایڈوکیٹ معروف وکیل الٰہی بخش مینگل، چیرمین واحد رحیم ایڈوکیٹ، کونسلر اکبر ملازئی، حافظ رسول بخش، علی مری ایڈوکیٹ، میر اکرم اوارانی بلوچ، شئے اکرم ساجدی طاہر شاہ ایڈوکیٹ سابق ڈی ایچ او ڈاکٹر نور بخش بزنجو صحافی عاشق مگسی دیدار علی دیدار راو اختر نواز بلوچ نظام بگٹی رئیس حسین لالہ جمال زہری، غفار شاہوانی لطیف مگسی صلال رند عبدالقادر شیخ مینگل چاچا عبداللہ مینگل عبدالسلام مینگل پروفیسر انعام اللہ مینگل اقبال میروانی شئے قیوم بلوچ یاصف بلوچ سمیع بلوچ سوئی گیس کمپنی کے منیجر شعیب رونجہ اٹک کے آفیسر رحمت اللہ مینگل قاسم مری، نیاز منگیانی میر اسلم بزنجو اللہ بخش بزنجو مولوی اسلم زہری اعجاز بلوچ جاوید ساجدی منصور رونجہ ایگری کلچر شعیب مینگل جلال مینگل مولانا منصور مینگل نیشنل پاٹی کے صوبائی ورکنگ کمیٹی کے رکن اسد غنی رند تحصیل صدر عابد ملازئی ظفر اللہ ڈوکی ماسٹر مجید سابقہ ڈی ڈی او گہرام خان مگسی سلمان ریکی حسین بخش کورکاڑی، گل مینگل، سراج ابابکی یعقوب مینگل کبیر کمبوہ، سینئر صحافی ابراہیم مشتاق کمبوہ حاجی عبداللہ ایوب نور آصف بلوچ ماسٹر عبدالرحمان زہری ثناء اللہ زہری اورنگزیب بلوچ سمیت دیگر نے بڑھی تعداد میں مینگل ہاؤس جا کر بشیر مینگل امین مینگل عبدالقدیر مینگل سے انکی ہمشیرہ اور لالہ سعید مینگل سمیع اللہ مینگل سے انکے کزن کی انتقال پر تعزیت فاتحہ کی اور مرحومہ کی مغفرت کیلئے دعا کی گئی۔

سندھ ایک تھا، ایک ہے اور ہمیشہ ایک ہی رہے گا، محمد عرس میر بحر

سندھ ہماری ماں ہے، جسے کسی بھی صورت تقسیم نہیں ہونے دیں گے

ٹھٹھ (رپور واحد شورو) پ پ پ تعلق میرپور ساکرو کے نائب صدر محمد عرس میر بحر نے اپنے جاری کردہ پریس بیان میں کہا ہے کہ سندھ ایک تھا، ایک ہے اور ہمیشہ ایک ہی رہے گا، کسی کو بھی سندھ صوبے کو تقسیم کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ سندھ ہی نے پاکستان بنانے میں بنیادی کردار ادا کیا، سندھ ہماری ماں ہے، جسے کسی بھی صورت تقسیم نہیں ہونے دیں گے اور اس کے لیے جو بھی قربانی دینا پڑی، اس سے دریغ نہیں کریں گے۔ پیپلز پارٹی رہنما محمد عرس میر بحر نے کہا کہ سندھ میں نیا صوبہ کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ سندھ صرف ایک صوبہ نہیں بلکہ سندھی قوم کا تاریخی وطن ہے، جس کی بقا، وحدت اور تاریخی حیثیت کا تحفظ سندھی قوم کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی وحدت اور نقشے کو کسی بھی صورت تبدیل یا ختم نہیں ہونے دیا جائے گا۔ اگر کسی بھی فریق نے سندھ کی طرف بری نظر سے دیکھا تو سندھی قوم بھرپور مزاحمت کرے گی۔ سندھ کے خلاف سازشیں کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دے کر اپنی سندھ دھرتی کو کسی بھی صورت تقسیم نہیں ہونے دیں گے۔

سوراب۔ اسپورٹس آفیسر علی نواز رند شہید ہدایت اللہ بلدیہ لائبریری کے لیے ڈی سی سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ خان کو کتابوں کی عطیہ دے رہے ہیں اس موقع پر 61 ونگ کے میجر بدر بھی موجود ہیں

پچ می ٹرافی انڈر 15-انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ

زون ایک بلوز نے زون سات وائٹس کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام میڈی گیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے جاری آر سی اے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے پچ می ٹرافی انڈر 15-انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ میں زون ایک بلوز نے عبداللہ احمد 122 اور اتت حسین 92 ناقابل شکست کی بدولت زون سات وائٹس کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی دونوں کھلاڑیوں نے تیسری وکٹ کی شراکت میں ناقابل شکست 211 رنز کا اضافہ کیا۔ ٹی ایم سی گراؤنڈ پر کھیلے گئے میچ میں زون سات نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 40 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 235 رنز بنائے۔ امان اللہ نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 9 چوکوں 2 چھکوں کی مدد سے 85 ناٹ آوٹ، طلحہ خان نے 32، اجلال طارق نے 31 اور علی حسن نے 29 رنز بنائے۔ رائٹ آرم لیگ اسپنر محمد حمزہ نے جارحانہ بالنگ کرتے ہوئے 49 رنز دیکر 4 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ جواب میں زون ایک بلوز نے 37.1 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ 236 رنز بنا لئے۔ عبداللہ احمد شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 15 چوکوں کی مدد سے 122 اور اتت حسین نے 8 چوکوں کی مدد سے 92 رنز بنائے اور دونوں ناقابل شکست رہے۔ پروگرام بروز بدھ 9 ستمبر: زون چھ وائٹس بمقابلہ زون چار بلوز) کے سی سی اے اسٹیڈیم (، زون ایک بلوز بمقابلہ زون چار گرین) ٹی ایم سی گراؤنڈ (، زون دو بلوز بمقابلہ زون سات بلوز) کے پی آئی گراؤنڈ (۔

گنداخہ: شہر میں پانی کی سپلائی بحال، شہریوں میں خوشی کی لہر، تالابوں کو بھی بھرنے کا سلسلہ جاری

پانچ ماہ کے بعد گنداخہ شہر کو پانی کی فراہمی شروع کردی گئی ہے

گنداخہ (نورحسن جمالی) گنداخہ شہر میں گزشتہ دنوں پانی کی قلت کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات کے بعد الحمدللہ شہر میں پانی کی سپلائی بحال کر دی گئی ہے، جس کے بعد شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ پانی کی فراہمی شروع ہونے سے شہریوں کو درپیش پینے کے پانی کی مشکلات میں کمی آنے کی امید پیدا ہو گئی ہے۔ گنداخہ شہر میں پانی کی سپلائی بحال کرنے کے لیے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال، میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور ایکسیئن پبلک ہیلتھ شکراللہ کی خصوصی کوششیں قابلِ تحسین ہیں، جن کی کاوشوں کے نتیجے میں شہر میں پانی کی فراہمی کا سلسلہ دوبارہ شروع ہوا۔ دوسری جانب گنداخہ شہر کے پانی کے تالابوں کو بھی بھرنے کا سلسلہ جاری ہے، تاکہ وافر مقدار میں پانی ذخیرہ کیا جا سکے اور آئندہ دنوں میں شہریوں کو پانی کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے پانی کی دستیابی اور ذخیرہ کرنے کے عمل پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس موقع پر انچارج واٹر سپلائی اسکیم گنداخہ وقار احمد جمالی کی نگرانی میں شہریوں کو مقررہ ٹائم ٹیبل کے مطابق پانی کی فراہمی جاری ہے،

سکھر پولیس نے گمشدہ بچے کو تلاش کر کے ورثا سے ملا دیا

پولیس پارٹی کی بروقت کاروائی پر ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری کا پولیس پارٹی کیلئے شاباش کا پیغام دیا ہے

سکھر (نمائندہ بولان) سکھر پولیس نے گمشدہ بچے کو تلاش کر کے ورثا سے ملا دیا، خبر کے مطابق تھانہ نیو پنڈ کی حدود اسلام کالونی سے لاپتہ ہونے والہ 2 سالہ شاہویز کورائی کو باحفاظت برآمد کر کے والد کے حوالے کر دیا گیا ترجمان پولیس کے مطابق بچے کے والد عبدالرشید کورائی نے تھانہ نیو پنڈ پہنچ کر اپنے 2 سالہ بیٹے کی گمشدہ ہونے کی رپورٹ درج کروائی تھی جس پر ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP، QPM نے نوٹس لیتے ہوئے بچے کی تلاش اور بروقت برآمدگی کے احکامات جاری کیے احکامات کی روشنی میں پولیس نے شہر کے مختلف علاقوں میں گمشدہ بچے کی تلاش اور برآمدگی کا سلسلہ شروع کر دیا جس پر ایس ایچ او تھانہ نیو پنڈ نے موثر حکمت عملی کے بدولت بروقت کاروائی کرتے ہوئے گمشدہ بچہ شاہویز کورائی کو باحفاظت برآمد کر لیا گیا۔

مریم نواز کا عوام کو دہشتگرد قرار دینا ملکی تقسیم کی سازش ہے، سہیل آفریدی

عوام کو غربت، جہالت اور بھوک میں دھکیلنے والی پالیسیاں کسی صورت قابل قبول نہیں

عوام حکمرانوں کے ساتھ انہیں اقتدار میں لانے والوں کو بھی مسترد کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

میرپورخاص (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز کی جانب سے سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام کو دہشت گرد قرار دینا پاکستان کو تقسیم کرنے کی سازش ہے، ایسے بیانات قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہیں۔ میرپورخاص میں اسٹریٹ موومنٹ کے سلسلے میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا، سندھ اور بلوچستان سمیت ملک کے تمام عوام پاکستانی ہیں، انہیں کسی بھی صورت تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ عوام موجودہ حکمرانوں سے ہی نہیں بلکہ انہیں اقتدار میں لانے والوں سے بھی نفرت کرنے لگے ہیں۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ پنجاب کی وزیراعلیٰ بھارت کو دوست قرار دیتی ہیں اور انہیں بھارت سے کوئی مسئلہ نہیں، تاہم پاکستان کے سرحدی صوبوں سے متعلق ایسے بیانات دیے جا رہے ہیں۔ ان کے بقول حکمرانوں کے یہ طرزِ عمل ملک کو تقسیم کرنے کی کوشش ہے، اگر پاکستان کو تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی تو وہ اس کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہوں گے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ عوام کو غربت، جہالت اور بھوک میں دھکیلنے والی پالیسیاں کسی صورت قابل قبول نہیں، حکمرانوں کے مفادات عوام کے مفادات سے متصادم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خطیر بجٹ کے باوجود اگر عوام کو ترقی، اسکول، کالج اور اسپتال میسر نہ ہوں تو یہ صورتحال قابل تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ عوام کے مستقبل کے لیے انتہائی اہم ہے اور آج کے اجتماعات اسی مقصد کے لیے منعقد کیے جا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں سیاسی رہنما جیل جانے کے بعد ڈیلیں کرتے رہے، تاہم ان کے بقول بانی پی ٹی آئی عمران خان دباؤ کے باوجود اپنی قوم کے لیے ڈٹے ہوئے ہیں۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے دعویٰ کیا کہ عمران خان کو طویل عرصے تک تنہائی میں رکھا گیا، ان کی اہلیہ اور رشتہ داروں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، تاہم وہ اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹے۔ انہوں نے عدالتی معاملات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پارٹی قیادت کو انصاف کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا ہے۔ سہیل آفریدی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عمران خان کی رہائی کے لیے باہر نکلیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر عوام خاموش رہے تو موجودہ حکمران اقتدار میں رہیں گے، اب عوام کو اپنے مستقبل اور قیادت کا فیصلہ خود کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دو خاندانوں کی سیاست کو عمران خان نے چیلنج کیا، عوام مزید کسی کی غلامی قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حقیقی آزادی کے لیے عوام کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اور جو پالیسیاں عوام کے مفاد میں نہیں، ان کے خلاف آواز بلند کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ دو خاندانوں کی سیاست کو عمران خان نے توڑا ہے۔ کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ چور ڈاکو جیل میں ڈیل کرتے تھے، پہلی بار انہیں ٹکر کا لیڈر ملا، وہ سمجھتے تھے پی ٹی آئی کا لیڈر جیل میں ٹوٹ جائے گا۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ جعلی حکومت سپریم کورٹ کا حکم ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتی ہے، ججز کے فیصلے کو نہ ماننا عدلیہ کی تذلیل ہے، 27 ویں ترمیم کے بعد عدلیہ مفلوج ہو گئی۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ پارٹی رہنماؤں کو انصاف نہیں دیا جا رہا، بانی پی ٹی آئی کو جیل سے باہر نکالنا ہے،

کراچی کے مختلف علاقوں میں فائرنگ، 3 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں 3 افراد زخمی ہو گئے، جنہیں طبی امداد کے لیے مختلف اسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے گیارہ، گرلز کالج کے قریب فائرنگ کے نتیجے میں 22 سالہ یاسر زخمی ہو گیا، جسے طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ اقبال مارکیٹ پولیس کا کہنا ہے کہ فائرنگ کا واقعہ جھگڑے کے دوران پیش آیا۔ دوسری جانب ابراہیم حیدری کے علاقے عمر کالونی میں فائرنگ سے ایک نوجوان شدید زخمی ہو گیا۔

ایوانِ صحافت ٹھٹھہ کے وفد کی ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو سے ان کے دفتر میں ملاقات ہوئی

ضلع میں امن وامان کی صورتحال، منشیات، چوری اور دیگر جرائم کی روک تھام سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ایوانِ صحافت ٹھٹھہ کے وفد کی ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو سے ان کے دفتر میں ملاقات ہوئی، جس میں ضلع میں امن وامان کی صورتحال، منشیات، چوری اور دیگر جرائم کی روک تھام سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو نے کہا کہ ضلع سے منشیات، چوری، دیگر سماجی برائیوں اور جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس کی جانب سے بھرپور کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے صحافیوں اور شہریوں پر زور دیا کہ کسی بھی مشکوک یا جرائم پیشہ سرگرمی کے بارے میں پولیس کو بروقت آگاہ کریں، تاکہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جا سکے۔ ایس ایس پی عدیل حسین چانڈیو نے مزید کہا کہ امن وامان برقرار رکھنا اور جرائم کی روک تھام پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے، جبکہ صحافیوں اور شہریوں کے تعاون سے ضلع میں جرائم پر مزید مؤثر انداز میں قابو پایا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر ایوانِ صحافت ٹھٹھہ کے رہنماؤں نے ضلع میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے، منشیات اور دیگر جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔

سوراب، ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان فشر فوک فورم ضلع بدین کی گورننگ باڈی کا اجلاس

مرکزی چیئرمین سید مہران علی شاہ کی قیادت پر اعتماد کا اظہار، تنظیم سازی اور ماہی گیروں کے مسائل پر غور۔

بدین (نامہ نگار) پاکستان فشر فوک فورم ضلع بدین کی گورننگ باڈی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تنظیم کو مزید مضبوط اور فعال بنانے، ضلعی سطح پر تنظیم سازی، مختلف یونٹس کو منظم کرنے اور ماہی گیر برادری کے مسائل کے حل کے لیے آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں مرکزی چیئرمین سید مہران علی شاہ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ تنظیم کی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے کے لیے ہر ماہ یونٹ اور ضلعی سطح پر باقاعدگی سے اجلاس منعقد کیے جائیں گے، جبکہ ماہی گیر برادری سے رابطے مزید مضبوط کر کے ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اجاگر کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران ماہی گیروں کے فشنگ لائسنس کے اجرا اور تجدید کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ لائسنس کے حوالے سے درپیش مشکلات کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کرنے پر بھی زور دیا گیا۔ شرکا نے ماہی گیروں کو درپیش بنیادی مسائل، روزگار کے مواقع، پانی کی دستیابی اور دیگر مشکلات پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ ماہی گیر برادری ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہے، تاہم انہیں بنیادی سہولیات اور اپنے جائز حقوق کے حصول کے لیے مختلف مشکلات کا سامنا ہے۔

عباسی شہید اسپتال کے ہاؤس آفیسرز اور ایف سی پی ایس ڈاکٹرز کی تنخواہوں میں اضافے کا امکان

کراچی (این این آئی) بلدیہ عظمیٰ کراچی کے زیر انتظام عباسی شہید اسپتال میں خدمات انجام دینے والے ہاؤس آفیسرز اور ایف سی پی ایس ڈاکٹرز کی تنخواہوں میں اضافے کا امکان ہے، جبکہ طویل عرصے سے تنخواہوں کی بروقت ادائیگی سے متعلق مسائل کے حل کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ چیئرمین میڈیکل اینڈ ہیلتھ کمیٹی کے ایم سی بشیر خاصخیلی نے کہا ہے کہ ہاؤس جاب اور ایف سی پی ایس ڈاکٹرز کی تنخواہوں میں اضافے کے معاملے پر میئر کراچی مرتضیٰ وہاب سے بات چیت جاری ہے

حب، ڈاکٹر مرشد دشتی مانیٹرنگ آفیسر کے ہمراہ بی ایچ یو لوہی کا دورہ کر رہے ہیں

سندھ کے معروف فنکار استاد حمید علی سیوانی مالی مشکلات کا شکار، علاج اور رہائش کے لیے دربدر

زندگی کے 50 قیمتی سال سندھ کی ثقافت کی خدمت میں گزارے، آج سر چھپانے کو چھت اور ادویات کے لیے بھی پیسے نہیں، سکھر پریس کلب میں آبدیدہ اپیل

سکھر (نمائندہ بولان) سکھر سوسائٹی کے رہائشی سیوانی برادری سے تعلق رکھنے والے سندھ کے معروف فنکار اور فنِ ثقافت کے استاد حمید علی سیوانی نے اپنے شاگرد سہیل احمد کے ہمراہ سکھر پریس کلب پہنچ کر سندھ حکومت، محکمہ ثقافت، مخیّر حضرات، منتخب نمائندوں اور صاحب استطاعت فنکار برادری سے مالی تعاون اور علاج معالجے میں مدد کی دردمندانہ اپیل کی ہے۔ سکھر پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے استاد حمید علی سیوانی نے انتہائی جذباتی انداز میں بتایا کہ انہوں نے اپنی زندگی کے قیمتی 50 سال سندھ کی ثقافت، فن اور موسیقی کی خدمت میں گزارے اور اپنی تمام صلاحیتیں سندھ کے فن وثقافت کے فروغ کے لیے وقف کیں، تاہم آج زندگی کے اس حصے میں وہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں اور انہیں دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ دل کے عارضے میں مبتلا ہیں اور علاج کے لیے انہیں فوری طبی امداد اور بہتر اسپتال کی ضرورت ہے، مگر مالی حالات اس قدر خراب ہو چکے ہیں کہ ان کے پاس ادویات خریدنے تک کے پیسے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے پاس مستقل رہائش بھی نہیں، جس کے باعث وہ کبھی اپنے شاگردوں کے گھروں میں قیام کر کے رات گزارتے ہیں تو کبھی کسی سے ادھار لے کر روزمرہ زندگی کی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ استاد حمید علی سیوانی نے بتایا کہ انہوں نے سندھ کے محکمہ ثقافت کے وزیر سید سردار ذوالفقار علی شاہ کو اپنی مالی مشکلات اور علاج کے حوالے سے متعدد بار درخواستیں بھی دیں، تاہم ان کی جانب سے اب تک کوئی رابطہ نہیں کیا گیا اور نہ ہی انہیں کسی قسم کی عملی مالی معاونت فراہم کی گئی ہے۔ معروف فنکار نے کہا کہ فنکار اپنی پوری زندگی معاشرے اور ثقافت کی خدمت میں گزار دیتا ہے، لیکن جب وہ خود مشکلات کا شکار ہوتا ہے تو اسے تنہا نہیں چھوڑا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آج ان کے حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ انہیں اپنے علاج، ادویات اور رہائش کے لیے دوسروں کے سامنے مدد کی اپیل کرنا پڑ رہی ہے، جو ان کے لیے انتہائی تکلیف دہ صورتحال ہے۔ استاد حمید علی سیوانی نے سندھ حکومت اور محکمہ ثقافت کے وزیر سید سردار ذوالفقار علی شاہ سے خصوصی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ان کی حالتِ زار کا فوری نوٹس لیتے ہوئے انہیں مستقل رہائش کے لیے گھر فراہم کیا جائے، علاج معالجے کے اخراجات برداشت کیے جائیں اور ماہانہ مالی معاونت کا بھی انتظام کیا جائے تاکہ وہ اپنی باقی زندگی عزت وسکون کے ساتھ گزار سکیں۔ انہوں نے سندھ کے فنکاروں، مخیّر حضرات اور صاحبِ استطاعت افراد سے بھی اپیل کی کہ وہ ان کے مشکل وقت میں آگے بڑھ کر ان کا ساتھ دیں اور ان کے علاج، ادویات اور رہائش کے لیے اپنی استطاعت کے مطابق مالی تعاون کریں۔

زاپوریژیا جوہری پلانٹ کی مرمت کے لیے مقامی طور پر جنگ بندی نافذ ہے، آئی اے ای اے

ویانا (این این آئی) بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) نے کہا ہے کہ ایجنسی کی ثالثی میں مقامی جنگ بندی نافذ ہو گئی ہے تاکہ زاپوریژیا جوہری پاور پلانٹ کو بیرونی بجلی کی بحالی کے لیے اس کی مرمت ممکن ہو۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روس کے زیرِ قبضہ یوکرین میں واقع جوہری پاور پلانٹ 20 اگست سے بیرونی بجلی کے بغیر ہے اور اپنے اہم حفاظتی نظام کو ٹھنڈا کرنے کے لیے اس کا انحصار ہنگامی ڈیزل جنریٹرز پر ہے۔ پلانٹ میں ڈیزل ایندھن کے ذخائر کم ہو رہے ہیں

رحیم یار خان میں ٹریکٹر ٹرالی اور ٹریلر میں تصادم، 7 افراد جاں بحق

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان میں ٹریکٹر ٹرالی اور ٹریلر میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں 7 افراد جاں بحق اور 60 سے زائد افراد زخمی ہوئے۔ پولیس نے بتایا کہ حادثہ ظاہر پیر کے قریب پیش آیا، پولیس نے ٹریلر ڈرائیور کی غفلت اور لاپرواہی کو حادثے کی وجہ قرار دیا۔

حب۔ کے الیکٹرک کے ایریا انچارج رضا حسین میمن کی ہدایت اور ریکوری انچارج منیجر علی اکبر قریشی کی نگرانی میں کنڈا اتارو میٹر لگاؤ مہم کے تحت کے الیکٹرک حب کی ٹیم کنڈوں کے خلاف کاروائی کر رہی ہے

نعروں سے نہیں، عملی کردار سے سندھ سے وفاداری ثابت ہوتی ہے ام رباب چانڈیو

سندھ کی تاریخ، ثقافت اور مزاحمتی شعور میں شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری روشن فکر اور رہنمائی کا ذریعہ ہے

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) نعروں سے نہیں، عملی کردار سے سندھ سے وفاداری ثابت ہوتی ہے ام رباب چانڈیو تفصیلات کے مطابق سندھ کی نیای اور سماجی رہنما ام رباب نے کہا ہے کہ جو لوگ ایک طرف مر ویسون، مر ویسون، سندھ نہ دیسون کے نعرے لگاتے ہیں، لیکن دوسری جانب سندھ کے وسائل، وحدت اور سرحدوں کی سودے بازی میں ملوث نظر آتے ہیں ان کے نعرے، تقریریں اور سندھ دوستی کے دعوے عوام سے سیاسی حمایت حاصل کرنے کے سوا کوئی حیثیت نہیں رکھتے سوشل میڈیا پر جاری اپنے پیغام میں ام رباب نے کہا کہ سندھ کی تاریخ، ثقافت اور مزاحمتی شعور میں شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری روشن فکر اور رہنمائی کا ذریعہ ہے انہوں نے شاہ لطیف کے سر مارئی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مارئی عمر کی قید میں ہونے کے باوجود اپنے ماروئڑوں سے وفادار رہی اور اپنے اصولوں سے کبھی دستبردار نہیں ہوئی اس نے اپنے ویڑہچن سے کیے گئے وعدے کو نبھایا ام رباب نے کہا کہ ہر انسان کے کردار کی اصل پرکھ اس وقت ہوتی ہے جب اسے اپنے مقف پر ثابت قدم رہنے کا موقع ملتا ہے اگر کسی بات کا انکار کیا جائے تو وہ انکار اٹل اور اصولی ہونا چاہیے

گرین ٹاؤن میں 9 سالہ بچے سے مبینہ اجتماعی زیادتی، ملزمان گرفتار نہ ہوسکے

لاہور (این این آئی) گرین ٹاؤن میں 9 سالہ بچے کے ساتھ مبینہ اجتماعی زیادتی کا واقعہ سامنے آیا ہے، مقدمہ درج ہونے کے باوجود ملزمان گرفتار نہ ہو سکے۔ ایف آئی آر کے مطابق 9 سالہ بچہ گھر سے چیز لینے کیلئے نکلا تاہم کافی دیر گزرنے کے باوجود واپس نہ آیا۔ ایف آئی آر کے مطابق اہل خانہ نے بچے کی تلاش شروع کی تو وہ مبینہ طور پر ملزمان کے گھر سے بیڈ کے نیچے ملا۔ ایف آئی آر میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ فیضان، ثقلین اور اذان نے اپنے مزید 2 ساتھیوں کے ہمراہ بچے کو مبینہ زیادتی کا نشانہ بنایا۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان
حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
منگل 8 ستمبر 2026، بمطابق 25 ربیع الاول 1448ھ

وزیراعلیٰ سندھ نے کراچی کیلئے 50 ملین گیلن یومیہ اضافی پانی مانگ لیا

چیئرمین واپڈا سے ملاقات میں کے 4 منصوبے کی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال، آر بی او ڈی کے معاملات حل کرنے کیلئے ماہرین کی کمیٹی بنانے پر بھی اتفاق

واپڈا آر بی او ڈی پر خرچ کیے گئے پیسے حکومت سندھ کو واپس کرے، کے 4 منصوبے پر 53 فیصد کام مکمل، وزیراعلیٰ سندھ نے حصے کے ساڑھے 8 ارب جاری کرنے کی ہدایت کردی

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کراچی کیلئے حب ڈیم سے 50 ملین گیلن یومیہ اضافی پانی مانگ لیا۔ چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) (سجاد غنی) سے وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کے دوران کے فور منصوبے اور آر بی او ڈی سمیت کئی اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وزیر بلدیات سعید غنی، وزیر آبپاشی جام خان شورو، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری آغا واصف، سیکریٹری آبپاشی ظریف کھیڑو اور کے فور منصوبے کے پروجیکٹ ڈائریکٹر عامر مغل نے شرکت کی۔ ملاقات کے ابتدا میں مراد علی شاہ نے کہا کہ حکومت سندھ کراچی کو پانی کی سپلائی بڑھانے کیلئے متوازی کینال بنا رہی ہے۔ انہوں نے کراچی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے یومیہ 0 5 ملین گیلن اضافی پانی مختص کرنے پر زور دیا۔ چیئرمین واپڈا نے وزیراعلیٰ کو تجویز دی کہ وہ واٹر بورڈ سے کہیں کہ اس سلسلے میں تحریری درخواست جمع کرائے جس پر میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ تحریری درخواست پہلے ہی جمع کرائی جا چکی ہے۔ چیئرمین واپڈا نے وزیراعلیٰ سندھ کو بتایا کہ حب کینال کی مرمت کے سلسلے میں واٹر بورڈ پر واپڈا کے 1 ارب روپے واجب الادا ہیں، وزیراعلیٰ نے جواب دیا کہ ان کی حکومت واپڈا کے واجبات کا معاملہ حل کرے گی۔ انہوں نے وزیر بلدیات سعید غنی کو سمری پیش کرنے کی ہدایت کی۔ کراچی کو یومیہ 260 ملین گیلن پانی کی فراہمی کے میگا منصوبے کے) 4 فیز (1 کے کینجھر جھیل سے کراچی میں تین اختتامی پوائنٹس ہیں جن میں پپری، نیک اور منگھوپیر شامل ہیں۔ پروجیکٹ واپڈا بنا رہی ہے اور تکمیل کی تاریخ جون 2026 ہے۔ واپڈا کی جانب سے جو تعمیرات کی جا رہی ہیں ان میں کینجھر جھیل پر 650 ملین گیلن یومیہ کا انٹیک اسٹرکچر، کینجھر پمپنگ کمپلیکس کو جانے والے 650 ملین گیلن یومیہ گریویٹی چینل، کمپلیکس میں 130 ایم جی ڈی کی 2 پمپنگ اسٹیشنز ہوں گی۔ اس کے علاوہ 260 ایم جی ڈی کی پائپ لائن اور فلٹریشن پلانٹ کے ساتھ 3 آبی ذخائر کی تعمیر بھی منصوبے کا حصہ ہے۔ دوسری جانب حکومت سندھ تقسیم اور توسیع کے نظام پر کام کر رہی ہے۔ 0 5 میگاواٹ پاور سپلائی کے انتظامات بھی کیے جا رہے ہیں اور راستے میں منصوبے کے لیے درکار زمینیں حاصل کی جا رہی ہیں۔ چیئرمین واپڈا نے کے 4 منصوبے پر پیش رفت کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ منصوبہ قومی اور بین الاقوامی کنٹریکٹرز کے ذریعے 8 مختلف ٹھیکوں کی صورت میں مکمل کیا جا رہا ہے۔ انٹیک اسٹرکچر، پمپنگ اسٹیشنز، واٹر سپلائی کے نظام، پانی کے ذخائر اور فلٹریشن پلانٹس سمیت تمام منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ مجموعی طور پر منصوبے پر 53 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ بات چیت میں حکومت سندھ کے حصے کے ساڑھے 8 ارب روپے کا اجرا بھی زیر بحث آیا جس پر وزیراعلیٰ سندھ نے وزیر بلدیات سعید غنی کو ہدایت کی کہ وہ سندھ حکومت کے حصے کے پیسے جاری کرنے کیلئے سمری تیار کریں۔ راستے کی 5 کلومیٹر زمین اور عدالتی مقدمات کے سلسلے میں وزیراعلیٰ سندھ نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کو ہدایت کی کہ اسٹے آرڈرز ختم کرائیں تاکہ منصوبے پر کام کو آگے بڑھایا جا سکے۔ اس کے علاوہ آر ڈی 78 پر ایک اور زمین کے تنازعے پر وزیراعلیٰ نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کو ہدایت کی کہ معاوضے کی ادائیگی کا معاملہ حل کیا

مقبوضہ کشمیر: بھارتی فوجیوں کی تلاشی کی کارروائیاں، بیسیوں افراد گرفتار

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کا سلسلہ شروع کر کے بیسیوں کشمیریوں کو گرفتار کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوج کی راشٹریہ رائفلز، سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور سپیشل آپریشن گروپ کے اہلکاروں نے راجوری اور ادھمپور اضلاع کے علاقوں تھنہ منڈی، درہل، کالاکوٹ، منجاکوٹ، بسنت گڑھ، رائے چک، کدواہ، پونارا، لودھرا اور سانگ میں تلاشی اور محاصرے کی کارروائیاں شروع کی ہیں۔ چھاپوں کے دوران گھروں میں لوٹ مار کی گئی

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفد ملاقات کر رہا ہے

روشن مستقبل کیلئے بلوچستان کی تعمیر وترقی بہت اہم ہے، جعفر مندوخیل

بلوچستان اپنے قدرتی وسائل و معدنیات اور جغرافیائی محل وقوع کے اعتبار سے منفرد حیثیت کا حامل صوبہ ہے

قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کار بلوچستان میں تعمیر وترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کیلئے ہمارے ساتھ شراکت داری کریں

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان اپنے قدرتی وسائل و معدنیات اور جغرافیائی محل وقوع کے اعتبار سے منفرد حیثیت کا حامل صوبہ ہے۔ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے منافع بخش مواقعوں سے استفادہ کے پیش نظر دونوں قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کار بلوچستان میں تعمیر وترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کیلئے ہمارے ساتھ شراکت داری کریں . موجودہ حکومت نے محفوظ سرمایہ کاری کو یقینی بناتے کی خاطر امن وامان میں مزید بہتری لائی ہے اور تمام سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے . ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاوس کوئٹہ میں پریذیڈنٹ بلوچستان اکانومک فورم سردار شوکت پوپلزئی کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا . ملاقات کے دوران سلک وے ایمپکس کے سربراہ راجہ تیمور الرحمٰن، سلمان خان پٹودی اور راجہ ہاشم الرحمٰن بھی موجود تھے . اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ خطے میں معاشی اور تجارتی تبدیلیوں کے پیش نظر موجودہ وفاقی اور صوبائی دونوں حکومتیں بلوچستان میں بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہے ہیں لہذا ضروری ہے کہ تمام سرمایہ کار یہاں بلیو اکانومی، معدنیات، ایگریکلچر، فیشریز، لائیو اسٹاک، بنیادی ڈھانچہ اور تعمیرات وغیرہ میں موجود منافع بخش مواقعوں سے استفادہ کریں . گورنر مندوخیل نے کہا کہ گوادر ایک گہرے سمندری بندرگاہی شہر ہے جو بیشمار سرمایہ کاری کے مواقع پیش کرتا ہے۔ یہ بیک وقت مختلف براعظموں کیلئے ایک معاشی مرکز بننے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے . انہوں نے کہا کہ پاکستان کے روشن مستقبل کیلئے بلوچستان کی تعمیر وترقی بہت اہم ہے کیونکہ بلوچستان نہ صرف سینٹرل ایشیا کیلئے بلکہ مشرق وسطیٰ کیلئے بھی ایک گیٹ وے ہے۔

دنیا میں فلاحی ریاست کے تصور خلافت راشدہ کا نظام ہے، مولانا عبدالقادر لونی

بلوچستان کی عوام سالوں سے حکمرانوں کی ترقی وخوشحالی کی جھوٹی وعدے سنتے آرہے ہیں

بلوچستان کی اکثر آبادی اکیسویں صدی میں بھی صحت، تعلیم اور زندگی کی تمام سہولیات وضروریات سے محروم ہے

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی جمعیت علما اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر صوبائی امیر بلوچستان مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ بلوچستان کی عوام سالہا سال سے حکمرانوں کی ترقی وخوشحالی کی وعدے سنتے آرہے ہیں لیکن عملی میدان میں بلوچستان کی استحصالی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ گودار پر باڑ، بارڈروں کی بندش، اپنے وسائل اور معدنیات سے آج تک صوبے کی عوام استفادہ کرنے سے محروم، نئی صنعتوں کی قیام سے بلوچستان کی محرومی اور سی پیک کی منصوبوں سے نہ گودار کی مقامی لوگ اور نہ بلوچستان کی عام عوام مستفید ہے بلکہ بلوچستان کی اکثر آبادی اکیسویں صدی میں بھی صحت، تعلیم اور زندگی کی تمام سہولیات وضروریات سے محروم ہے انہوں نے کہا کہ وفاق اٹھارویں ترمیم کی تحت صوبے کی ساحل وسائل پر اختیارات دیتے تو آج یہاں لوگ اس قدر بد حالی کا شکار نہ ہوتے صوبے میں 75 فیصد افراد کا تعلق زراعت سے ہے اور زمینداروں کی لوڈشیڈنگ سے استحصال کیا جارہا ہے صوبے کے اکثر اضلاع کی زراعت کا انحصار ٹیوب ویلز پر ہے ہر سال کی ملین ٹن سیب اور انگور چیری اور دیگر پھل پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن لوڈشیڈنگ کی وجہ سے اس وقت سیب اور انگور کے علاوہ گندم، پیاز اور زیرے کی فصل تباہ ہو رہی ہے وزیراعظم بلوچستان میں ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کی وعدوں کو پورا کرے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم بارڈر پر پاسپورٹ کا فیصلہ واپس لیا جائے بارڈر کی بندش سے عوام نو مہینوں سے ایک اذیت ناک زندگی گزار رہے ہیں اور بلوچستان میں شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بنانا ایک عذاب ہے بارڈر پر پاسپورٹ کی شرط سے ہزاروں لوگ بیروزگار ہو رہے ہیں چمن میں کوئی اور روزگار کے مواقع نہیں نہ کوئی فیکٹری اور نہ کوئی اور کاروبار کی کوئی اور ذریعہ ہے

سندھ پولیس کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ سندھ

حکومتی اقدامات سے سندھ پولیس پاکستان کی مثالی ایجنسی بن جائے گی، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سندھ پولیس کو ایک موثر، ٹیکنالوجی سے لیس فورس میں تبدیل کرنے کے لیے اپنی حکومت کے عزم کا اعادہ کیا ہے تاکہ عوام کے تحفظ اور سندھ کے عوام میں قانون نافذ کرنے والے اداروں پر اعتماد کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ بات انہوں نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں 1 5ویں خصوصی تربیتی پروگرام اور اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹس آف پولیس (اے ایس پیز) کے 27ویں ابتدائی کمانڈ کورس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری آصف حیدر شاہ، سیکرٹری داخلہ اقبال میمن، پی ایس سی ایم آغا واصف، آئی جی پولیس غلام نبی میمن اور دیگر نے شرکت کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 1843 میں قائم ہونے والی سندھ پولیس برصغیر کا سب سے قدیم پولیس ادارہ ہے اور عصر حاضر کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اسے جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے۔ 1 لاکھ 62 ہزار اہلکاروں پر مشتمل سندھ پولیس پاکستان کی دوسری بڑی فورس ہے جو جرائم کی روکتھام، سراغ رسانی اور قیام امن کیلئے پرعزم ہے۔ مراد علی شاہ نے پولیس کی کارکردگی اور صلاحیت بڑھانے کیلئے کئی اقدامات کا ذکر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ان منصوبوں میں سے ایک اہم منصوبہ اسمارٹ سرویلینس سسٹم (ایس 4 منصوبہ) ہے جس کے تحت سندھ بھر کے 40 ٹول پلازوں پر نگراں کیمرے نصب کیے گئے ہیں۔

پی ٹی آئی احتجاج، راستوں کی بندش کی وجہ سے ریلوے ٹریک سے گزرتا شہری ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق

مریدکے (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے احتجاج کی وجہ سے شاہراہیں بند ہونے کے باعث ریلوے ٹریک سے گزرتے ہوئے شہری ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق جبکہ بیوی کود گئی نیچے گرنے سے شدید زخمی ہوگئی، شاہراہوں کی بندش کی وجہ سے مریدکے میں چوبیس گھنٹے کے دوران دوسرا افسوسناک واقعہ پیش آیا۔ بتایا جاتا ہے پی ٹی آئی کے احتجاج کے باعث پولیس اور انتظامیہ نے جی ٹی روڈ نالہ ڈیک پر کنٹینرز لگا کر راستے بند کر رکھے ہیں جہاں سے عوام کا پیدل گزرنا بھی مشکل ہے۔ سیالکوٹ کا رہائشی مبشر شاہراہیں بند ہونے کی وجہ سے اپنی اہلیہ کے ساتھ موٹر سائیکل پر نالہ ڈیک پر بنے ریلوے ٹریک سے گزر رہا تھا کہ ٹرین کی زد میں آ گئے

52 فلور پوائنٹس کو شوکاز، قیمتوں میں اضافہ ناقص انتظامات پر 3 فلور ملز کے لائسنس معطل

فلور ملز ایسوسی ایشنز نے آٹے کی سپلائی بند کرنے کا اعلان کر دیا، دس جولائی سے مارکیٹ میں سپلائی نہیں دیں گے، چیئرمین عاصم رضا

ٹیکسز کا نفاذ رہا تو ہم ملیں نہیں چلا سکیں گے، ساڑھے پانچ فیصد ٹیکس لگے گا عوام پر لیکن آئے گا فلور ملز کے کھاتے میں

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے بعد اب پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن نے آٹے کی سپلائی بند کرنے کی دھمکی دیدی ہے۔ پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشنز کے چیئرمین عاصم رضا نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دس جولائی سے مارکیٹ میں سپلائی نہیں دیں گے، ملز میں اتنی گنجائش نہیں 5 فیصد ود ہولڈنگ ٹیکس دیا جائے، فلور ملز ایسوسی ایشن پر بجٹ میں جو ود ہولڈنگ ٹیکس لگائے گئے ہیں حکومت اسکو واپس لے۔ انہوں ے کہا کہ بدھ کو واشنگ روکی جائے گی جبکہ جمعرات کو آٹے کی سپلائی بند کر دی جائے گی، لگائے گئے ٹیکس لگائے گئے ہیں اسکو فوری واپس لیا جائے، ان ٹیکسز کا نفاذ رہا تو ہم ملیں نہیں چلا سکیں گے، ساڑھے پانچ فیصد ٹیکس لگے گا عوام پر لیکن آئے گا فلور ملز کے کھاتے میں۔ ادھر محکمہ خوراک نے قیمتوں میں اضافے اور ناقص انتظامات پر 52 فلور پوائنٹس کو شوکاز جاری جبکہ 3 فلور ملز کے لائسنس معطل کر دیئے۔ ترجمان محکمہ خوراک کے مطابق لاہور ڈویژن میں 135، فیصل آباد 15، سرگودھا 71، راولپنڈی 147، گوجرانوالہ میں 39، گجرات ڈویژن 42، ساہیوال 33، ملتان 106، ڈی جی خان میں 3 پوائنٹس کو چیک کیا گیا۔ صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین نے کہا کہ بوگس ریکارڈ دکھانے اور مہنگے داموں مارکیٹ میں آٹے کی سپلائی پر کارروائیاں کی گئیں، مارکیٹ میں موجود تمام آٹا برانڈز کے نرخوں کی فہرستیں مرتب کی جا رہی ہیں، مہنگے داموں آٹا تھیلوں کی سپلائی کرنیوالے ڈیلرز اور ملز کے لائسنس معطل کر دیئے جائیں گے۔ بلال یاسین نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ فوڈ کے افسران عوام تک ریلیف کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو دور کریں، وزیراعلی پنجاب کی ہدایت پر روزانہ مارکیٹ نرخوں کو مانیٹر کیا جارہا ہے۔

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Executive Engineer Roads Provincial B& R Lasbela invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates **Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2627081182613	CONSRUCTION OF OF B.T ROAD REMAINING PORTION OF SALEH /MUHAMMAD GOTH KHARKHUCHA THESIL BELA LASBELA PSDP#145/Z2026.0636 (2026-27)	21 September, 2026 11:00 AM	12:00 PM	26,865,772
2	TSE-2627091185783	Constt:/ Rehabilitation of BT Road from RCD Roa Zamindar Hotel to Haji Hussain Sabra Goth 3.5 KM UC wayaro Tehsil Uthal 1st Phase PSDP # 1224/Z2026.0630	21 September, 2026 12:00 PM	01:00 PM	28,855,829
3	TSE-2627091185743	Construction of BT Road from Link Road to Sheikh Goth behind Al Miraj Hotel Mouza Chib Mandra Tehsil Uthal 0.5 KM PSDP # 1420/Z2026.3229 (2026-27)	21 September, 2026 12:00 PM	01:00 PM	11,940,201
4	TSE-2627091185723	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FROM MURADANI ROAD KHASKHELI GOTH MUREEDANI U.C JUMIN BHIT THESIL BELA 1 KM LASBELA PSDP # 146/Z2026.0644 (2026-27)	21 September, 2026 12:00 PM	01:00 PM	19,900,529

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2627091185783, TSE-2627091185743, TSE-2627091185723, TSE-2627081182613) Tender Documents: The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the undersigned upon payment of prescribed tender fee. **Address:** OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER(ROADS) COMMUNICATION WORKS PP&H DISTRICT LASBELA Main RCD Road Uthal District Lasbela **Phone no:** 0853363462 **Fax no:** 0853363122 Email: xenroadlasbela@gmail.com

Executive Engineer Roads
Provincial B& R Lasbela

DPRQ/PRQ No.1236/07-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

خارکیف میں روسی فضائی حملے میں کم از کم 19 زخمی

روس نے رات بھر جاری رہنے والے تازہ ترین حملوں میں 140 ڈرونز استعمال کیے جن میں سے 71 کو مار گرایا گیا

کیف (این این آئی) یوکرین کے صدر زیلنسکی نے کہا ہے کہ روسی حملوں کو روس کے خلاف پابندیوں، دباؤ اور ہتھیار بنانے کے وسائل تک اس کی رسائی روک کر اور یوکرین کی فوجی امداد بڑھا کر روکا جا سکتا ہے۔ یوکرین کے حکام نے بتایا کہ شمال مشرقی شہر خارکیف پر ہونے والے روسی حملے میں کم از کم 19 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ خارکیف کے گورنر اولیہ سینیوبوف نے مختصر پیغام رسانی کے ایک پلیٹ فارم ٹیلی گرام کو بتایا کہ روسی فورسز نے ایک احاطے کو ہدف بنایا جس سے 40 سے زیادہ مکانوں کو نقصان پہنچا۔ ایک اور خبر کے مطابق یوکرین کے علاقے اوڈیسا کے گورنر اولیہ کیپر نے بتایا ہے کہ اوڈیسا شہر پر ہونے والے راکٹ حملے میں جانی نقصان بھی ہوا ہے۔ روس نے ایک اور حملہ یوکرین کے علاقے زپوریڑیا میں کیا۔ وہاں کے گورنر آئیون فیڈروف کے مطابق اس حملے میں کئی مکانوں کو نقصان پہنچا اور ایک بچہ زخمی ہوا۔ یوکرین کے علاقے میکولائف کے گورنر ویٹالی کم نے پیر کے روز ٹیلی گرام کو بتایا کہ روسی ڈرونز نے توانائی کے انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچایا جس سے بجلی کی فراہمی میں خلل پڑا۔ یوکرین کے علاقے اوڈیسا میں ایک عمارتی احاطے پر روسی میزائل حملے میں 40 سے زیادہ مکانوں کو نقصان پہنچا۔ حملے کے بعد مکانوں کا ملبہ بکھرا ہوا دکھائی دے رہا ہے۔

سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی بمقام حب

حکم قرقی جائیداد احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (88 ض ف)

مقدمہ نمبر 92/26 FIR نمبر 14/26 سرکار بنام:۔ مختیار عرف تلارو وغیرہ

جرم زیر دفعہ ATA (2) 7, (i) (h) (b) (i) 7, (2) 1 (f) 11 CTD خضدار

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش دائر ہوئی ہے کہ ملزمان (1) مختیار عرف تلارو ولد خیر محمد سکنہ کوہڑو بشیر عرف زاہد ولد پیر محمد سکنہ ڈن بازار، علی عرف جوش ولد رحمت، فدا عرف گمان ولد دلمراد، حسن بخش ولد سفر خان، مولا بخش عرف مولو ولد عبدالحکیم، ابراہیم عرف چاکر ولد محمد حسن سکنہ جھاؤ جرم زیر دفعہ 11 (f) 1 (2) 7, (i) ATA (2) 7, (i) (h) (b) کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلقہ جاری ہوئے تھے کہ مسمی مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا ملزم فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے آپ کو روپوش کیا ہوا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا کی جائیدادیں اپنے قبضہ میں لا کر حکم ثانی قرق رکھو اس وارنٹ کو معہ عبارت ظہری مشعر تصدیق طریقہ تعمیل وارنٹ مورخہ 14-09-2026 تک واپس کرو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی عدالت حب

PRQ No1261/07-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی بمقام حب

حکم قرقی جائیداد احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (88 ض ف)

مقدمہ نمبر 79/26 FIR نمبر 72/26 سرکار بنام:۔ دلوش

جرم زیر دفعہ ATA-11-EE CTD خضدار ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش دائر ہوئی ہے کہ ملزمان (1) دلوش ولد جمعہ خان قوم مری سکنہ جام کالونی حب جرم زیر دفعہ ATA-11-EE کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلقہ جاری ہوئے تھے کہ مسمی مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا ملزم فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے آپ کو روپوش کیا ہوا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا کی جائیدادیں اپنے قبضہ میں لا کر حکم ثانی قرق رکھو اس وارنٹ کو معہ عبارت ظہری مشعر تصدیق طریقہ تعمیل وارنٹ مورخہ 14-09-2026 تک واپس کرو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی عدالت حب

PRQ No1255/07-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

It is hereby informed to all concerned that the Tender Notice for the work "Rehabilitation Of Water Supply Scheme Gandakha BSDI PHASE-III" **(TSE No. 2627081171943)**, published under **PRQ No. 952/20-08-2026** in the daily newspapers, has been amended. Accordingly, the Bid Security has been revised to 3%, and the Tender Fee shall be read as Rs. 2,500/- Furthermore, the deadline for submission of bids has also been extended. Now, the deadline for submission of bids is extended up to 14 th September, 2026 at 10:00 AM. The bids shall be opened on the same day at 11:00 AM.
All other condition will be remain of the same.

EXECUTIVE ENGINEER
Public Health Engineering Division,
Usta Muhammad.

PRQ No.1229/06-9-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

احتجاج کو حق سمجھنے والے اساتذہ کے مظاہرے پر بلبلا اٹھے، عظمیٰ بخاری

کے پی حکومت کی جانب سے اساتذہ کو معطل کرنا شرمناک حرکت ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

یہ لوگ اپنے سیاسی مفاد کے لئے پنجاب میں کبھی کسانوں کو اشتعال کرتے ہیں، کبھی کارکنوں کو تو کبھی نابینا افراد کے کندھے استعمال کرتے ہیں اور ان کو ہلہ شیری دیتے ہیں۔

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ احتجاج کو اپنا آئینی حق سمجھنے والے، اساتذہ کے احتجاج پر بلبلا اٹھے ہیں، کے پی حکومت کی جانب سے اساتذہ کو معطل کرنا شرمناک حرکت ہے، ''فساد گروپ'' پنجاب میں کسانوں اور نابینا افراد کو احتجاج کیلئے استعمال کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خیبر پختونخوا میں احتجاج کرنے والے اساتذہ کو معطل کرنے پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے گنڈاپور حکومت کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ ہر وقت جلسہ جلوس کی آڑ میں فساد گروپ ''احتجاج ہمارا حق ہے'' کہ نعرے لگاتا ہے۔ یہ لوگ اپنے سیاسی مفاد کے لئے پنجاب میں کبھی کسانوں کو اشتعال کرتے ہیں، کبھی کارکنوں کو تو کبھی نابینا افراد کے کندھے استعمال کرتے ہیں اور ان کو ہلہ شیری دیتے ہیں۔ وفاق اور پنجاب پر چڑھائی کرنے والا اپنے صوبے میں واقعی پرامن احتجاج کرنے والے اساتذہ کو احتجاج کرنے پر معطل کر دیتا ہے۔ یہ عمل ان کی منافقت اور دوہرے معیار کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے میں وفاق پر چڑھائی کرنے والے پولیس اور ریسکیو اہلکاروں کو ترقیاں، مراعات اور اضافی تنخواہیں دی جاتی ہیں۔ پرامن احتجاج کرنے والے اساتذہ کو معطل کر دینا شرمناک حرکت ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔

عوام کو بہت جلد ضلع کرم میں ریاستی اقدامات نظر آنا شروع ہو جائیں گے

قانون کی عملداری اور ریاستی رٹ ہر صورت نافذ ہوگی، چیف سیکرٹری خیبر

پشاور (این این آئی) ضلع کرم کی صورتحال اور دیرپا امن اقدامات کے لئے مشاورت کی غرض سے ایک گرینڈ امن جرگے کا انعقاد کمشنر ہاؤس کوہاٹ میں کیا گیا۔ گرینڈ جرگے میں اہل سنت اور اہل تشیع سے تعلق رکھنے والے عمائدین نے شرکت کی۔ امن جرگہ میں چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا ندیم اسلم چوہدری، انسپکٹر جنرل آف پولیس اختر حیات خان گنڈاپور، کمشنر کوہاٹ ڈویژن سید معتصم باللہ شاہ، ڈی آئی جی کوہاٹ شیر اکبر خان، اہل سنت والجماعت اور اہل تشیع کے مشران اور عمائدین علاقہ نے بھی شرکت کی۔ گرینڈ امن جرگے سے خطاب میں چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا ندیم اسلم چوہدری نے ایسے اقدامات کی اہمیت پر زور دیا جس سے ضلع کرم میں دیرپا امن قائم ہو۔ انہوں نے کہا کہ ریاست دشمن اور عوام دشمن عناصر کو ہر صورت کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، ایسے عناصر جو ضلع میں بدامنی پھیلانے میں پیش پیش ہوں ان کے خلاف سخت اقدامات کئے جائیں گے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ امن جرگہ سے مشاورت کا مقصد ضلع کرم میں دیرپا امن کے قیام کیلئے عمائدین اور مشران کی آراء حاصل کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جرگے میں پیش کی گئی تجاویز اور سفارشات سے بھرپور رہنمائی اور استفادہ حاصل کیا جائے گا۔ ندیم اسلم چوہدری نے کہا کہ عوام کو بہت جلد ضلع کرم میں ریاستی اقدامات نظر آنا شروع ہو جائیں گے

غزہ جنگ بندی پر امریکی ویٹو نے سلامتی کونسل کو مفلوج کر دیا ہے، چینی مندوب

اقوام متحدہ (این این آئی) چینی مندوب فوزونگ نے کہا ہے کہ غزہ جنگ بندی پر امریکی ویٹو نے سلامتی کونسل کو مفلوج کر دیا ہے، غزہ تنازع اقوام متحدہ کو درپیش دنیا کا سب سے بڑا امتحان ہے۔ منگل کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے فلسطین اسرائیل مسئلے پر ایک اجلاس منعقد کیا۔ اقوام متحدہ میں چین کے مستقل مندوب فوزونگ نے اپنی تقریر میں نشاندہی کی کہ گزشتہ ہفتے سلامتی کونسل کی غزہ میں فوری جنگ بندی کو فروغ دینے کی کوششیں امریکی ویٹو کی وجہ سے ایک بار پھر ناکام ہو گئیں۔ سلامتی کونسل کے مفلوج ہونے کی وجہ سے جنگی مشین پوری رفتار سے گونج رہی ہے

عوام کو بنیادی حقوق نہیں مل رہے، بشیر احمد

بلوچستان کے تمام بارڈرز میں مقامی آبادی میں اشتعال پیدا کر کے کاروبار تجارت کو ناکام وبند کیا گیا ہے

بلوچستان کو دیانت دار منتخب نمائندے اور باصلاحیت حکومت مسائل سے نجات دلا سکتی ہے

کوئٹہ (جی این ایم) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان بشیر احمد ماندائی نے کہا کہ بلوچستان کے تمام بارڈرز میں مقامی آبادی میں اشتعال پیدا کر کے کاروبار تجارت کو ناکام وبند کیا گیا ہے چیک پوسٹوں وسیکورٹی فورسز کے ذریعے لوٹ مار جاری ہے نہتے بے روزگار عوام کو قانونی تجارت وکاروبار، ماہی گیری ودیگر روزگار سے زبردستی روکا جارہا ہے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی عوام کے روزگار کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بااختیار قوتیں ہیں، کئی دہائیوں سے قوم پر مسلط اسٹیبلشمنٹ رہی ہیں۔ عوام کو لوٹنے والوں کو بااختیار قوتوں کی حمایت حاصل ہے بلوچستان کو دیانت دار منتخب نمائندے اور باصلاحیت حکومت مسائل سے نجات دلا سکتی ہے بدقسمتی سے گزشتہ کئی دہائیوں سے اہل بلوچستان کو مخلص حکومت دیانت دار نمائندے نہیں ملے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، عبدالمجید بادینی عوامی مسائل کو اجاگر اور حل کیلئے جدوجہد کریں گے جماعت اسلامی قوم کو مسائل سے نجات کی صلاحیت رکھتی ہے۔ نوجوان، طلباء اور علماء کرام قوم کی نمائندگی کرتے ہوئے جماعت اسلامی کی عوامی انقلابی جدوجہد میں ساتھ دیں۔ حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں 2 1 جولائی اسلام آباد دھرنے سے انقلابی جدوجہد حقیقی عوامی تبدیلی کا آغاز کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ مراد جمالی میں تقریب سے خطاب اور وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ نوجوان ملکر پاکستان کو اسلامی اور بلوچستان کو خوشحال بنائیں ہر ماہ مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات، بجلی گیس قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے غربت بے روزگاری اور مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے بلوچستان میں لوٹ مار بھتہ خوری کو رواج دینے والوں نے اسے منافع بخش کاروبار بنا دیا ہے۔ موٹروے، سی پیک، سفری جدید سہولیات کی فراہمی اور سڑکوں کو دورویہ ومعیاری بنانے کے حوالے سے حکمرانوں کو سنجیدہ فوری منصوبے وعملی کام شروع کرنا چاہیے

کوئٹہ میں پولیس نے دہشتگردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پولیس نے دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنادیا۔ پولیس حکام کے مطابق منگل کو پولیس کو اطلاع ملی کہ کوئٹہ کے علاقے مغربی بائی پاس پر کرخسہ کراس کے مقام پر کچھ مشکوک سامان موجود ہے جس پر بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کرلیا

کرم، مسافر گاڑیوں پر حملے کا ایک اور زخمی دم توڑ گیا، جاں بحق افراد کی تعداد 50 ہوگئی

کرم (این این آئی) ضلع کرم میں مسافر گاڑیوں پر حملے کا ایک اور زخمی دم توڑ گیا۔ کرم میں پیش آنے والے سانحہ میں جاں بحق افراد کی تعداد 50 ہوگئی جب کہ قبائل کے درمیان جاری تازہ جھڑپوں میں مزید 2 افراد جاں بحق اور 19 زخمی ہوگئے۔

سید نیئر حسین بخاری کا سرینگر ہائی وے، رینجرز اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سید نیئر حسین بخاری نے سرینگر ہائی وے، رینجرز اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید اہلکاروں کے اہل خانہ اور ساتھیوں کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، شہریوں کی جان ومال کی حفاظت پر مامور رینجرز اہلکاروں پر حملہ کرنے والے دہشتگرد ناقابل معافی ہیں

CORRIGENDUM

It is hereby informed to all concerned that the Tender Notice for REPAIR AND MAINTENANCE FOR VARIOUS WATER SUPPLY SCHEMES DISTRICT USTA MUHAMMAD, **(TSE-2627081174783)** published under **PRQ No. 997/24-08-2026** in the daily newspapers, has been amended. Furthermore, the bid submission date has been extended. Now the deadline for submission of bids is extended up to 14 th Sep-2026 at 11:00 AM, and the all bids will be opened on the same day at 12:00 PM. All other condition will be remain of the same.

EXECUTIVE ENGINEER
Public Health Engineering Division,
Usta Muhammad.

PRQ No.1230/06-9-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی بمقام حب

حکم قرقی جائیداد احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (88 ض ف)

مقدمہ نمبر 92/26 FIR نمبر 14/26 سرکار بنام:۔ مختیار عرف تلارو وغیرہ

جرم زیر دفعہ ATA (2) 7, (i) (h) (b) (i) 7, (2) 1 (f) 11 CTD خضدار

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش دائر ہوئی ہے کہ ملزمان (1) مختیار عرف تلارو ولد خیر محمد سکنہ کوہڑو بشیر عرف زاہد ولد پیر محمد سکنہ ڈن بازار، علی عرف جوش ولد رحمت، فدا عرف گمان ولد دلمراد، حسن بخش ولد سفر خان، مولا بخش عرف مولو ولد عبدالحکیم، ابراہیم عرف چاکر ولد محمد حسن سکنہ جھاؤ جرم زیر دفعہ 11 (f) 1 (2) 7, (i) ATA (2) 7, (i) (h) (b) کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلقہ جاری ہوئے تھے کہ مسمی مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا ملزم فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے آپ کو روپوش کیا ہوا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا کی جائیدادیں اپنے قبضہ میں لا کر حکم ثانی قرق رکھو اس وارنٹ کو معہ عبارت ظہری مشعر تصدیق طریقہ تعمیل وارنٹ مورخہ 14-09-2026 تک واپس کرو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی عدالت حب

PRQ No1261/07-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ BOLAN HUB بولان حب

موبائل حب : 0336-6113760
فون حب : 0853-310202
فیکس حب : 0853-310202
موبائل کوئٹہ : 0300-8380280
موبائل اسلام آباد : 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔ Email:dailybolanhub@gmail.com

سندھ پولیس میں اصلاحات

سندھ ہائی کورٹ کی ہدایت پر آئی جی سندھ نے گریجویشن پولیس افسران ہی کو ایس ایچ اوز تعینات کرنے کا حکم نامہ جاری کر دیا ہے جس کے تحت پولیس تھانوں کے ایس ایچ اوز کے عہدے پر صرف اچھے رویے اور صاف ریکارڈ رکھنے والے پولیس افسر ہی تعینات کیے جائیں گے۔

آئی جی سندھ پولیس نے جاری احکام پر فوری عمل درآمد کی بھی ہدایت کی ہے اور عدالتی حکم کے مطابق واضح کر دیا ہے کہ کرمنل یا مشکوک ریکارڈ رکھنے والے پولیس افسران اب تھانوں میں ایس ایچ اوز نہیں لگ سکیں گے۔

سندھ ہائی کورٹ کا یہ حکم خصوصی طور پر کراچی پولیس میں اصلاح کے لیے نہایت اہم اور ضروری تھا کیونکہ کراچی پولیس میں ایس ایچ اوز انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے اور زیادہ تر ایس ایچ اوز سیاسی بنیاد پر تعینات ہیں اور کوئی ایس ایچ او ایسا نہیں ہوگا جو میرٹ اور قابلیت کے باعث اس اہم عہدے پر تعینات کیا گیا ہو اور بغیر رشوت یا سیاسی سفارت کے ایس ایچ او لگا ہو۔

کراچی میں پولیس تھانوں کی خفیہ نیلامی تو بہت پرانی بات ہو چکی اور کراچی کے بعض تھانے اہم اور سونے کی چڑیا یا سونے کا انڈہ دینے والی مرغی شمار ہوتے ہیں۔ کراچی کے تھانوں میں انسپکٹر اور سب انسپکٹر بطور ایس ایچ او تعینات کیے جاتے ہیں اور ان کی تعیناتی میں ان کی تعلیم نہیں بلکہ رشوت یا سیاسی سفارش دیکھی جاتی ہے اور نہ ہی ان کا کرمنل و مشکوک کردار دیکھا جاتا ہے۔

پولیس افسروں کا اچھا رویہ اور صاف ریکارڈ رکھنے والے ایس ایچ او برائے نام ہیں بلکہ اچھی شہرت، صاف ریکارڈ رکھنے والوں کی جگہ بدنام، متکبر، اونچا سیاسی ریکارڈ اور خرد ماغ رکھنے والے ہی ایس ایچ او نظر آئیں گے۔ کراچی کے تمام تھانوں کے ایس ایچ اوز کے دفتر عوام کے لیے بند ہی ملتے ہیں اور بند دروازے کے باہر سپاہی تعینات ملے گا خواہ ایس ایچ او کمرے میں موجود ہو نہ ہو، باہر موجود سپاہی تمام لوگوں کو یہی بتائے گا کہ صاحب علاقے کے گشت پر ہیں۔ تھانوں کا نظام ایس ایچ او نہیں بلکہ تھانہ ہیڈ محرر چلاتا ہے۔

ایس ایچ او کے نام سپاہیوں کی خصوصی پارٹیاں ہوتی ہیں جو ایس ایچ او کی پسند اور مرضی کی ہوتی ہیں جب کہ دیگر تقرری یا سادہ لباس میں بھتہ وصولی پر مامور پولیس پارٹیاں ہیڈ محرر کو جواب دہ ہوتی ہیں۔ کراچی میں تھانوں میں ایس ایچ اوز اکثر موجود ہی نہیں ملتے اور نہ ان سے ملنا آسان ہوتا ہے کیونکہ ان کے پاس علاقے میں گشت کا بہترین جواز موجود ہوتا ہے جب کہ ڈی ایس پی حضرات اپنے دفتروں میں موجود ہوتے ہیں اور کبھی کبھی وہ اپنے ماتحت ایس ایچ اوز کے ہمراہ علاقہ گشت میں موجود ہوتے ہیں جب کہ ہر ضلع کے ایس ایس پی یا ایس پی اپنے علاقوں کے دفتروں میں موجود ملتے ہیں اور لوگوں کی ان سے ملاقاتیں بھی ہو جاتی ہیں مگر ایس ایچ او سے ملنا ناممکن ہی ہوتا ہے صرف اپنے جاننے والوں کو وہ بتا دیتے ہیں کہ وہ کب تھانے میں ملاقات کے لیے دستیاب ہوں گے اس لیے تھانے اپنے کاموں سے آنے والوں کا واسطہ ڈیوٹی افسر یا ہیڈ محرر سے پڑتا ہے۔

یہ بات عام ہے کہ اکثر لوگ تھانوں میں جانے سے گریز کرتے ہیں۔ ان کے ساتھ چوری ڈکیتی یا موبائل چھینے جانے کی صورت میں لوگ تھانے جانے سے گریز ہی کرتے ہیں کہ انھیں معلوم ہوتا ہے کہ تھانے جانے سے کچھ نہیں ہوگا بلکہ وہاں انھیں پریشان ہی ہونا پڑے گا۔ کراچی میں موٹر سائیکلوں کی چوری عام ہے یا بائیک چھن جانے کی صورت میں مجبوری میں انھیں تھانے جا کر اطلاع دینا ضروری ہوتا ہے جہاں ان کی ایف آئی آر تو درج نہیں ہوتی صرف درخواست وصول کر لی جاتی ہے جس سے متاثرہ شخص مطمئن ہو جاتا ہے کہ اگر اس کی موٹر سائیکل ڈکیتوں نے کسی واردات میں استعمال کر لی تو اس کا بچاؤ ہو جائے گا ورنہ وہی ملزم گردانا جائے گا۔

کراچی میں تھانوں میں تعینات ایس ایچ او، سب انسپکٹر، اے ایس آئی مقامی تو ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملیں گے اور اگر مقامی اہلکار مل بھی جائیں تو ان کا رویہ غیر مقامیوں سے بھی بدتر اور درشت ہوگا اس لیے لوگ نقصان اٹھا لیتے ہیں، تھانے جانے سے گریز ہی کرتے ہیں۔ روزنامہ ایکسپریس کی ایک خبر کے مطابق ایک علاقے کی پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث باپ اور پولیس اہلکار بیٹے کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتار اہلکار 2018 میں بھرتی ہوا تھا جس پر مقدمات درج ہیں اور وہ سنگین مقدمات کے باوجود پولیس میں ملازمت کر رہا تھا اور خود سیکیورٹی ون میں تعینات ہے اور یہ واحد شخص نہیں بلکہ کراچی پولیس میں اعلیٰ افسران بھی ہیں جن پر عدالتوں میں مقدمات بھی چل رہے ہیں اور محفوظ بھی چلے آ رہے ہیں۔ گریجویٹ ایس ایچ اوز کی تعیناتی ایک مثبت قدم تو ہے مگر تھانوں کی اصلاح تب تک ممکن نہیں جب تک پولیس ملازمین کی چھانٹی اور ان کی اصلاح نہ ہو، تاکہ مقدمات میں ملوث ملزمان محکمہ میں رہ کر اپنے محکمے کو بدنام نہ کر سکیں۔

انٹیلی جنس اداروں کی کامیابی

انٹیلی جنس اداروں کی نشاندہی پر انسانی اسمگلنگ کا بین الاقوامی نیٹ ورک رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ہے۔ اس نیٹ ورک کو چلانے والے بھارتی ایجنٹ مختلف ممالک سے اس نیٹ ورک کو چلاتے تھے۔ ان مجرمانہ سرگرمیوں میں بعض افغان باشندے بھی ملوث تھے۔ پیسہ کمانے کے علاوہ ان سرگرمیوں کا مقصد بین الاقوامی طور پر پاکستان کو بدنام کرنا تھا۔ اس مقصد کیلئے یہ گروہ بھارتی اور افغان باشندوں کیلئے جعلی پاکستانی ویزے اور پاسپورٹ بنانے کی کوشش کر رہا تھا۔ خفیہ ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بڑی مہارت اور محنت کے ساتھ بروقت اقدام کے ذریعے بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کا ثبوت دیا ہے اس کے ساتھ ساتھ ایک منظم طریقے سے پاکستان کی ساکھ کو محفوظ اور برقرار رکھا ہے۔ جس پر خفیہ ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے تحسین کے لائق ہیں۔ بلاشبہ یہ انٹیلی جنس اداروں کی بہت بڑی کامیابی ہے جنھوں نے انسانی اسمگلنگ میں ملوث ہونے اور پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر بدنام کرنے کا شرمناک منصوبہ بروقت ناکام بنا کر اس گروہ کو بے نقاب کیا اور اس مذموم دھندے میں ملوث افراد قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی گرفت میں آئے۔

انسانی اسمگلروں کا یہ بین الاقوامی نیٹ ورک سادہ لوح عوام کو بیرون ملک روزگار کے جھانسے دے کر لوٹنے میں ملوث تھا۔ اس گروہ نے 350 سے زائد افراد کو بیرون ملک کام دلانے کا جھانسا دے کر لوٹا ہے۔ ان وارداتوں میں یونانی سفارتخانے کا ایک ملازم بھی ملوث ہے جس کا نام طارق رفیق بتایا گیا ہے۔ اس کیعلاوہ غلام مرتضیٰ اور جاوید انجم نامی دو افراد کو بھی رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا ہے۔ جعلی ویزے بنانے کیلئے اس گروہ نے اپنا پرنٹنگ پریس بھی لگا رکھا تھا جہاں جعلی ویزا اسٹیکرز اور کئی ملکوں کے جعلی پاسپورٹ بھی تیار کرتے تھے۔ علاوہ ازیں جعلی ویزوں کیلئے ضروری دستاویزات بھی جعلی طور پر بنائی جاتی تھیں تاکہ سادہ لوح لوگوں کو دھوکہ دینے کیلئے اطمینان دلا سکیں۔ ان دستاویزات میں جعلی تعلیمی اسناد، ڈرائیونگ لائسنس اور متعلقہ ملک کا جعلی رہائشی پرمٹ وغیرہ شامل ہیں۔ جعل سازی کے یہ ماہر بینک اسٹیٹمنٹ اور وزارتی سفارشات بھی جعلی طریقہ سے اس پرنٹنگ پریس میں تیار کرتے تھے۔ اس گروہ نے مختلف اقسام کی مہریں بھی بنا رکھی تھیں جن کو یہ لوگ غیر قانونی دستاویزات بنانے میں استعمال کرتے تھے۔ آخری تفتیشی اطلاعات کے بارے میں ذرائع نے بتایا کہ یہ گروہ ان جعلی دستاویزات کے ذریعے 78 ملین سے زائد لوٹ چکا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ یونانی سفارتخانے کے ملازم طارق رفیق نے یونان کیو یزا اسٹیکر ان لوگوں کو فراہم کئے تھے۔

جعلسازوں کے اس گروہ کے بارے میں یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ یہ لوگ پاکستان کو بدنام کرنے کیلئے مذہبی بنیادوں پر ظلم وستم کی جعلی گواہیاں بھی کاغذات کی صورت میں اسی پرنٹنگ پریس میں تیار کرتے تھے اور مختلف ممالک میں سیاسی پناہ لینے والے بعض افراد بھی اس گروہ سے معاونت لیتے رہے ہیں۔ دوران تفتیش اس نیٹ ورک کے انٹر نیشنل ڈنکی گروہوں کیساتھ روابط کا بھی انکشاف ہوا ہے۔ انسانی اسمگلروں کا یہ نیٹ ورک کیش ہینڈلنگ کے علاوہ کرپٹو کرنسی میں بھی لین دین کرتا تھا۔ اس گروہ کے بارے میں تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا گیا ہے مزید گرفتاریوں کیلئے کوششیں جاری ہیں اور مزید سنسنی خیز انکشافات سامنے آنے کی توقع ہے۔

ان تمام تفصیلات کو قارئین کے سامنے پیش کرنے کا مقصد آگاہ کرنا ہیکہ بھارت کن طریقوں سے پاکستان کو بین الاقوامی طور پر بدنام کرنے کی کوششیں کرتا ہے جس میں اس کو بعض افغان باشندوں کی حمایت بھی حاصل ہے۔ یہ لوگ اس فراڈ کے ذریعے ایک طرف پاکستان کے سادہ لوح شہریوں کو لوٹتے ہیں اور دوسری طرف پاکستان کو بدنام بھی کرتے ہیں۔ خفیہ اداروں کی ٹھوس اور مکمل معلومات کی بنیاد پر قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی معاونت سے اس کارروائی کے نتیجے میں کئی پاکستانی اپنا سرمایہ اور عزت ووقار کھونے سے بچ گئے۔ یہ کارروائی انٹیلی جنس اداروں کی پیشہ ورانہ مہارت اور سخت محنت کی وجہ سے ممکن ہوئی۔ انسانی اسمگلنگ کیخلاف جنگ میں یہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بڑی اہم کامیابی اور فتح ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ غیر قانونی طریقوں سے بیرون ملک منتقلی کے مضمرات اجاگر کرنے کیلئے عوامی بیداری اور آگاہی پر مبنی باقاعدہ مہم چلائے۔ اس بین الاقوامی جعل ساز نیٹ ورک کے خلاف کریک ڈاؤن پاکستانی اداروں پر بین الاقوامی اعتماد کو تقویت دینے کا باعث بنے گا۔ بھارتی اور افغان باشندوں کیلئے پاکستانی پاسپورٹ بنانا پاکستان کے خلاف منظم سازش تھی جس کو خفیہ اداروں نے بروقت بے نقاب کر کے ناکام بنا دیا۔ بلاشبہ قابل فخر پاکستانی ادارے لائق تحسین ہیں۔

سیاسی استحکام

تحریر: ڈاکٹر مجاہد اختر منصوری

قارئین کرام! ذرا غور تو فرمائیں، وائے بدنصیبی، اختتام دوسری جنگ عظیم کی کوکھ سے تحلیل ہوتے نوآبادیاتی نظام میں جمہوری جذبے اور علمی وسیاسی مزاج و انداز کی طویل جدوجہد سے قائم ہمارے پاکستان کی 76 سالہ تاریخ بہت ہی گنجلک اور تباہ کن ثابت ہوئی۔ 7 عشروں اور تادم 6 سال پر محیط قیام پاکستان کی پہلی صدی کے سفر میں سیاسی لیڈرشپ کے مجموعی رویے، عوام کی کیفیت اور پوزیشن اور طاقت واختیارات کے مراکز کے حوالے سے اس) بعداز قیام کی تاریخ (کے یہ پہلو بہت منفی لیکن غالب رہے اب مکمل بے نقاب۔ الگ ہے کہ آج کی سیاست کے بڑے اسٹیک ہولڈرز اسے پروپیگنڈے اور اس کی بڑی حکمت عملی تکرار (PERSUATION) کے زور پر مسخ تاریخ و واقعات کو آج بھی سچ و اصل بنا کر نئی نسل کو مزید گمراہ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جا رہی۔ قوم کے خلاف قومی ذرائع سے پروپیگنڈا بہت مہلک نتائج دیتا ہے۔ ستم یہ سب کچھ سرکاری خزانے و وسائل سے بجٹڈ ہے۔ تاہم قومی سفر میں برسوں سیاپمان فراموشی کرنے والوں میں سے عوام کی لی گئی یکسر بدلی پوزیشن قومی حوصلے واعتماد کو بڑھائے گی۔ غربا کے بھی ہاتھ لگ گئی بیش بہا کمیونیکیشن ٹیکنالوجی نے انہیں اپنے زور پر ایمپاورڈ کرنے میں کمال کر دیا اگرچہ اس سے پیدا ہونے والے منطقی ڈیزاسٹر ابتدائی ارتقا میں حائل لازمہ ہے لیکن مافیہ راج میں پیدا ہوا خوف وگھبراہٹ بھی جہاں مطلوب ومقصود حصول ہدف کی صورت بن رہی ہے تو اس کا ردعمل بھی کل ریاست اور اسکے عوام کیلئے پریشان کن بھی ہوتا جا رہا ہے۔ اس صورت کو قومی مکالمے اور قانون سازی سے ہینڈل کرنا بہت دیر آید بہت درست آید بھی تو ثابت ہو رہا ہے۔ بمشکل تمام ناکے توڑتے، بغیر شور وغوغا کرتے دبے پاؤں 8 فروری کو پولنگ اسٹیشنز پر پہنچ کر مافیہ راج پر جو بیلٹ بمباری کی گئی اس نے یقین جانیے کڑی مہنگائی سے دم نکلے ماحول میں آنے والے وقت میں آئین کا امین اور یوں عوام کو ہی استحکام کا ذریعہ بنا دیا۔ ووٹ ووٹر کو رسوا کر کے دستور کو روند کرائے بی سی صورتوں کی پلاننگ اور ان پر مکارانہ اور مرضی کے عدالتی فیصلوں سے ٹیلر میڈ حکومت سازی کے تمام سوراخ بند کرنے پر عوام مافیہ رائج کے مقابل آن کھڑے ہوئے ہیں۔ اولیگارکی کے ہتھکنڈوں کو ناکام بنا کر عوام اور ان کی اپنی، ان کے منتخب نمائندوں اور ہر سطح کے سیاسی لیڈروں کی اسیری کے ایثار نے مستقبل قریب میں ایک تازہ دم سیاسی عمل سے مطلوب سیاسی استحکام کا ایک پائیدار ذریعہ تشکیل دیدیا ہے۔ بلاشبہ یہ سیاسی استحکام جو جتنا سردست ناقابل دید ہے اتنا ہی آشکار ہوا چاہتا ہے، مملکت کو دنیا میں شرمسار کرنے والے اور اقتصادی استحکام حائل مقدمات کی زنجیر میں جکڑی قیادت وعوامی بیداری و شعور کی اس بابرکت اور نتیجہ خیز پروڈکٹ) کا سٹڈ ووٹ (سے ماہ آزادی پاکستان میں نتائج دیتا نظر آ رہا ہے۔

بہت اطمینان بخش نوید سحر کی پھٹتی پو سے نیا زمانہ نکلنے کو ہے۔ عشروں سے آئی پی پیز سے ریاستی وعوامی معیشت کو تباہی سے دوچار کرنے والی اجارہ دار حکومتوں کی صفوں میں ابن الوقتی سے نہیں ضمیر کی حقیقی بیداری کی صورت محبان پاکستان کے کلمہ حق کا والیم بلند ہو رہا ہے۔ بوکھلائے سیاسی حکومتی اقدامات و ابلاغ 8 فروری کی حقیقت کو ٹیلر میڈ الیکشن کمیشن کی باطل فیصلوں اور خلاف حلف وآئین تشریحات کو یومیہ بنیاد پر بے نقاب کر نہیں رہے؟ کیا پولیس وانتظامیہ کے عوام دشمن رویے اور منقسم ہو گئی یا کی گئی عدلیہ کے پابند آئین وحلف واتحاد ہونے کی ریت آشکار نہیں ہو رہی؟ گویا صورتحال اور بحران در بحران کی پیچیدگی اور جکڑ پکڑ اپنی جگہ لیکن عدالتی عمل میں

تشویشناک تعطل کے بعد مہنگائی سے بلبلاتے غریب عوام کے ہاتھوں جیبوں میں بذریعہ سیاسی استحکام موجود شکر الحمد للہ حکومتی صفوں کے معدودے چند ملک کے وفا شعاروں کو نظر آ گیا بلاشبہ ابھی مافیہ راج کا دم خم باقی ہے اور عوام اس کی بڑے فیصد میں پیدا کی گئی مصنوعی مہنگائی) جیسے آئی پی پیز معاہدے (اور فسطائی حربوں ہتھکنڈوں کے اسیر لیکن گھبرانا نہیں مدد خدا ساتھ، عدلیہ نے کام کرنا شروع کر دیا بوکھلا کر مہینوں مافیہ راج نے دھکا کر چیختے چنگھاڑتے سیاسی ابلاغ سے دبانے اور ہراسگی کی نامراد کوشش کی، نہ 8 فروری کی توہین عوام کا کوئی نتیجہ نکلے گا نہ سیاسی ابلاغ سے بدترین و قابل مذمت توہین نظام کا۔ ویسے نکلے گا کیا بلکہ شروع ڈوبتے جہازوں کی عرشہ پر رش مقابل روزانہ وزرا ومشیروں کی پریس کانفرنسز کی مزاحمت بے نتیجہ لیکن ان کا بھی نتیجہ تو نکل رہا ہے حکومتی ڈپریشن، بوکھلاہٹ، نااہلی، سطحیت سب ہی کچھ تو خود ہی بے نقاب نہیں کر رہے؟

قیام پاکستان کی پہلی صدی کا آخری ربع جاری اب تک سفر خرد کش میں سیاسی کھلواڑ سے پاکستان دولخت ہو گیا اور ایٹمی بھی، غضب خدا کا اب ایٹمی اور کنگال بھی، آنے والا ماہ آزادی کا ہے تعمیر پاکستان کا از سر نو آغاز سفر صفر سے شروع ہوا چاہتا ہے عزم باندھا جائے کہ عوام کے قانونی، سیاسی اور ملی جہاد کے نتائج پر استحکام سیاست لیڈنگ ٹو بحالی معیشت سیاسی انتقام سے مکمل پرہیز لیکن گندم مافیہ سے کسانوں کو ان کی پوری فصل کی بمطابق وعدہ ویقین دہانی سے مالی نقصان کا ازالہ اور اتنے گھمبیر اور ملکی بقا کا سوال گئے بحران میں آٹے کی جان لیوا تقسیم کی آڑ میں 20 ارب کی آٹا چوری ملکی فصل کے مقابل برآمدی فصل کی کرپشن، سب سے بڑھ کر آئی پی پیز کے تمام معاہدوں اور ان سے کمائے جائز وناجائز منافع کے حقائق عوام کے سامنے لانے پر فرانزک آڈٹ کے لئے کمیشن کو اب سنجیدہ مطالبہ اور عوام سے عہدہ بنایا جائے، تمام ریاستی اداروں کے برباد امیج اور آئینی فریم ورک کی آسان ترین تشریح اور حدود و پابندی کو یقینی بنایئے۔ ٹیکس، بجلی چوری، ملکی کوئلے کے) ایٹ لارج (منجمد ذخائر کو کھولنا ہے، پانی کے ذخائر سے ممکنہ حد تک بجلی بنانے اس گورننس سے عوامی ڈیلنگ کے معاملات مسائل کو مکمل شفافیت سے نپٹانا ہے۔ عوام کو پارٹی سپیٹری اپروچ سے مکمل ایمپاورڈ کرنیکیلئے عوام دوست لوکل باڈی سسٹم رائج کرنے کیلئے ٹائم فریم کا اعلان کرنا ہے موجودہ بوسیدہ اور دوطرز کے نظام تعلیم کو اکھاڑ کر مرحلہ وار منصوبہ بندی سے قوم کی مطلوب تعلیم وتربیت کو سیاسی جماعتوں نے اولین منشور کا نکات میں شامل کرنا خواتین اور بچوں کے حقوق اور تحفظ کو یقینی، نوجوانوں کو ملک گیر سطح پر انقلابی اہداف دے کر مسلسل سرگرم کرنا اور تمام غصب شدہ بنیادی حقوق فوری بحال کرانیہیں 8 فروری کی مینڈیٹڈ حکومت کیسے تشکیل پانی ہے اس کے فیصلے اب آئین وقانون کی تشریح سے عدلیہ نے کرنے ہیں۔ اڑھائی سال سے جاری ملکی داخلی سیاسی انتشار اپنے تسلسل اور جملہ اشکال کے اضافے سے شدت اختیار کرتا، قومی زندگی کے ہر شعبے خصوصاً عوام کی گزر بسر کو منفی متاثر کرتا، باہمی داخلی تنازعے کی شکل تو اختیار کر گیا ہے۔ یہ) ISC ملکی داخلی تنازعات (ترقی پذیر دنیا کا عام رجحان ہے، اب تو یہ فلسفہ جمہوریت کی پریکٹس میں کھوٹ اور منافقت غالب ہونے سے، اس عوام دشمن رجحان ترقی پذیر جمہوریتوں کا بھی رخ کر گیا ہے) اس پر کبھی بات ہوگی (لیکن پاکستان کے قیام کے 77 سال بعد اس نے جتنی گھمبیر اور پیچیدہ شکل اختیار کی ہے، وہ ترقی پذیر دنیا کے آئی ایس سیز کی مجموعی شکل کے برعکس مکمل منفرد اور زیادہ تشویش کا حامل ہے۔ وجہ پاکستان میں ترقی پذیر دنیا کی مجموعی اولیگارکی) مافیہ راج (کے پیدا کردہ ماورائے آئین و جمہوریت حکومتی عوام دشمن ہتھکنڈوں کیخلاف، عوام الناس کی مزاحمتی صلاحیت ہے، جس میں حصول حق آزادی رائے کیلئے میڈیا کی مزاحمت سرفہرست ہے۔ اب اس میں سوشل میڈیا) اپنی قباحتوں کے باوجود (نے چند ہی سال میں بہت اضافہ کر دیا ہے۔ پھر پاکستانی موجود اور نئی نسل اپنے جمہوری مزاج بزرگوں کے سیاسی مزاج و رجحان کی وارث ہے، جنھوں نے نئی مملکت کا ناممکن سا قیام اپنی کمال علمی وفکری و اعلیٰ ابلاغی صلاحیتوں اور جمہوری جذبے سے کیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے پہلے ہی عشرے میں قائد کی رخصتی اور انکے دست راست کی شہادت سے مطلوب گڈ گورننس کا جو بڑا خلا ابتدا ہی میں پیدا ہوا اس نے پاکستان کی قومی سیاست میں دوطرفہ سیاسی وحکومتی مزاحمت کو جنم دیا۔ یوں آئین سازی میں تاخیر، اسکی تشکیل پر عدم اطلاق کی سازشیں، عوام سے متضاد جاگیردارانہ سیاست و بیوروکریسی کے گٹھ جوڑ نے 1956 کے جمہوری آئین کی تشکیل اور نفاذ کے باوجود اسے معطل ومنسوخ کر کے پہلے دس سالہ مارشل لا سے مستحکم عشرہ قائم کرانے میں کامیابی حاصل کی۔ ہماری 77 سالہ تاریخ کا یہ پہلا عشرہ بہت پیچیدہ تھا، جو 3 سالہ خالص مارشل لا پھر 7 سالہ فرد واحد کے دستور (1962) پر مشتمل تھا۔ عوام قبولیت کے مقابلے میں اس کیخلاف جمہوری مزاج کے آئین کی اہمیت پر چوکس اہل سیاست کی مزاحمت، آنیوالے عشرہ میں نحیف جمہوری یا نیم جمہوری متنازع ادوار کے مقابل بہت کم تھی۔ پہلے مارشل لائی دور کی حقیقت یہ نہیں کہ اسکے نفاذ کیساتھ ہی مستحکم مرکز اقتدار قائم ہوتے ہی واحدانہ طرز حکومت میں مشرقی اور مغربی پاکستان ہر دو صوبوں میں غیر جمہوری حکومت کے قیام کو عوامی پذیرائی ملنے کا درجہ بھی بلند تھا اور ملکی سیاستدانوں کی بھی بڑی کھیپ نے اسے خوش آمدید کہا۔ جدید تعلیمیافتہ ذوالفقار علی بھٹو، چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر ایوب خان کے بلیو آئیڈ بوائے کے طور کابینہ میں نئی نسل کے نمائندہ تھے جبکہ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح سمیت مشرقی ومغربی پاکستان سے تعلق رکھنے والے تحریک قیام پاکستان کے سیاست دانوں کی ایک بڑی کھیپ نے نفاذ کو خوش آمدید کہا، وہ 1962 کے آئین کو قبول کرتے ایوبی کابینہ میں بھی شامل رہے۔ بی ڈی سسٹم نے ہر دو صوبوں مشرقی ومغربی پاکستان میں بی ڈی نظام سیاست کی قبولیت کو بڑے فیصد میں قبولیت بخشی لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ محدود آزاد میڈیا، نیم انقلابی جمہوری پہلوؤں کیخلاف مزاحمت اور جوابی حکومتی فسطائیت جاری رہی۔ لیکن آئین 1962 کی بڑے فیصد میں سیاسی و عوامی قبولیت سے ملکی سیاست میں ٹھہراؤ تو آیا تھا،

قومی صراط مستقیم

علم سیاست کی رو سے ایک جمہوری معاشرے میں تمام شہریوں کو منجانب ریاست احتجاج کا آئینی حق، اللہ تعالیٰ کی اپنے بندوں پر ان گنت نعمتوں میں سے فقط ایک ہے لیکن حجم میں بڑی اور بیش بہا، اس) حق احتجاج (کے کثیر الجہت فوائد اپنی نوعیت اور بنی فشریز کے وسیع دائرے کے حوالے سے اتنے کہ یہ مختلف نظام ہائے حکومت میں کامیاب ترین نظام جمہوریت کی فلاسفی، تشخص اور ستونوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ گویا یہ بنیادی انسانی حق صحت مند جمہوریت کے چند لازموں میں شامل ہوتا ہے۔ ایک جمہوری ریاست میں پولیٹکل سائنس کے علم کا اطلاق اپنی پریکٹس اور اس کے جملہ پہلوؤں پر تحقیق بار بار اس امر کی تصدیق کرتی ہے کہ جن ریاستوں میں آئین کی مکمل اور حقیقی پیروی کرتے حکومتیں اپنے شہریوں کو احتجاج کا حق بلا رکاوٹ فراہم کرتی ہیں ان میں ایک بڑے فیصد میں ریاست وحکومت کی جملہ ضرورتیں خود بخود پوری ہونے کا نظام بننے اور مسلسل مستحکم ہونے کا عمل شروع ہو جاتا ہے جو خود حکومتوں اور شہریوں دونوں کے مفادات کو محفوظ کرنے کا ضامن بن جاتا ہے جس سے حکومت، ریاستی اداروں پر عوام کا اعتماد قائم رہتا اور بڑھتا ہے اور حکومتیں اپنے اقدامات اور جمہوری اپروچ دونوں اعتبار سے عوام کے قریب اور ان کی معاون بن جاتی ہیں۔ اس رجحان سے عوام کی اقتدار میں شرکت عملاً ہو جاتی ہے اور اس کا تاثر عوام الناس کی سطح پر عام ہوتا ہے جس سے بہترین جمہوری فضا بنتی ہے جو اپنے بلا رکاوٹ استقلال سے آئیڈیل ہوتا ہے اور حکومتوں کے استحکام، عوام کے اطمینان، کاروباری زندگی کی روانی کیلئے آکسیجن اور سرمایہ کاری کی نتیجہ خیز ترغیب کا سبب بنتا ہے اس سے اندازہ لگالیں کہ شہریوں کو حق احتجاج ملکی سیاسی عمل کو تو صحت مند رکھتا ہی ہے اس کے اثرات ملکی معیشت اور عوامی خوشحالی تک پر مثبت ہوتے ہیں۔ علم سیاسیات کا ہی علم واضح کرتا ہے کہ ترقی پذیر جمہوریتوں کمزور ڈگمگاتی اور عدم تحفظ کے احساس میں مبتلا رہنے والی حکومتیں آئین میں شہریوں کو حق احتجاج کی واضح موجودگی اور اسے تسلیم کرنے کے جواز کے باوجود مخالف سیاسی جماعتوں کو احتجاج کا حق دینے پر آمادہ نہیں ہوتیں۔ انہیں یہ حق لینے میں جملہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے غیر ضروری طور پر اور مقاصد کے قوانین ہتھیار کے طور اپوزیشن کو دبانے ان پر تشدد اور احتجاج سے باز رکھنے کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ یوں حکومت اپوزیشن تعلق بگڑ کر بڑھتا ہے تو عدم استحکام کی صورت بنتی ہے۔ واضح رہے حق احتجاج کا براہ راست تعلق شہری آزادیوں سے ہے یہ حق ہر شہری، گروپ آف پیپلز اور صحافیوں، اقلیتوں، خواتین، مختلف پیشہ ورانہ تنظیموں، کسانوں اور مزدوروں کے بنیادی وعمومی مفادات یا غم روزگار کے معاملات ومسائل سے ہوتا ہے۔ ترقی پذیر جمہوریتوں کی نااہل غیر پختہ اور لو کپیسٹی حکومتیں مختلف النوع فیصلہ سازی میں دانستہ نادانستہ بڑے بڑے بلنڈرز کرتی ہیں اس سے مختلف طبقات کے بنیادی حقوق اور مفادات متاثر ہوتے ہیں تو ان کی نشاندہی اور حکومتی عوام مخالف فیصلہ سازی کی نشاندہی مفصل ومکمل شکل میں متاثرین کے احتجاج سے ہی ہوتی ہے۔ جب وہ اپنے حق کا استعمال کرتے ہیں تو فیصلہ سازوں کو نشاندہی ہوتی ہے کہ وہ کیا کچھ غلط کر گئے اگر وہ تصحیح سے انکاری ہو جائیں تو حق احتجاج تمام تر جبر وصبر کے باوجود لینے اور اسے دبانے کی کوشش ہر دو طرف سے ہو کر مزاحمتی ماحول سے سیاسی عمل، گورننس، حکومتی پوزیشن اور عوامی مفادات متاثر ہو کر گورننس کی ناکامی وکمزوری، اس کی قانونی حیثیت امیج کے حوالے سے کم تر درجے پر آنے سے رواں سیاسی عمل ڈسٹرب ہوتا اور عوام مایوس جبکہ احتجاج کی اجازت وحوصلہ افزائی عوام کے اطمینان حکومت کو عوام کے مفادات سے آگہی اور مفت میں سیاسی عمل کی ضرورت کے مطابق یہ ہینڈل ہو جاتا ہے اسے بیہارے دور میں اپنی وضاحتیں، تردیدیں اور پروپیگنڈا جیسے جھنجٹ سے بچے رہنے کا اہتمام صرف سیاسی جماعتوں، گروپس آف پیپلز اور افراد کو حق احتجاج دینے سے ہو جاتا ہے اس کے برعکس حکومت کیخلاف یہ نا دینے پر اس کا عوام میں امیج سے لیکر اس کی قانونی حیثیت آئین کی تابعداری اور اطلاق کی غلطیوں کا ارتکاب مستقل بے معنی حکومتی رویے کی شکل اختیار کر لے تو نیچے سے اوپر تک اور ملکی سطح پر بہت کچھ بگڑتا ہے حکومت خود کو احتساب سے فری سمجھنے لگتی ہے اور عوام اپنی محرومی کا موازنہ عوامی کھلواڑ سے کرنے کیلئے اپنا حق لینے پر تل جائیں تو تحریکوں اور ایجی ٹیشن کا ماحول بھی بنتا جاتا ہے ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کی جمہوریتوں میں شہریوں کو حق احتجاج کے آسان حصول اور اس میں حکومتی رکاوٹ اور مزاحمت سے فوائد اور خساروں اور گڈ اور بیڈ گورننس کی کیس اسٹڈیز، تحقیق وعلم سیاسیات کے لٹریچر میں بھری پڑی ہیں۔ گویا حق احتجاج کی فراہمی قوموں کی راہ مستقیم کا ذریعہ ہے۔ پاکستان کی 77 سالہ سیاسی تاریخ میں آئین سے محرومی، فرد کے آئین اور مرضی کی آئینی ترامیم سے پیدا ہونے والے بگاڑ نے جہاں نظام انصاف کی کوالٹی، لاقانونیت، دو قانونیت اور ریاستی اداروں پر عوام کے اعتماد کو کم تر کر کے ہر دور میں سیاسی ومعاشی بحرانوں کی کھلی جگہ بنائے رکھی، وہاں آئین کے اطلاق کے باوجود حق احتجاج سے شہریوں کو محروم رکھنے یا انکی حصول کی جدوجہد میں حکومتی مزاحمت نے بہ حیثیت مجموعی مختلف ادوار کے حوالے سے داخلی استحکام، گورننس کے معیار اور عوام کے اعتماد اور مورال کو جتنا اور مسلسل نقصان پہنچایا اس کا آج کل، حاصل ملک کا موجود گھمبیر بحران ہے۔ بار بار اور مسلسل بلند درجے کی محرومی نے حکومتوں کو کرپٹ، عوام سے دور خود غرض اور سیاسی کھلواڑ میں مبتلا کئے رکھا جس سے ریاستی اداروں، سرکاری محکموں کی ساکھ، کارکردگی اور امیج کو بلند درجے پر خسارہ ہوا آج یہ سیاسی مرض اسلامی جمہوریہ پاکستان میں اپنی انتہا پر ہے، اس حق سے مسلسل محرومی نے ہمیں بطور قوم حق احتجاج کے استعمال کے صحیح طریق سے آشنا بھی نہیں کیا۔ اگرچہ ایٹ لارج عوامی احتجاج پرامن ہی ہوتے ہیں لیکن حکومتوں کی انکے خلاف اشتعال انگیز کارروائیوں سے غیر ذمے داری کے مظاہروں اور ایجی ٹیشن کی بھی کمی نہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ حکومتیں حق احتجاج کی اس آئینی حق کی فراہمی میں اپنے مزاحمتی رویے میں تبدیلی لائیں اور سیاسی جماعتیں اور حکومتیں بھی ایسی باہمی قانون سازی کی طرف آئیں کہ سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو ڈھنگ اور موثر طور طریق سے آگاہی بھی دیں، لیکن اس میں غیر ذمے داری کے عنصر کی غالب حد تک ذمے دار حکومتیں ہی ہوتی ہیں۔ ملک میں سیاسی استحکام لانے میں اگر حکومت سنجیدہ ہے تو یہ نہیں چلے گا لاقانونیت اور دو قانونیت کی دیدہ دلیری سے جس طرح قوت اخوت عوام کا مینڈیٹ چوری کر کے پھر احتجاج کے خلاف مزاحمت کا شاخسانہ اب بہت مہلک ہو گا۔ وماعلینا الاالبلاغ

☆☆☆☆☆☆☆

ہمیشہ دیر کر دیتا ہوں

تحریر: حفیظ اللہ خان نیازی

کم وبیش پچھلے تین سال سے ہماری اسٹیبلشمنٹ کے کارِ جہاں گھمبیر، نمٹنے میں دیر کر دیتے ہیں۔ 27 اکتوبر 2022 جنرل ندیم انجم DG ISI کا میڈیا سے براہِ راست خطاب، ملکی تاریخ کا حیران کن واقعہ تھا۔ مرکزی خیال 2 ہی، عمران خان کا سائفر بیانیہ جھوٹا جبکہ ارشد شریف قتل کی واقعاتی شہادتیں سامنے لائے۔ عمران خان پہلی بار 2022 میں مقبول سیاست سے جب متعارف ہوئے، بنیاد ہی جھوٹ پر رکھی۔ دسمبر 2021 میں سیاست کیز یرو کو چند ماہ بعد سائفر جھوٹ نے ہیرو بنا ڈالا۔

12 اپریل 2022 کو میرے بیٹے حسان خان نے عمران خان کے سیاسی مستقبل بارے پوچھا، میرا جواب! چھ ماہ اندر عمران خان اور اسٹیبلشمنٹ میں سے ایک نے بچنا ہے۔ اگرچہ عمران خان پہلا راؤنڈ جیت چکا ہے، اسٹیبلشمنٹ سے ٹکر لیکر سیاسی مستقبل مخدوش ہے۔ عمران دورِ حکومت کرپشن، نااہلی، بدانتظامی ہر شعبہ میں بدترین کارکردگی، دوسری طرف 2018 الیکشن میں وعدوں پر زمین اور آسمان کے قلابے ضرور ملائے، وفا نہ ہو سکے۔ عمران خان کی کامیابی کہ بھیا تک دورِ حکومت سے صرف نظر ہے، زیر بحث سائفر جھوٹ ہے یا سائفر سچ ہے۔ ایسا ناممکن! اسٹیبلشمنٹ کی طاقت، عمران خان سے ہار جائے۔ عمران خان کو اقتدار چھننے کی بھنک پڑی تو براہِ راست اسٹیبلشمنٹ کو اپنی توپوں کے دہانے پر رکھ لیا۔ جنرل باجوہ کو جب میر جعفر کہا تو عمران مخالفین میں جنرل باجوہ کا دفاع کرنیوالوں کی تعداد صفر تھی۔ دوسری طرف، جنرل باجوہ گالیاں کھا کے بے مزہ نہ ہوا کہ مفاد کو نظر انداز کرنے میں تھا۔ 8/9 ماہ اسٹیبلشمنٹ کی گومگو کی کیفیت میں عمران خان بذریعہ سوشل میڈیا، جلسے جلوس، ریلیاں، مارچ سائفر بیانیہ پر بھرپور تائید حاصل کرتا رہا۔ تا آنکہ ملکی سیاست کا محور اکلوتا عمران خان بن گیا۔

27 اکتوبر 2022 جنرل ندیم انجم کی پریس کانفرنس میں سچ سامنے آیا تو تب تک عمران خان کا جھوٹ ملکی طول و عرض اور کرہ ارض کے درجنوں چکر لگا چکا تھا۔ ارشد شریف قتل کیس پر بھی جنرل ندیم نے جھوٹ کا خوب احاطہ کیا اور واقعاتی شہادتوں کی تفصیل دی مگر عمران خان اس سے فائدہ اٹھا چکا تھا۔ عمران خان نے ستمبر 2022 میں ادارے پر چڑھائی کی ٹھانی کہ لیفٹیننٹ جنرل عاصم منیر کی بطور آرمی چیف ممکنہ تعیناتی رکوانی تھی،

ایک جہاں ششدر تھا۔ راولپنڈی GHQ پر لشکر کشی کی منصوبہ بندی، 9 مئی 2023 سے زیادہ بھیانک واقعہ سمجھتا ہوں۔ ستمبر اکتوبر میں رائے عامہ کو اکسایا بھڑکایا، مارچ پر آمادہ کیا۔ لائیو TV نشریات، جلسے، ریلیاں، انٹرویو، بیانات میں رٹ ایک ہی کہ جنرل عاصم منیر کو چیف نہیں بننے دینا، اسلام آباد مارچ جہاد اکبر ہے۔ عمران سوشل میڈیا ٹیم نے بیہودگی، بے شرمی، بازاری زبان کی بھرمار کر ڈالی۔ ارشد شریف کا قتل لانگ مارچ میں جان ڈالنے کا تڑکا تھا کیونکہ جہاد کمپین کو خاطر خواہ پذیرائی نہیں مل رہی تھی۔ عمران خان نے پلک جھپکتے ایسا تاثر پھیلایا جیسے قتل میں جنرل عاصم منیر یا اسکے زیر اثر کچھ افسران ڈرٹی ہیری، XYZ جیسے نام، ملوث تھے۔ جنرل ندیم DG ISI نے جب تک ارشد شریف قتل کی کچھ گتھیاں سلجھائیں، عمران خان سیاست اس سے فائدہ اٹھا چکی تھی۔ ہمیشہ کی طرح دیر کر دی۔ کاش اپریل میں سائفر پر اور اگلے دن ارشد شریف قتل پر تفصیلات آ جاتیں تو عمران خان کا مکو ٹھپنے میں کچھ آسانی ہوتی۔

پچھلے ہفتہ کے کالم اسٹیبلشمنٹ کی نیت اور اہلیت میں جو رونا رویا تھا، دو دن پہلے دیکھنے کو ملی۔ اسلام آباد جلسہ کی تقاریر PTI کے گلے پڑنے کو تھیں کہ پارلیمنٹ پر حملہ، اسٹیبلشمنٹ کی نااہلی مستحکم کر گیا۔ کیا اسٹیبلشمنٹ کسی طور اپنی گوشمالی بھی کر پائیگی؟ آج اتحادی حکومت، سیاسی جماعتیں مدافعت پر، چند دن پہلے مولانا فضل الرحمان آئینی ترمیم پر آمادہ نظر آئے، آج انکاری ہیں۔ تحریک انصاف جلسہ کے جرائم سے بھی توجہ ہٹ چکی ہے۔

پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی تعیناتی پر نئی تکلیف دہ خبر، اسٹیبلشمنٹ پر خطرناک الزام چسپاں ہے۔ وائس چانسلر زور زبردستی لگوائے ہیں اور وجہ مذہبی وابستگی بتائی گئی ہے۔ ایک تاثر اور بھی کہ پچھلے چند سال سے وطنی طول و عرض میں میرٹ سے زیادہ مذہبی وابستگی ترجیح بن چکی ہے۔ اگر صدر، وزیراعظم، وزرائے اعلیٰ، اداروں کے سربراہان اور دیگر ایسے ذمہ دار ان تعیناتیوں پر ایسی ترجیحات رکھیں گے تو پھر مملکت کیلئے "اناللہ" ہی پڑھ لیں۔

عمران خان سیاست کی PERCEPTION MANAGEMENT کو فل مارکس، ادھر عمران خان بات گھڑتا ہے، سوشل میڈیا اسکو الہام بتاتا ہے۔ یہی وجہ، جب تک عمران خان کا جھوٹ پکڑا جاتا وہ دنیا کی سیر مکمل کر کے واپس، موصوف کا نیا جھوٹ رخت سفر باندھ چکا ہوتا ہے۔ عمران بجائے حساب دینے کے حساب لیتا ہے۔

جنرل فیض حمید کی گرفتاری پر دلچسپی اتنی کہ کیا ماضی کی طرح اس بار بھی عمران خان حساب کتاب دینے کی بجائے اسٹیبلشمنٹ سے حساب کتاب لے گا؟ یقین کامل، ادھر چند ہفتوں کی تاخیر، ادھر عمران خان کی Perception Management حقائق پر غالب آ جائیگی۔ جنرل فیض حمید کے بارے یکسو کہ 10 اپریل 2022 یا اس سے کچھ پہلے، عمران خان سیاست کو تسلسل سے طاقت فراہم کی۔ جلسے جلوس، ریلیاں، مارچ، ضمنی انتخابات، پرویز الٰہی وزارتِ اعلیٰ، عدالتی فیصلے، اسکے پیچھے یا اوپر سب فیض کا کرم تھا کہ عمران خان کی بات اب تک بنی ہوئی ہے۔ مت بھولیں کہ جنرل باجوہ کی اشیر باد کے بغیر فیض ایک بندہ ناچیز تھا۔ گمان اغلب، 29 نومبر 2022 کے بعد جنرل فیض نے جو کچھ کیا، اپنے گناہوں کا کفارہ ادا کرنے کیلئے کیا ہوگا۔ نپی تلی رائے، حرکات وسکنات بعد از ریٹائرمنٹ بمطابق اسکرپٹ تھیں، چنانچہ عمران خان اپنے انجام کو پہنچنے کو ہیں۔ شرط اتنی کہ ہمیشہ کی طرح دیر نہ ہو جائے، فیض حمید کارڈ بھی پہلے کی طرح کہیں EXPIRE ہو کر غیر موثر نہ ہو جائے۔ میں مان ہی نہیں سکتا کہ ریٹائرمنٹ کے بعد جنرل فیض اپنے طور پر ایسی بہیمانہ حرکت کا سوچتے۔ یقیناً یہ عمران خان کیلئے ہنی ٹریپ ہی ہوگا۔ مملکت کو بحران سے نکلنے کا آخری موقع ہے۔ امید ہے سچ آئیگا، حق جب آتا ہے تو جھوٹ بھاگ جاتا ہے۔

ڈیجیٹل دہشت گردی کے سدباب کی ضرورت

تحریر: شاہ میر خان

تاریخ وہ لوگ رقم کرتے ہیں جو زندگی کا گہرا شعور اور احساس رکھتے ہیں۔ شاعرِ مشرق اقبال کہتے ہیں تو اِسے پیمانہ امروزِ فردا سے نہ ناپ جاوداں، پیہم دواں، ہر دم جواں ہے زندگی۔ ان کے ہاں زندگی ایک مقصد سے عبارت ہے جس کا مختلف صورتوں میں اظہار ہوتا رہتا ہے۔

پاکستان جو ایک عظیم الشان مقصد کی قوت سے وجود میں آیا ہے، وہ اسی نصب العین کی طاقت سے ترقی اور خوشحالی کی شاہراہ پر آگے بڑھ سکتا ہے، مگر گزشتہ ایک عشرے سے اِس میں انہونے واقعات کا ایک تانتا بندھا ہوا ہے۔ سقوطِ ڈھاکہ تو سقوطِ غرناطہ کے بعد امتِ مسلمہ کیلئے بہت بڑا تاریخی سانحہ تھا جس کی ہماری قومی غلطیوں نے برسوں پرورش کی تھی۔ اس اندوہناک سانحے کے نتیجے میں مسٹر ذوالفقار علی بھٹو برسرِ اقتدار آئے اور انہوں نے بگڑے ہوئے معاملات بڑی حد تک سنبھال لیے تھے، اہلِ وطن کو ایک متفقہ دستور بھی دیا اور لاہور میں اسلامی سربراہ کانفرنس کا بڑی شان وشوکت سے انعقاد کیا۔ اِس کے علاوہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا عمل بھی حیرت انگیز سرعت سے تیز کر دیا تھا، مگر انہیں عقلِ کل ہونے کا خمار لے بیٹھا۔ وہ اپنے قریبی ساتھی جناب جے۔ اے رحیم سے بھی بہت بیرحمی سے پیش آئے تھے جنہوں نے ان کی سیاسی جماعت کو اپنا خونِ جگر دیا تھا۔ انہیں مختارِ کل بن جانے کا بھی بڑا شوق تھا، چنانچہ قومی اسمبلی میں دو تہائی اکثریت حاصل کرنے کیلئے انہوں نے 1977 کے انتخابات میں بڑے پیمانے پر دھاندلی کے انتظامات کیے۔ اپوزیشن جماعتوں نے انتخابات کے نتائج تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور فوج کے زیرِ اہتمام نئے انتخابات کرانے کا مطالبہ زور پکڑتا گیا۔ بھٹو صاحب نے عوامی مطالبہ تسلیم کرنے میں بہت وقت ضائع کر دیا جس کے نتیجے میں ملکی نظم ونسق مفلوج ہو گیا، چنانچہ پاکستان کو خانہ جنگی سے بچانے کیلئے فوج نے اقتدار سنبھال لیا۔ مسٹر بھٹو نوجوانوں میں بیحد مقبول تھے، اِس لیے انہیں ٹھکانے لگائے بغیر عسکری قیادت کیلئے حکومت چلانا حد درجہ دشوار ہوتا جا رہا تھا۔ متوسط اور جمہوریت پسند طبقے بھٹو صاحب کی آمریت سے بہت زیادہ تنگ آئے ہوئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ جب مارشل لا نافذ ہوا، تو عوامی حلقوں میں مٹھائیاں تقسیم کی گئیں۔ اِس فضا سے فائدہ اٹھاتے ہوئے فوجی قیادت نے اعلیٰ عدلیہ سے ساز باز کی جس نے نواب محمد احمد خاں قصوری کے قتل کے جرم میں انہیں سزائے موت سنا دی۔ حال ہی میں ہماری سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ دیا ہے کہ مسٹر بھٹو کا ٹرائل منصفانہ نہیں تھا۔ بلاشبہ مسٹر بھٹو کا غلط طور پر خاتمہ سیاسی عمل کیلئے بیحد نقصان دہ ثابت ہوا اور عدلیہ کے وقار کو بھی ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا۔ سب سے بڑا ظلم یہ ہوا کہ فوج کے اندر اِقتدار کی خواہش اور عہدیداروں کو سیاست میں دخل دینے کا چسکا پڑ گیا۔

اِسی غلط روش کے نتیجے میں 2014 کے اوائل میں علامہ طاہر القادری کی روحانی طاقت کے بل بوتے اور خلائی مخلوق کے اشارے پر تحریکِ انصاف کے بانی جناب عمران خان نے اسلام آباد کا محاصرہ کر لیا۔ ان کا دھرنا کئی مہینے جاری رہا۔ اِس دوران پارلیمنٹ ہاؤس کی عمارت پر قبضہ کر لیا گیا اور ارکانِ پارلیمنٹ کئی ہفتے عمارت کے اندر مقید رہے۔ وہیں نہاتے، کپڑے دھوتے اور قیام کرتے۔ انہیں ہر وقت بلوائیوں کے اندر گھس آنے کا دھڑکا لگا رہتا تھا۔ اس وقت سپیکر جناب ایاز صادق تھے۔ انہوں نے دھرنا دینے والوں کے خلاف مقدمات درج کرائے، مگر کسی کو سزا نہ ہوئی۔ یہ ہماری تاریخ کا ایک انہونا واقعہ تھا۔ اس دھرنے میں سپریم کورٹ کے راستے بھی بند کر دیے گئے اور جج صاحبان متبادل راستوں سے عدالت تک پہنچتے رہے۔ اسی دوران پی ٹی وی کے ہیڈکوارٹر پر دھاوا بولا گیا جس کے باعث نشریات کا نظام درہم برہم ہو گیا۔ یہ راز اب سبھی کو معلوم ہے کہ 2018 کے انتخابات میں دھاندلی کے ذریعے جناب عمران خان مسندِ اقتدار پر بٹھائے گئے تھے۔ ساڑھے تین سال ان کے فوجی قیادت سے تعلقات خوشگوار رہے، لیکن بعدازاں ان کی ہرزہ سرائی اور اِنتہائی مایوس کن حکومتی کارکردگی سے ان کے درمیان سخت کشیدگی پیدا ہو گئی۔ صاف نظر آنے لگا تھا کہ پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچانے کیلئے تحریکِ انصاف کی حکومت کا خاتمہ ازبس ضروری ہے، چنانچہ ان کے خلاف تحریکِ عدم اعتماد آئی جو کثرتِ رائے سے کامیاب ہو گئی۔ اس وقت سے عمران خان پاکستان کے سب سے مضبوط اور منظم ادارے فوج کے خلاف نفرت بھری زبان استعمال کر رہے ہیں۔

ان کی جماعت نے اسلام آباد میں 8 ستمبر کو جلسہ عام کرنے کا اعلان کیا تھا۔ انتظامیہ نے اس پر ایسی پابندیاں عائد کیں جو تاریخ میں پہلی بار دیکھنے میں آئیں۔ مثال کے طور پر جلسے کا وقت شام چار بجے سے سات بجے تک مقرر کیا گیا جو بڑا ہی مضحکہ خیز تھا۔ راقم الحروف نے تقسیم ہند سے پہلے ایک جلسے میں شرکت کی تھی جس میں سید عطاء اللہ شاہ بخاری عشا کی نماز کے بعد تقریر کرنے کھڑے ہوئے اور صبح کی اذان پر وہ ختم ہوئی۔ جلسے میں وقت کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ بتایا جاتا ہے کہ جلسہ سات بجے کے بجائے کوئی رات کے دس بجے تک جاری رہا جس میں بڑی سخت اور اِشتعال انگیز تقریریں ہوئیں۔ وزیرِ اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے اعلان کیا کہ پندرہ روز میں پٹھانوں کا ایک لشکر پنجاب پر حملہ آور ہوگا۔ جلسے کے بعد پولیس نقاب پہن کر پارلیمنٹ ہاؤس میں داخل ہوئی اور تحریکِ انصاف کے دس اہم ایم این ایز گرفتار کر لیے۔ ایسا ہماری تاریخ میں پہلی بار ہوا ہے جس کے خلاف پارلیمنٹ کے اندر اور باہر شدید احتجاج ہوا۔ اسپیکر صاحب نے بھی شدید برہمی کا اظہار کیا ہے اور سیکورٹی کے پانچ افراد معطل کر دیے ہیں۔ حکمران جماعت اور ان کی حلیف جماعتوں کی طرف سے بھی شدید ردِعمل سامنے آیا ہے۔ اِس مسئلے پر گفتگو کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے میثاقِ پارلیمنٹ کی تجویز پیش کی ہے جس کی نائب وزیرِاعظم جناب اسحٰق ڈار نے تائید کی ہے اور سولہ رکنی کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ ہو گیا ہے۔ اِس وقت پارلیمنٹ کے تحفظ، نفرت اور اِشتعال پر مکمل کنٹرول اور ڈیجیٹل دہشت گردی کے سدِباب کی اشد ضرورت ہے۔

مقابلہ

تحریر: مظہر برلاس

وطن عزیز میں دوسری مرتبہ کسی خاتون کو سیکرٹری خارجہ لگایا گیا ہے، اس سے پہلے خاتون سیکرٹری خارجہ تہمینہ جنجوعہ کام کر چکی ہیں، اب 1966 میں پیدا ہونے والی آمنہ بلوچ کو سیکرٹری خارجہ تعینات کیا گیا ہے، آمنہ بلوچ نے قائداعظم یونیورسٹی سے تاریخ میں ماسٹرز کیا جبکہ سنگاپور سے ایم بی اے کی ڈگری حاصل کی 1991 سے سروس کا آغاز کرنے والی آمنہ بلوچ کے متعلق دفتر خارجہ کی ترجمان ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا ہے کہ آمنہ بلوچ پاکستان کی 33 ویں سیکرٹری خارجہ ہیں، ایک تجربہ کار سفارت کار، آمنہ بلوچ نے کئی اہم ذمہ داریاں انجام دی ہیں، وہ چین اور ملائیشیا کے علاوہ یورپی یونین، بلجیم اور لیکسمبرگ میں سفیر رہیں۔ کیا حسن اتفاق ہے کہ اس وقت ترجمان دفتر خارجہ اور سیکرٹری خارجہ دونوں بلوچ ہیں، ممتاز زہرا بلوچ سے پہلے بھی دو خواتین دفتر خارجہ کی ترجمان رہی ہیں، پہلی ترجمان تسنیم اسلم ایک ماہر سفارت کار کے علاوہ فنون لطیفہ پر بھی دسترس رکھتی تھیں، روحانیت پرست تسنیم اسلم اپنے مرشد کا نام بتانے سے ہمیشہ گریزاں رہیں۔ دفتر خارجہ کی دوسری ترجمان عائشہ فاروقی تھیں، عائشہ فاروقی نے اپنے چھوٹے چھوٹے مضامین پر مشتمل ایک کتاب شائع کی ہے۔ بھارت نے بھی اسی سال اگست میں یونین پبلک سروس کمیشن کی چیئرپرسن پریتی سودن کو مقرر کیا ہے، یہ کمیشن ایک جمہوری ادارہ ہے جو امتحان کے ذریعے پورے ملک اور مرکزی سول سروس کیلئے افسران کی تقرری کرتا ہے۔

پریتی 1983 کے ایڈمنسٹریٹیو سروس بیچ کی افسر ہیں ان کا تعلق کرناٹک سے ہے، آندھرا پردیش کیڈر کی پریتی سودن مرکزی سیکرٹری صحت رہیں، وہ بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ جیسے کلیدی مشنوں پر کام کر چکی ہیں۔ ہمارا انڈیا سے ہر شعبے میں مقابلہ ہو جاتا ہے، شاید مقابلے کی یہ دوڑ ایک ساتھ آزاد ہونے والے ملکوں میں پہلے دن ہی سے شروع ہو گئی تھی، بھارت میں پہلے پندرہ سال وزیراعظم رہنے والے جواہر لعل نہرو نے ہماری ابتدائی حکومتوں اور سیاستدانوں پر تبصرہ کرتے ہوئے ایک دن کہا تھا میں اتنے پاجامے تبدیل نہیں کرتا، پاکستان میں جتنی حکومتیں بدل جاتی ہیں۔ پاکستان میں خاتون وزیراعظم بینظیر بھٹو 1988 میں بنیں جبکہ بھارت میں اندرا گاندھی 60 کی دہائی میں وزیراعظم بن گئی تھیں۔ 1971 کی جنگ کے بعد ایک دن وزیراعظم اندرا گاندھی اپنے آفس میں کام کر رہی تھیں، انہوں نے شیشے میں سے جھانکا تو دیکھا کہ آرمی چیف مانک شاہ کوریڈور میں پھر رہے ہیں، اندرا گاندھی نے اپنے اسٹاف ممبر کو بلایا اور پوچھا کہ کوریڈور میں کون پھر رہا ہے؟ اسٹاف نے بتایا کہ آرمی چیف مانک شاہ! اس پر اندرا گاندھی کہنے لگیں، ان سے کہیں یہاں سے ابھی چلے جائیں، ان کا جو بھی کام ہے وہ سیکرٹری ڈیفنس کو بتائیں۔ ہمارا انڈیا سے کبھی کبڈی تو کبھی ہاکی میں مقابلہ رہا، کرکٹ میں تو اب تک مقابلہ جاری ہے، موسیقی کی بات سامنے آئے تو بھارت کی لتا منگیشکر جیسی گلوکارہ نے کہا کہ مہدی حسن کے گلے میں بھگوان بولتا ہے۔ ہمارے لڑنے والے فوجیوں کا حوصلہ بڑھانے والی ملکہ ترنم نور جہاں کو قدرت نے خوبصورت آواز عطا کر رکھی تھی۔ ہم صنعتی لحاظ سے بھی بھارت سے آگے تھے مگر بھٹو صاحب نے نیشنلائز کر کے معیشت کی کشتی ڈبو دی۔ دنیا کے کئی ملکوں نے ہمارے پانچ سالہ منصوبوں کی نقل کی۔ ہم معاشی لحاظ سے بھی 1988 تک بھارت سے آگے تھے پھر ہماری نام نہاد جمہوریت کا سفر شروع ہوا

پی ٹی آئی کا مستقبل

تحریر: ابوبکر قدوسی

نو مئی سے پہلے سیاسی منظر خاصا مختلف تھا۔ بیرسٹر گوہر کا نام کوئی نہیں جانتا تھا۔ شیر افضل مروت سے اور تو کجا پی ٹی آئی بھی واقف نہیں تھی۔ بہت سارے نام ایسے ہیں کہ جو پی ٹی آئی میں موجود تھے مگر پچھلی صفوں میں کہیں کھڑے تھے۔ وزیر اعلیٰ پختون خوا علی امین گنڈا پور عمران خان کے ایک جانثار کے طور پر مشہور تھے۔ عمر ایوب عمران کی کابینہ کے ایک گمنام سے وزیر تھے۔ پنجاب کے اپوزیشن لیڈر احمد خان بھچر کی صرف اتنی اہمیت تھی کہ وہ پنجاب میں بلا مقابلہ جیتنے والے ایم پی اے تھے۔ پی ٹی آئی کی لیڈرشپ میں بڑے بڑے اہم ترین نام شامل تھے، جو عمران خان کی حکومت میں بڑے بڑے عہدوں پر فائز تھے۔ غور کیا جائے تو ستاروں کی ایک کہکشاں تھی۔ پھر یوں ہوا کہ نو مئی ہو گیا۔ دنیا بدل گئی۔ کچھ ستارے ٹمٹمانے لگے بلکہ استحکام پاکستان پارٹی کے افق پر جھلملاتے دکھائی دیئے۔ جن ستاروں نے غیرت کا مظاہرہ کیا ان میں زیادہ تر ابھی تک جیلوں میں چمک رہے ہیں۔ کچھ ستارے مفرور ہو گئے۔ کچھ ابھی تک مفرور ہیں۔ کچھ پکڑے گئے۔ کچھ نے پریس کانفرنسیں کر دیں۔ کچھ نے سیاست چھوڑ دی۔ پچھلی صفوں میں بیٹھے کھلاڑی آگے آنا شروع ہوئے۔ خالی جگہیں پر ہونے لگیں۔ ورکرز لیڈر بننے لگے۔ عام کارکن لڑکیاں جیلوں میں گئیں تو پورے ملک کی آنکھوں کا تارہ بن گئیں۔ یوں محسوس ہونے لگا جیسے پی ٹی آئی پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہو رہی ہے۔ الیکشن آ گئے۔ بانی پی ٹی آئی کو سزائیں سنا دیں گئیں۔ پی ٹی آئی کو بطور جماعت الیکشن سے باہر کر دیا گیا۔ ان لوگوں کو ٹکٹ ملے جنہیں ان کے اپنے شہر میں کوئی نہیں جانتا تھا۔ مگر لوگوں نے انہیں عمران خان کے نام پر ووٹ دیئے۔ یعنی پی ٹی آئی نے جنھیں کھڑے کیے اور انہیں غیر متوقع طور پر ووٹ ملے۔ نتائج اتنے عجیب وغریب تھے کہ فارم سینتالیس کا سہارا لینا پڑا پھر بھی پی ٹی آئی اکثریتی جماعت تھی۔ رفتہ رفتہ معلوم ہوا کہ قوم تو اسی کے ساتھ ہے۔ پہلے وہ ہیرو تھا، پھر لیڈر بن گیا، جیل میں گیا تو دیوتا بنتا چلا گیا۔ مرشد کہلانے لگا۔ جیل میں بیٹھ کر دنیائے سیاست پر حکمرانی کرنے لگا۔ ساری سیاست اسی کی ذات کے اردگرد گھومنے لگی اور ابھی تک اسی کے اردگرد گھوم رہی ہے۔ جو پارٹیاں اس کے خلاف اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ملتی گئیں وہ عوام میں زیرو ہوتی گئیں۔ میاں محمد نواز شریف جاتی امرا تک محدود ہو گئے۔ آصف علی زرداری صدر ہوتے ہوئے بھی مقامی لیڈر لگتے ہیں۔ یہی دو سب سے بڑی سیاسی پارٹیاں تھیں۔ مولانا فضل الرحمٰن کو جب صورتحال کا اندازہ ہوا تو انہوں نے پی ٹی آئی کی طرف ہاتھ بڑھایا اور یک لخت پورے ملک میں ان کی عزت بحال ہوتی چلی گئی۔ محمود خان اچکزئی بڑے لیڈر کے طور پر سامنے آئے۔ یہ سارا منظر نامہ خواجہ آصف کا یہ بیان پڑھ کر میری آنکھوں کے سامنے گھوم گیا علی امین گنڈاپور خود بانی پی ٹی آئی کی جگہ لینا چاہتے ہیں، ان کے اسٹیبلشمنٹ سے رابطے ہیں، مگر بانی پی ٹی آئی سمجھتے ہیں کہ یہ رابطے انکے کام آئیں گے، یہ سب ایک دوسرے کو استعمال کر رہے ہیں۔ پی ٹی آئی کی قیادت خاص طور پر خیبر پختونخوا کے رہنما نہیں چاہتے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر آئیں۔ گنڈاپور چار دیواری میں الگ زبان استعمال کرتے ہیں اور اسٹیج پر آ کر مولا جٹ بن جاتے ہیں۔ خواجہ آصف کے بیان میں جو سب سے اہم بات ہے وہ بانی پی ٹی آئی کی جگہ خالی ہونے کی بات ہے۔ تب ہی کوئی شخص وہ جگہ لے سکتا ہے جب وہ جگہ خالی ہو۔ مجھے جو کچھ نظر آ رہا ہے وہ خواجہ آصف کے بیان کیا لکل برعکس ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ صرف دو تین ماہ میں بانی پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ کی آنکھوں کا تارہ ہونگے۔ ان کی جنبش ابرو پر گلشن کا کاروبار چلنے لگے گا۔ بادِ نو بہار گلوں میں رنگ بھرے گی۔ یقیناً آپ سوچ رہے ہونگے کہ میرے پاس اپنی اس پیشگوئی کے حق میں کیا دلیل ہو سکتی ہے۔ علامہ اقبال نے اپنی نظم طلوع اسلام میں ستاروں کی تنک تابی کو دلیل صبح روشن قرار دیا تھا۔ اگر کوئی غور کرے تو اس وقت ستاروں کی تنک تابی دکھائی دے رہی ہے اور بیشک ان میں غور کرنے والوں کیلئے بڑی نشانیاں موجود ہیں۔

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ خیبر پختونخوا کے رہنما نہیں چاہتے کہ بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر آئیں تو یہ بھی خواجہ آصف کی خواہش سے زیادہ کچھ نہیں، پی ٹی آئی کی کوئی لیڈرشپ بھی عمران خان کے بغیر کچھ نہیں۔ ابھی ورکرز نے عمر ایوب کے ساتھ کیا کیا۔ ہم سب نے دیکھا کہ انہیں پی ٹی آئی سیکریٹری شپ سے مستعفی ہونا پڑا۔ سلمان اکرم راجہ کو نیا سیکرٹری بنا دیا گیا۔ وہ پی ٹی آئی کے ایک نئے لیڈر کے طور پر ابھر کر سامنے آئے ہیں اس سے پہلے ہم انہیں پانامہ کیس میں نواز شریف کی فیملی کے وکیل کے طور پر جانتے تھے۔ جہاں تک پی ٹی آئی کی لیڈرشپ کا تعلق ہے تو اس وقت نون لیگ کے بڑے اہم نام پی ٹی آئی میں شامل ہونے کے خواہش مند ہیں مگر رکاوٹ یہ ہے کہ پی ٹی آئی میں صرف دو لوگ ہیں۔ ایک بانی پی ٹی آئی اور دوسرے پی ٹی آئی ورکرز۔ سو کسی آنے والے کو اپنی جگہ اسی طرح بنانی پڑے گی جیسے شیر افضل مروت یا گوہر علی خان نے بنائی ہے اور یہ آسان راستہ نہیں۔ اتنی قربانیوں اور اتنی محنت کے باوجود پی ٹی آئی کا ایک حلقہ شیر افضل مروت کے خلاف رہا ہے۔ اگر اسے عمران خان کی حمایت نہ حاصل ہوتی تو کبھی کا پی ٹی آئی سے فارغ ہو چکا ہوتا اور پی ٹی آئی ورکرز اتنے سخت ہیں کہ ایک ذرا سی غلطی کے سبب ابھی تک فواد چوہدری کو معاف کرنے پر تیار نہیں، حالانکہ اس کی قربانیاں کوئی کم نہیں۔ اس وقت اگر ورکرز کے نزدیک کسی کی عزت ہے تو وہ شاہ محمود قریشی ہیں، پرویز الٰہی ہیں، یاسمین راشد ہیں، عمر سرفراز چیمہ ہیں، محمود الرشید ہیں، اعجاز چوہدری ہیں یا ایسے کچھ اور لوگ جو ابھی جیلوں میں ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

جلسی اور اس کا رد عمل

تحریر: کشور ناہید

ہفتے کی رات گیارہ بجے، میرے اسسٹنٹ کا مظفر آباد سے فون آیا کہ میں اسلام آباد کے لئے روانہ ہو گیا ہوں۔ وجہ پوچھی تو اس نے کہا ہمارے علاقے کے تھانیدار نے بتایا ہے کہ رات بارہ بجے کے بعد، اسلام آباد جانے والی گاڑیاں بند کر دی جائیں گی۔ مری اور اٹک سے بھی ایسے ہی فون آئے تو میں نے سوچا آخر کل کیا ہے۔ کیلنڈر دیکھا تو 8 ستمبر تھی۔ اس دن کیا خاص بات تھی کہ نائن الیون تو امریکہ میں ہوا تھا۔ ٹی وی لگانا، خود کو برباد کرنے کے مترادف ہوتا ہے کہ سوائے لغویات کے ہوتا کچھ نہیں، خبریں سننے کیلئے بی بی سی بھی کبھی کوئی خبر دیتا ہے۔ صبح ساڑھے چھ بجے، میرے گھر کام کرنے والے لڑکے کا فون آیا کہ سارے راستے بند ہیں۔ کنٹینر لگے ہوئے ہیں۔ پھر کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ اخبار آیا تو اس میں وہی اس ہفتے کون سے فیشن ڈیزائن اچھے رہیں گے۔ ٹیلی فون اٹھایا تو وہ چل رہا تھا۔ خبروں میں ازراہ تفنن بتایا گیا کہ آج 4 بجے سے 7 بجے تک پی۔ ٹی۔ آئی کو جلسہ کیلئے وقت دیا گیا ہے۔ اس کے استقبال کیلئے اسلام آباد آنے والے سب راستے بند ہیں۔ میں نے ایک ہوٹل کو کھانے کا آرڈر دینے کیلئے فون کیا۔ وہاں بڑی دیر بعد کسی نے فون اٹھایا۔ میری آواز سنتے ہی کہا میڈم آج سارے ہوٹل، ریسٹورنٹ بند رکھنے کا حکم آیا ہے۔ اب میری سمجھ میں آیا کہ یہ ساری بندشیں لگانے کا حکم اس شخصیت کے دماغ میں آیا ہوگا جس نے پہلے پنجاب میں دن رات کام کرنے پر مقتدر حلقوں سے داد پا کر پہلے کرکٹ کا بیٹ ہاتھ میں لیا، پھر انہیں حلقوں کے حکم پر رانا ثناء اللہ کو نیچ کرتا ہوا وزارت داخلہ کے منصب پر شیخ رشید کا مذاق بھی اڑا رہا تھا اور یہ بھی کہہ رہا تھا کہ کچے کے ڈاکو تو میرے ایک ایس ایچ او کی مار ہیں۔ یہ سب تیاری دیکھ کر غالب کا مصرعہ، اس کے وجود کو مجسم کر رہا تھا۔ غالب نے لکھا تھا قیامت کے فتنے کو کم دیکھتے ہیں یہ مصرعہ یاد آتے ہی میں پرسکون ہو کر اپنی کتاب کے پروف پڑھنے لگی اور فیصلہ کیا کہ چار بجے کہاں جلسہ شروع ہوگا۔ مجھے یاد ہے مولانا فضل الرحمان تو جلسہ ختم ہوتے وقت پہنچا کرتے تھے۔ سیاسی جلسوں کی روایت کے مطابق میں نے فیصلہ کیا کہ شام 7 بجے کافی پیتے ہوئے، ٹی وی لگا کے پتہ کروں کہ کیا تماشہ کیا ہے۔ کنٹینروں کے درمیان گردن نکال کر بیرسٹر گوہر بار بار کہہ رہے تھے کہ باہر لوگوں کی بھیڑ ہے، عورتیں، مرد، سب باہر کھڑے ہیں۔ سارا علاقہ کنٹینروں سے بند ہے۔ لوگ کیسے اندر آئیں اور ساتھ ہی کچھ پٹاخوں، آنسو گیس کی بات کوئی صحافی بتا رہا تھا۔ میں نے پھر ٹی وی بند کر دیا۔ نو بجے خبروں اور وہ بھی بی بی سی نے بتایا کہ جلسہ تو ابھی تک ہو رہا ہے۔ گوہر کے علاوہ پی ٹی آئی کے مولا جٹ بھنگڑے میں وہ کچھ کہا کہ ایک طرف صحافی اگلے دن تک ناراض رہے اور پنجاب کی حکومتی خواتین کسی خاتون کا نام لے کر بار بار زن پکار رہی تھیں۔ مجھ ناتواں کی سمجھ میں نہیں آیا۔ صبح کو اٹی خبر آئی کہ جلسہ تو نو بجے کے بعد بھی جاری رہا اور پی ٹی آئی سے بجلی اور ٹینکروں کی کروڑوں روپے کا بل، پولیس مانگ رہی تھی۔ چلیں یہ باہمی قرض وصولی کا چکر تو ہم بڑے بڑے ملکوں سے برسوں سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ لوگ کس کھیت کی مولی ہیں۔ مگر سب سے تشویش ناک خبر کہوں، کہ واقعہ کہ محکمہ داخلہ کی ذہانت کو بھی چکر دے کر 8 گھنٹے تک مولا جٹ غائب رہا اور جب منظر عام پر آیا تو اپنے دفتر میں میٹنگ کر رہا تھا۔ اور اسلام آباد میں تمام شادی گھر والے خرچے کا بل لیے کھڑے تھے کہ ہم نے تو ولیمہ تیار کر رکھا۔ آپ ہی نہ آئے تو ہمارا بل کون دے گا۔ ساتھ ہی ساتھ حکومت کے کارندے کہہ رہے تھے کہ بس ایک سال میں ان کی چیخیں نکل گئی ہیں۔ اور لطف اٹھانے کے لئے جو اس وقت پولیس کے ہاتھ آیا پکڑ لیا گیا کہ انہوں نے اپنا روزنامچہ دکھانا تھا۔ اگلے دن شام کو ایک طرف صدر صاحب اور دوسری طرف وزیراعظم، دونوں الگ الگ اپنی پارٹیوں کے ممبران کو کس خوشی میں ظہرانہ دے رہے تھے اور ممبران بھی جوق در جوق آ رہے تھے۔ ہم سب ایک دوسرے سے پوچھ رہے تھے کہ قاضی عیسیٰ نے تو کچھ ایسی بات نہیں کہی کہ ان دونوں پارٹیوں کو اپنی پڑ گئی۔

سوشل میڈیا ٹرولرز اور فیک نیوز

تحریر: خضر انصاری

اس وقت پاکستان کو دہشت گردی کے عفریت اور ناسور کے سامنے کے ساتھ ساتھ جھوٹے اور من گھڑت پروپیگنڈے اور منفی بیانیے کا بھی سامنا ہے۔ بھارتی گودی میڈیا کا کردار بھارت کی صحافت پر ایک کالا دھبہ ہے جنہوں نے پوری دنیا میں بھارت کی تضحیک میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ بھارتی گودی میڈیا بے جے پی کی گود میں بیٹھ کر اس منشور کو ترجیح دی ہے جو بی جے پی یا راشٹریہ سیوک سنگھ کا نظریہ یا ان کی سیاسی حکمت ہے۔ پاکستان میں وقوع پزیر ہونے والے لوکل معاملات یا دیگر جو بھی معاملات ومسائل ہوں ان کو منفی انداز میں پیش کرنے کے لیے بھارتی میڈیا اور ان کے سوشل میڈیا ٹرولرز ہر وقت فیک نیوز کا سہارا لیتے رہتے ہیں۔ جھوٹے بیانیے اور پروپیگنڈے کے ذریعے پاکستان کے اداروں اور بالخصوص افواج پاکستان پر ہرزہ سرائی اور تنقید کی جاتی ہے تاکہ پاکستانی عوام کے دلوں میں اپنے اداروں سے عوام کو بدگمان کیا جا سکے۔ یہ انتہائی تشویشناک اور خطرناک عمل ہے۔ پاکستان میں اسپانسرڈ دہشت گردی کو پروموٹ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے سوشل میڈیا ٹرولز کے ذریعے جھوٹے پروپیگنڈے اور منفی بیانیے کو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جانے لگا ہے۔ مئی 2025 میں جو جنگ ہوئی پاکستان اور بھارت کے درمیان اس میں بھارتی

پروپیگنڈہ اور بیانیہ پٹ کر رہ گیا۔ بھارت نے جو جھوٹ بولنا شروع کیا اس کا دنیا کو پتہ چل گیا کہ بھارتی گودی میڈیا کوئی قابل اعتبار ذریعہ نہیں ہے۔ پاکستان نے بھارت کو ایسا سبق سکھایا کہ بھارت دنیا میں تنہا اور شکار دکھائی دیتا ہے۔ اگر دیکھا جائے تو پاکستان کی خارجہ پالیسی اس وقت تاریخ کے سنہرے دور سے گزر رہی ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی ہمیشہ سے دورس رہی ہے جس کے مثبت اثرات سامنے آ رہے ہیں۔ بھارتی پروپیگنڈہ اور سوشل میڈیا کا جھوٹ و بیانیے کی جنگ جو بھارت کے لیے تضحیک و سبکی کا باعث بن رہی ہے۔ اب تو بھارت کے اندر سے بھی آوازیں بھی اٹھنے لگیں۔ بھارتی دوغلی پالیسیز دنیا کے سامنے آنے لگیں۔ بھارت کی امریکہ سے دوریاں بھی بھارتی میڈیا کے جھوٹ کی وجہ سے ہوئے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مسلسل جھوٹ اور انڈس واٹر ٹریٹی جو کہ امریکہ اور ورلڈ بینک جس کے ضامن ہیں اسے بھارت کی طرف سے معطل کرنا اور پروپیگنڈے کو ہوا دینا بھی امریکہ کی طرف سے بھارت پر ایسی مہر لگا گیا کہ بھارت ناقابل بھروسہ ہے۔ پاک بھارت جنگ میں امریکہ کی ثالثی کو قبول نہ کرنا اور اس جنگ بندی کو باہکیٹرل طریقے سے حل قرار دینا بھی امریکہ کی ناراضگی کا سبب بنا۔ نریندر مودی کی حکومت اور اس کا گودی میڈیا جھوٹ تو اتر کے ساتھ بولتا رہا اور اتنی حد تک بولا گیا کہ دنیا نے بھارتی سوشل میڈیا اور ان کے میڈیا چینلز کو ناقابل اعتبار سمجھا جانے لگا۔ پاکستانی قوم سے گزارش ہے کہ بھارتی جھوٹ اور پروپیگنڈے یا منفی بیانیے کو مسترد کر دیں۔ بھارت اپنے جھوٹے بیانیوں اور پروپیگنڈوں کے ذریعے پاکستان میں انتشار اور فساد کو ہوا دے کر پاکستان میں قومیتوں، علاقائیت، مذہبی منافرت لسانی بنیادوں پر لڑا کر عدم استحکام پیدا کروانا چاہتا ہے لیکن پاکستانی قوم اور پاکستانی افواج دشمن قوتوں کی ہر سازش اور ہر ہتھکنڈوں سے بخوبی واقف ہے۔ دشمن جھوٹے بیانیے کے ذریعے تقسیم پیدا کرنا چاہتا ہے قوم دشمن بیانیے اور پروپیگنڈے کو سمجھے اور قومی بیانیے کو اپنائے۔ رنجشوں اور اختلافات کو بھلا کر ایک قوم بن کر اور ایک پاکستانی بن کر پاکستان کے مفادات کا تحفظ کریں۔ پاکستان کی سلامتی اور تحفظ کے لیے پوری قوم متحد ہو کر اپنے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہو۔ وہ وقت آ چکا ہے جب پاکستان مضبوط ہوگا اور ترقی وخوشحالی کے راستے کھل جائیں گے۔



جعفر خان مندوخیل
گورنر بلوچستان

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے خواندگی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ یہ دن ہمیں اس عزم اور احساس کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ تعلیم ہی ایک روشن، بااختیار اور پائیدار مستقبل کی بنیاد ہے۔ ترقی یافتہ اور تعلیم یافتہ بلوچستان کا خواب ہماری اجتماعی کوششوں سے حقیقت بن سکتا ہے۔ اس مقصد کیلئے حکومت، تعلیمی اداروں، اساتذہ، والدین، سول سوسائٹی اور معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ تاہم آج خواندگی کا تصور صرف پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت تک محدود نہیں رہا۔ آرٹیفیشل انٹیلیجنس، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور روبوٹکس کے دور میں خواندگی کا پیمانہ بھی تبدیل ہو چکا ہے۔ پل پل بدلتی دنیا میں ڈیجیٹل لٹریسی ہی کسی فرد کو جدید دنیا سے باخبر، باصلاحیت اور موثر طور پر منسلک رکھنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ ہمیں اپنے بچوں کو صرف روایتی تعلیم نہیں بلکہ ڈیجیٹل مہارتوں، سائنسی سوچ، تحقیق، تخلیقی صلاحیت اور مسئلہ حل کرنے کی قابلیت سے بھی آراستہ کرنا ہوگا۔

ایک جامع، یکساں اور مستقبل شناس قومی تعلیمی پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے جو جذبات کے بجائے سائنسی حقائق اور زندہ انسانوں کی ضروریات کی بنیاد پر تشکیل دی جائے۔ ایسی پالیسی ہی پاکستان، بالخصوص بلوچستان کے نوجوانوں کو بدلتی ہوئی عالمی معیشت اور ٹیکنالوجی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر سکتی ہے۔ بلوچستان میں غربت اور بے روزگاری آج بھی تعلیم کے حصول کی راہ میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ ہمارے بہت سے ذہین اور تحقیق و تجسس سے معمور طلبہ اپنی تعلیمی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے بجائے معاشی مجبوریوں کے باعث محنت و مشقت کرنے پر مجبور ہیں۔ خواندگی محض اعداد و شمار کا نام نہیں؛ یہ انسان کو اپنے حقوق، صلاحیتوں اور امکانات سے آگاہ کرنے کا ذریعہ ہے۔ پڑھے لکھے اور باصلاحیت بلوچستان کا خواب صرف حکومت کی کوششوں سے مکمل نہیں ہو سکتا۔ بین الاقوامی اداروں، تعلیمی تنظیموں، نجی شعبے اور سماجی اداروں کی مدد و معاونت بھی ناگزیر ہے۔

میر سرفراز بگٹی
وزیراعلیٰ بلوچستان

بین الاقوامی یومِ خواندگی اس عزم کی تجدید کا دن ہے کہ تعلیم اور خواندگی ہر فرد کا بنیادی حق ہے اور کسی بھی معاشرے کی پائیدار ترقی کا راستہ تعلیم ہی سے ہو کر گزرتا ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں تعلیم کے فروغ کو محض ایک شعبہ نہیں بلکہ مستقبل کی نسلوں کی تعمیر کا بنیادی ذریعہ سمجھتے ہیں۔ ہماری حکومت کی اولین ترجیحات میں معیاری، مساوی اور قابلِ رسائی تعلیم کی فراہمی شامل ہے۔

ہمارا مقصد صرف اسکولوں کی عمارتیں آباد کرنا نہیں بلکہ ان اداروں میں معیاری تدریس، حاضری، نظم و ضبط اور تعلیمی ماحول کو یقینی بنانا ہے تاکہ بلوچستان کا کوئی بچہ محض سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث تعلیم سے محروم نہ رہے۔

ہمارا واضح مؤقف ہے کہ کلاس روم میں موجود استاد ہی تعلیمی نظام کی اصل بنیاد ہے، اس لیے اس شعبے میں سفارش، اقربا پروری اور غیر ضروری مداخلت کی کوئی گنجائش نہیں۔ باصلاحیت اور اہل نوجوانوں کو میرٹ پر مواقع فراہم کر کے ہم تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔

ہمارا مقصد بلوچستان کے ہر ضلع سے مستقبل کے ڈاکٹرز، انجینئرز، سائنسدان، اساتذہ، محققین اور دیگر شعبوں کے ماہرین پیدا کرنا ہے۔

ہم نے تعلیمی مواقع کو معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچانے کے لیے اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی کے لیے خصوصی اسکالرشپس پروگرام بھی شروع کیا ہے۔ ایک مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی پہچان یہی ہے کہ وہاں تعلیم کے مواقع ہر شہری کے لیے مساوی ہوں اور کسی کو اس کی شناخت، پس منظر یا معاشی حیثیت کی بنیاد پر پیچھے نہ چھوڑا جائے۔

بین الاقوامی یومِ خواندگی کے موقع پر میں والدین، اساتذہ، تعلیمی ماہرین، سول سوسائٹی اور خصوصاً نوجوانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ تعلیم کے فروغ میں حکومت کا ساتھ دیں۔ ہماری منزل صرف شرح خواندگی میں اضافہ نہیں بلکہ ایسا بلوچستان تشکیل دینا ہے جہاں ہر بچہ اسکول جائے، ہر نوجوان اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائے اور علم و ہنر کو اپنی ترقی کا ذریعہ بنائے۔

حکومت بلوچستان تعلیم کے شعبے میں اصلاحات کا یہ سفر جاری رکھے گی۔ ہمارا عزم واضح ہے: ہر بچے کے لیے تعلیم، ہر باصلاحیت طالب علم کے لیے موقع اور بلوچستان کے روشن مستقبل کے لیے معیاری تعلیمی نظام۔

حاجی ولی محمد نورزئی
پارلیمانی سیکریٹری سماجی بہبود بلوچستان

ہر سال 8 ستمبر دنیا بھر میں "خواندگی کا عالمی دن" کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس کا مقصد دنیا بھر میں خواندگی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ اور ناخواندگی کے خاتمے کے لئے اقدامات کو فروغ دینا ہے۔ مزید یہ کہ۔ مضبوط مستحکم، خوشحال اور ترقی کی ضامن ملک وقوم کی پہچان ہے کہ وہاں کے افراد تعلیم یافتہ ہوں اور وہ تعلیم حاصل کرنے کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کریں مجھے یہ جان کر بے حد خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ محکمہ نظامت خواندگی وغیر رسمی تعلیم بلوچستان پوری طرح صوبہ بلوچستان میں "یوم خواندگی" منا رہا ہے نظامت خواندگی وغیر رسمی تعلیم محکمہ سماجی بہبود حکومت بلوچستان صوبے میں خواندگی اور بنیادی تعلیم کو فروغ دینے کی کوشش کر رہا ہے۔ کسی قوم کے مستقبل اور ترقی کا انحصار وہاں کے افراد کی تعلیم پر منحصر ہے حصولِ علم بلاشبہ ایک جہاد کے برابر ہے جس کے ذریعے ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے سرخرو ہو سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ آج پوری دنیا کی طرح پاکستان کے تمام صوبوں میں بھی عالمی "یوم خواندگی" منایا جا رہا ہے انشاء اللہ صوبہ بلوچستان ناخواندگی کے خاتمے تک ہم اپنی اجتماعی ذمہ داریاں پوری کرتے رہیں گے اور خواندگی وغیرہ رسمی تعلیم کے فروغ میں بھرپور تعاون جاری رہے گا۔

دین اسلام میں حکم ہے کہ، علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے یونیسکو نے خواندگی کو دنیا بھر کے انسانوں کے لیے ضروری قرار دیا ہے اس لیے اس سال کا تعلیم خواندگی کے لئے تھیم "Literacy for People, the Planet & Procperity" ہے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل (B-37) اور (A-25) کے تحت ہر شہری کو مفت اور لازمی بنیادی تعلیم فراہم کرنے کی ذمہ داری ریاست اور حکومت کی ہے۔ جبکہ آئین کی اٹھارویں ترمیم کے بعد یہ ذمہ داری صوبائی حکومت پر عائد ہوتی ہے۔

نظامت خواندگی وغیر رسمی تعلیم محکمہ سماجی بہبود حکومت بلوچستان کے اشتراک سے صوبہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے عوام کیلئے شرح خواندگی بڑھانے میں مصروف عمل ہے اس ضمن میں ناخواندہ افراد اور سکول نہ جانے والے بچوں کے لیے قومی نصاب کی مدد سے کریکولم تیار کیا جا چکا ہے اس کے علاوہ غیر رسمی تعلیمی پالیسی اور غیر رسمی تعلیمی مراکز اور خواندگی سینٹرز کی معلومات کا نظام بھی جائیکا (JICA) کے تعاون سے قائم کیا جا چکا ہے۔ میں بلوچستان کی جانب سے جائیکا کے اس انسان دوست عمل پر تہہ دل سے مشکور و ممنون ہوں اور ان انسان دوستی کا معترف ہوں اور دعا گو ہوں کہ میرے صوبے کا ہر بچہ، نوجوان، بوڑھا، مرد خواتین تعلیم حاصل کر کے اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرے۔

الحمدللہ

صوبائی حکومت نے گذشتہ دس برسوں میں مجموعی طور پر تعلیم، خواندگی اور دیگر سماجی خدمات کے فروغ کے لیے صوبائی بجٹ کا زیادہ حصہ بلوچستان کے عوام پر خرچ کیا ہے میں عالمی یوم خواندگی کے موقع پر ڈائریکٹریٹ آف لٹریسی اینڈ نان فارمل ایجوکیشن کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جو اپنے فرائض احسن انداز سے پورے کر رہا ہے۔ میری تمام ناخواندہ افراد سے گزارش ہے کہ وہ اس ادارے کی خدمات سے استفادہ حاصل کریں اور میں کم از کم پڑھنے لکھنے کی صلاحیت پیدا کریں۔ تاکہ بلوچستان میں تعمیر و ترقی کا عمل زیادہ تیز رفتار ہو۔



عصمت اللہ قریشی
سیکریٹری سماجی بہبود بلوچستان

2026 میں خواندگی کا عالمی دن اپنی 60 ویں سالگرہ منا رہا ہے۔ اس دن کا اصل مقصد افراد، برادریوں اور معاشروں کو بااختیار بنانے کے لیے ہتھیار کے طور پر خواندگی فروغ دینا ہے۔ پاکستان میں لازمی بنیادی تعلیم قانونی طور پر ہر بچے کا حق ہے۔ اور ہم نے دیکھنا ہے کہ کیا یہ حق ہر بچے کو مل رہا ہے؟ خصوصاً صوبہ بلوچستان جو کہ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں دور دراز علاقوں تک پہنچنا ایک بہت بڑا مسئلہ ہے اس کام کے لیے غیر سرکاری تنظیمیں شرح خواندگی میں اضافے کے لیے کام کر رہی ہیں تو مجھے یہ بتاتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ نظامت خواندگی وغیر رسمی تعلیم بلوچستان، محکمہ تعلیم بلوچستان کے بعد تعلیم کی روشنی پھیلانے میں مختلف غیر سرکاری تنظیمیں بھرپور انداز میں پیش پیش ہیں۔ اور آج پوری دنیا کے ساتھ مل کر خواندگی کا عالمی دن منانے جا رہے ہیں۔ تعلیم کی بڑھوتری کے لیے نظامت خواندگی وغیرہ رسمی تعلیم بلوچستان کے زیر انتظام اس وقت 630 غیر رسمی تعلیمی مراکز کھول رکھے ہیں جہاں اس وقت 13,273 طلبا و طالبات اپنے علم کی پیاس بجھانے آتے ہیں اسکے علاوہ نجی تنظیموں کے تعاون سے جو غیر رسمی تعلیمی مراکز قائم ہیں جو ڈائریکٹوریٹ کی زیر نگرانی ہے ان طلبہ کے لیے ہر سینٹر کے لے ٹیوٹرز تعینات کیے ہوئے ہیں۔ ان مراکز میں آنے والے ہر طالب علم کو لکھنے پڑھنے کا تمام مٹیریل مفت فراہم کیا جاتا ہے، نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم بلوچستان نے JICA کے تعاون سے محکمہ تعلیم کے ماہرین کی نگرانی میں نہ صرف نصاب تیار کیا بلکہ درسی کُتب بھی تیار کر لی ہیں۔ جنکی بدولت پیکج اے، بی اور سی کے طالب علم پہلی جماعت سے پانچویں جماعت کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ پیکج ڈی اور ای بھی تیار کر لیا گیا ہے۔ اور پیکج ڈی اور ای میں چھٹی جماعت تا آٹھویں جماعت تک کی تعلیم دی جا رہی ہے۔ پیکج ڈی اور ای کے ساتھ ساتھ بی ٹیوٹا کے ساتھ مل کر اسکلز کا پروگرام بھی مکمل کر لیا گیا ہے۔

محترمہ جانانہ کاکڑ
ڈائریکٹر نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم بلوچستان

بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہونے کے باوجود تعلیم کے شعبے میں شدید پسماندگی کا شکار ہے۔ اس وقت لاکھوں بچے رسمی تعلیمی نظام سے باہر ہے۔ پاکستان کے ساتویں مردم شماری 2023 کے مطابق اس وقت پاکستان میں تقریباً 25373350 بچے تعلیم سے محروم ہیں۔ جبکہ بلوچستان میں 2941690 بچے اسکولوں سے باہر ہیں۔ کسی بھی ملک کی ترقی میں کردار ادا کرنے والے عوامل میں سب سے اہم کسی فرد انسان کی ترقی ہے اور خواندگی افراد کو ان کی ذاتی ترقی کے ہر ایک پلیٹ فارم مہیا کرتی ہے جس کے بعد ملک و قوم کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالنے کے قابل ہوتے ہیں۔ بلوچستان کو پاکستان کا سب سے زیادہ ساختی طور پر پسماندہ صوبہ قرار دیا جاتا ہے۔ جہاں تعلیم کے بنیادی ڈھانچے میں گہرے خلاء موجود ہیں اس وقت صوبے کے دیہی علاقوں میں خواتین کے خواندگی کی شرح صرف 31% فیصد ہے۔ جو صورتحال کی سنگینی کو واضع کرتی ہے۔ اس مضمون میں ہم بلوچستان میں اطفال خارج از تعلیم کی موجودہ صورتحال، حکومت کے روڈ میپ، غیر رسمی تعلیم کے حوالے سے نئے قانونی اور انتظامی اقدامات، اور ڈائریکٹوریٹ آف لٹریسی اینڈ نان فارمل ایجوکیشن کے کردار کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔ اس وقت بلوچستان مین مختلف سروے رپورٹس کے مطابق 5.1 ملین بچوں میں سے 2.9 ملین بچے اسکولوں سے باہر ہیں۔ خاص طور پر دیہی علاقوں میں لڑکیوں کی شرح تعلیم انتہائی کم ہے۔ ان تمام چیلنجز کے باوجود بلوچستان حکومت نے اطفال خارج از تعلیم سے نمٹنے کے لئے ایک جامع روڈ میپ تیار کیا ہے۔ اس ضمن میں مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی ذاتی کاوشوں سے ان بچوں کے لئے جو رسمی تعلیم سے باہر ہے، ایک بہت بڑا منصوبہ منظور ہوا۔ اس منصوبے کی خدوخال اور مقاصد درج ذیل ہیں۔

بلوچستان میں تعلیم سے محروم 18 لاکھ بچوں کو دوبارہ تعلیم سے منسلک کرنے کے لئے حکومت بلوچستان نے نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم، محکمہ سماجی بہبود کے زیر نگرانی ایک (05) سالہ پروگرام کے نفاذ کا فیصلہ کیا ہے، جس میں درج ذیل فیصلے کئے گئے ہیں۔ چیف سیکریٹری کی زیر صدارت اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ رسمی تعلیم میں حکومتی اقدامات 05 سے 09 سال کے بچوں کے لئے مرکوز تھے۔ جس کے قابل ستائش نتائج سامنے آتے۔ تاہم اب 09 سے 16 سال کے بچوں کے لئے خصوصی توجہ دی جائے گی جو رسمی تعلیم نظام سے باہر ہیں۔

اس منصوبے پر 05 سال کے دوران عمل درآمد کیا جائے گا۔ رواں مالی سال (2026-27) کے لئے اس منصوبے کے لئے 08 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں 02 لاکھ بچوں کو تعلیم دلائی جائے گی۔ مذکورہ بالا منصوبے کا PC-1 تیار کر لیا گیا ہے۔ تاکہ جلد سے جلد باقاعدہ آغاز ہو سکے۔ اس منصوبے تحت صوبے کے 34 اضلاع کے ہر تحصیل اور گاؤں میں آگاہی مہم کا آغاز کی ہدایت دی گئی تاکہ رسمی تعلیم سے باہر بچے باآسانی رجسٹرڈ ہو سکیں۔ نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم 1993 میں قائم کیا گیا تھا جو کہ محکمہ سماجی بہبود کے انتظامی کنٹرول میں کام کرتا ہے۔ جسکا بنیادی مقصد ناخواندگی کا خاتمہ اور کم سے کم ممکنہ مدت میں مفت اور لازمی تعلیم فراہم کرنا ہے۔ اس حوالے سے سب سے اہم بات یہ کہ غیر رسمی تعلیم کے حوالے سے ایک علیحدہ ایکٹ بنانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ایکٹ کی منظوری کے بعد یہ ڈائریکٹوریٹ درج ذیل امور کو مکمل طور پر سرانجام دے گا۔ صوبے بھر میں غیر رسمی تعلیم مراکز کا قیام اور ان کی نگرانی اور اس کے بعد ڈائریکٹوریٹ ان بچوں کے امتحانات لے گا تاکہ یہ پاس ہو کے رسمی تعلیم نظام کا حصہ بن سکیں۔ 09 سے 16 سال اور اس سے بھی کم عمر بچے جو اسکول جانے کی عمر میں ہوں اور رسمی تعلیمی اداروں میں جانے سے رہ گئے ہیں یا وہاں پر رسمی تعلیمی ادارے موجود نہ ہوں ان بچوں کو تعلیم سے منسلک کرنا۔ تیز رفتار سیکھنے کے پروگرام (ACCELERATED LEARNING PROGRAM) کے ذریعے بچوں کو بنیادی تعلیم فراہم کرنا۔ بچوں کو رسمی تعلیمی نظام میں منتقلی کے قابل بنانا۔ غیر رسمی تعلیمی مراکز کے لیے نصاب اور اساتذہ کی تربیت کا اہتمام۔ تاہم غیر رسمی تعلیم کے حوالے سے نیا ایکٹ اور ڈائریکٹوریٹ کو مکمل اختیار دینا ایک سنگ میل ہے۔ اس سے نہ صرف وہ لاکھوں بچے جو اس وقت رسمی تعلیمی نظام سے محروم ہیں انہیں تعلیم کا موقع ملے گا اور اس کے ساتھ ساتھ صوبے میں خواندگی کی شرح میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا۔ بلاشبہ بلوچستان میں تعلیم کا بحران ایک قومی چیلنج ہے جس کے لئے ہر سطح پر کوششوں کے ضرورت ہے۔ حکومت بلوچستان کے حالیہ اقدامات خاص طور پر غیر رسمی تعلیم کے حوالے سے نیا قانونی فریم ورک اور ڈائریکٹوریٹ کو تعلیم کو فعال کرنا اس سمت میں ایک اہم قدم ہے۔ جیسا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا "تعلیم میں سرمایہ کاری بلوچستان کے روشن مستقبل میں سرمایہ کاری ہے" اگر یہ منصوبہ وقت پر اور موثر طریقے سے نافذ کئے گئے جس میں 08 ارب کا بجٹ، 5 سالہ عمل درآمد اور 2 لاکھ بچوں کا پہلا ہدف تو بلوچستان لاکھوں بچوں کو تعلیم کا زیور پہنا کر ایک روشن مستقبل کی بنیاد رکھ سکتا ہے۔

بلوچستان کا روشن مستقبل: ہر بچے تک تعلیم اور ہر گھر میں خواندگی

رپورٹ: شہزاد احمد

”وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت تعلیم کو ترقی کا بنیادی ستون بنانے، اسکول سے باہر بچوں کو تعلیمی دھارے میں لانے اور خواندگی کے فروغ کے لیے عملی اقدامات“

تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی بنیادی ضمانت ہے۔ ایک تعلیم یافتہ معاشرہ نہ صرف اپنے

مسائل کو بہتر انداز میں سمجھتا ہے بلکہ ان کے حل کے لیے مؤثر راستے بھی تلاش کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر میں ترقی یافتہ اقوام نے تعلیم اور انسانی وسائل کی ترقی کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھا ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں تعلیم کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے، جہاں جغرافیائی دشواریاں، دور دراز آبادیاں اور ماضی میں تعلیمی سہولیات کی محدود دستیابی ایک بڑا چیلنج رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت صوبائی حکومت تعلیم کو بلوچستان کے روشن اور خوشحال مستقبل کی بنیاد سمجھتے ہوئے تعلیمی شعبے میں بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ حکومت کی ترجیح واضح ہے کہ صوبے کا کوئی بھی بچہ محض غربت، فاصلے، سماجی رکاوٹ یا کسی دوسری وجہ سے تعلیم کے بنیادی حق سے محروم نہ رہے۔ میر سرفراز بگٹی کے وژن کا بنیادی محور ایک ایسا بلوچستان ہے جہاں ہر بچے کو تعلیم کا حق، ہر نوجوان کو ہنر اور ہر خاندان کو ترقی کے یکساں مواقع میسر ہوں۔ اسی سوچ کے تحت حکومت نہ صرف موجودہ تعلیمی نظام کو بہتر بنانے پر توجہ دے رہی ہے بلکہ ان بچوں کے لیے بھی متبادل راستے پیدا کیے جا رہے ہیں جو کسی وجہ سے اسکول نہیں جا سکے یا تعلیم کا سلسلہ جاری نہ رکھ سکے۔

اسکول سے باہر بچوں کو تعلیم کے دھارے میں لانا بلوچستان میں اسکول سے باہر بچوں کو دوبارہ تعلیم کے دائرے میں لانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے Accelerated Learning Programme (ALP) جیسے پروگرام نہایت اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

ان پروگراموں کے ذریعے ایسے بچوں کو بنیادی تعلیم فراہم کی جاتی ہے جو عمر یا دیگر وجوہات کی بنا پر روایتی اسکولنگ سے محروم رہ گئے ہیں، تاکہ وہ مختصر مدت میں اپنی تعلیمی کمی پوری کر کے دوبارہ باقاعدہ تعلیمی نظام کا حصہ بن سکیں۔ یہ اقدام اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حکومت بلوچستان تعلیم کو صرف روایتی اسکولوں تک محدود نہیں سمجھتی بلکہ ہر اس بچے تک پہنچنے کی کوشش کر رہی ہے جسے تعلیم کی ضرورت ہے۔ اسی طرح غیر رسمی تعلیم (Formal Education-Non) کے ذریعے بھی ان علاقوں اور طبقات تک تعلیمی سہولیات پہنچانے

کی کوشش کی جا رہی ہے جہاں روایتی تعلیمی اداروں تک رسائی مشکل ہے۔ یہ اقدامات بلوچستان کے ان بچوں کے لیے امید کی نئی کرن ہیں جو حالات کے باعث اپنے تعلیمی سفر کا آغاز نہیں کر سکے۔

خواندگی صرف ایک فرد نہیں، پورے معاشرے کی ترقی ہے خواندگی کا فروغ کسی بھی قوم کی مجموعی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ ایک پڑھا لکھا فرد نہ صرف اپنے حقوق اور فرائض سے آگاہ ہوتا ہے بلکہ اپنے خاندان اور معاشرے کی ترقی میں بھی بہتر کردار ادا کرتا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت بلوچستان کا عزم ہے کہ خواندگی کے فروغ کو ایک اجتماعی تحریک میں تبدیل کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے حکومت کے ساتھ والدین، اساتذہ، علما، قبائلی و سیاسی عمائدین، سول سوسائٹی، میڈیا اور معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ خصوصاً بچیوں کی تعلیم بلوچستان کے

مستقبل کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ایک تعلیم یافتہ ماں اپنے بچوں کی تعلیم، صحت اور تربیت کے حوالے سے زیادہ مؤثر کردار ادا کرتی ہے۔ اس لیے ایک بچی کو تعلیم دینا دراصل ایک پوری نسل کو تعلیم دینے کے مترادف ہے۔

تعلیم پر سرمایہ کاری، بلوچستان کے مستقبل پر سرمایہ کاری وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن میں تعلیم محض ایک سرکاری شعبہ نہیں بلکہ انسانی وسائل کی ترقی اور صوبے کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ بلوچستان کی حقیقی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب یہاں کے نوجوان علم، ہنر اور جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ہوں۔ آج کا تعلیم یافتہ بچہ ہی کل کا ڈاکٹر، انجینئر، استاد، سائنسدان، کاروباری شخص، سرکاری افسر اور ذمہ دار شہری بنے گا۔ اسی لیے تعلیمی اداروں کی بہتری، بچوں کو اسکولوں تک لانا، تعلیمی معیار میں اضافہ اور نوجوانوں کو ہنر مند بنانا دراصل بلوچستان کی آنے والی نسلوں کے لیے

مضبوط بنیاد فراہم کرنا ہے۔ حکومت کی کوشش صرف داخلہ مہم تک محدود نہیں بلکہ بچوں کو اسکول میں برقرار رکھنے، معیاری تعلیم فراہم کرنے اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کے لیے تیار کرنے پر بھی مرکوز ہے۔ تعلیمی نظام میں بہتری کے ساتھ ساتھ والدین میں شعور اجاگر کرنا بھی ضروری ہے تاکہ وہ اپنے بچوں خصوصاً بچیوں کی تعلیم کو ترجیح دیں۔ ایک مشترکہ قومی عزم عالمی یومِ خواندگی ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ تعلیم کسی ایک فرد، ادارے یا حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ حکومت پالیسی، وسائل اور سہولیات فراہم کر سکتی ہے، لیکن بچوں کو اسکول تک لانے اور انہیں تعلیم کے سفر

پر برقرار رکھنے میں معاشرے کے ہر فرد کا کردار اہم ہے۔ بلوچستان آج تعلیم کے حوالے سے ایک نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت کی ترجیح ایک ایسا بلوچستان ہے جہاں کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ ہو، کوئی نوجوان ہنر سے خالی نہ رہے اور کوئی خاندان علم کی روشنی سے محروم نہ رہے۔ یہ سفر یقیناً چیلنجز سے خالی نہیں، لیکن مضبوط سیاسی عزم، مؤثر حکمت عملی، تسلسل اور اجتماعی تعاون کے ذریعے بلوچستان میں تعلیمی انقلاب کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ ایک تعلیم یافتہ بلوچستان ہی ایک مضبوط، بااختیار، خوشحال اور ترقی یافتہ بلوچستان کی ضمانت ہے۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا وژن واضح ہے:

"ہر بچہ اسکول میں، ہر نوجوان ہنر مند اور ہر گھر علم کی روشنی سے منور"۔

یہ محض ایک تصور نہیں بلکہ بلوچستان کے روشن مستقبل کے لیے ایک عملی عزم ہے۔



SPORTS
سپورٹس

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

ابرار احمد نے شاہد آفریدی کا 16 سالہ ریکارڈ توڑ دیا

مسٹری سپنر نے کفایت شعاری سے باولنگ کرتے ہوئے چار وکٹیں لینے پر پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ حاصل کیا

شارجہ (سپورٹس نیوز) ابرار احمد نے جمعرات کو تاریخ رقم کی جب انہوں نے ٹی ٹونٹی میں کسی بھی پاکستانی سپنر کے چوتھے بہترین بالنگ کے اعداد و شمار درج کر لئے۔ ابرار نے یہ سنگ میل یہاں شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں میزبان متحدہ عرب امارات) یواے ای (کے خلاف سہ فریقی ٹی ٹونٹی سیریز کے میچ میں پاکستان کی 31 رنز کی فتح کے دوران حاصل کیا جہاں انہوں نے اپنے چار اوورز میں صرف نو رنز کے عوض چار بلے بازوں کو آٹ کیا۔ ابرار نے اپنے دوسرے اوور کی پہلی گیند پر متحدہ عرب امارات کے کپتان محمد وسیم (19) کو آٹ کر کے سپیل کا آغاز کیا۔ اس نے اپنے تیسرے اوور میں بالترتیب آصف خان (سات) اور راہول چوپڑا (صفر) کو آٹ کرتے ہوئے مزید دو وکٹیں حاصل کیں۔ 26 سالہ نوجوان نے اپنے آخری اوور میں ہرشیت کوشک کو آٹ کر کے سنسنی خیز بالنگ کے اعداد و شمار کو 4/9 تک پہنچایا جو کہ اب اس فہرست میں چوتھے نمبر پر ہے، سفیان مقیم زمبابوے کے خلاف 5/3 کے اعداد و شمار کے ساتھ پہلے نمبر پر ہیں۔ ٹی ٹونٹی میں پاکستانی سپنر کے بہترین بالنگ کے اعداد و شمار: سفیان مقیم: 2024 میں زمبابوے کے خلاف 5/3 عماد وسیم: 2016 میں ویسٹ انڈیز کے خلاف 5/14 شاداب خان: 2022 میں ہانگ کانگ کے خلاف 4/8 ابرار احمد: متحدہ عرب امارات کے خلاف - 4/9 آج - 4/10 محمد حفیظ بمقابلہ زمبابوے - 4/11(2011) شاہد آفریدی بمقابلہ نیدرلینڈز 4/11(2009) - عماد وسیم بمقابلہ زمبابوے (2015) ابرار احمد کی 9 رنز کے عوض 4 وکٹیں ٹی ٹونٹی میں 4 وکٹیں لینے والے کسی بھی پاکستانی سپنر کی طرف سے سب سے زیادہ کفایتی ترین سپیل تھا۔ اس سے پہلے کا ریکارڈ شاہد آفریدی کا ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ 2009 میں 11-4 بمقابلہ نیدرلینڈز اور 2015 میں عماد وسیم کا 11-4 بمقابلہ زمبابوے تھا۔ ابرار احمد نے پلیئر آف دی میچ قرار دیئے جانے کے بعد میچ کے بعد کی پریزنٹیشن سے خطاب کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ انہوں نے متحدہ عرب امارات کے بلے بازوں خاص طور پر ان کے کپتان وسیم کا تجزیہ کیا اور پچ کے حالات کے مطابق بولنگ کی۔ ابرار نے کہا کہ میں پہلے میچ دیکھ رہا تھا اور پچ کی صورتحال دیکھ رہا تھا اس لیے میں نے اس کے مطابق بولنگ کی۔ میں نے پہلے بلے بازوں کا زیادہ تجزیہ نہیں کیا تھا لیکن اس بار میں نے طلحہ کے ساتھ بیٹھ کر ہر بلے باز خاص طور پر وسیم بھائی کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں پچ کی بنیاد پر بالنگ کرنے کی کوشش کرتا ہوں، ہاں تھوڑا سا اضافی دبا ہے لیکن کپتان نے مجھے کسی بھی مرحلے پر تیار رہنے کو کہا، انہیں مجھ پر بہت اعتماد ہے اس لیے میں قدم رکھنے کے لیے ہمیشہ تیار ہوں۔ سیریز کے اپنے آخری لیگ مرحلے کے میچ میں پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے گرین شرٹس 11.3 اوورز میں 80/5 تھے لیکن فخر نے آل راﺅنڈر محمد نواز کی مدد سے پاکستان نے 20 اوورز میں 171/5 کا زبردست مجموعہ حاصل کیا۔ فخر نے صرف 44 گیندوں پر 10 چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے ناقابل شکست 77 رنز بنائے جبکہ نواز نے 27 گیندوں میں ناٹ آٹ 37 رنز بنائے۔ جواب میں میزبان ٹیم 31 رنز کی کمی سے میچ ہار گئی کیونکہ وہ ابرار احمد کی چار وکٹوں کی بدولت 20 اوورز میں 7/140 رنز بنا سکی۔ سپنر نے اپنے چار اوورز کے کوٹے میں صرف نو رنز دے کر متحدہ عرب امارات کے چار بلے بازوں کو آٹ کیا اور اس طرح انہیں پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

یوایس اوپن: دفاعی چیمپئن آرینا سبالینکا نے چوتھا گرینڈ سلیم ٹائٹل جیت لیا

اس سے قبل آرینا سبالینکا کو رواں سال دو گرینڈ سلیم فائنلز میں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

یوایس اوپن ویمنز سنگلز کی دفاعی چیمپئن آرینا سبالینکا نے اپنے کیریئر کا چوتھا گرینڈ سلیم ٹائٹل جیت لیا۔ عالمی نمبر ایک آرینا سبالینکا نے امریکہ کی امانڈا انیسیموا کو شکست دے کر اپنے ٹائٹل کا کامیاب دفاع کیا۔ بیلاروسی اسٹار رواں سال پہلا گرینڈ سلیم ٹائٹل جیتنے کے بعد جذبات سے مغلوب ہو کر آنکھوں میں نمی لیے گھٹنوں کے بل بیٹھ گئیں۔ اس سے قبل انہیں دو گرینڈ سلیم فائنلز میں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ آخری مرتبہ سرینا ولیمز کی جانب سے یہ کارنامہ انجام دیے جانے کے بعد آرینا سبالینکا وہ واحد کھلاڑی ہیں جنہوں نے یوایس اوپن ویمنز سنگلز ٹائٹل کا کامیابی سے دفاع کیا۔ یہ آرینا سبالینکا کا چوتھا گرینڈ سلیم ٹائٹل ہے۔ اس سے قبل وہ 2023 اور 2024 میں آسٹریلین اوپن اور 2024 میں ہی یوایس اوپن ٹائٹل جیت چکی ہیں۔

بی سی سی آئی کی ویرات کوہلی کو فٹنس ٹیسٹ میں خصوصی رعایت دینے پر تنازع کھڑا ہوگیا

کوہلی نے لندن میں ٹیسٹ دیا، روہت شرما، شبمن گِل اور محمد سراج سمیت کئی کھلاڑیوں نے فٹنس ٹیسٹ بنگلورو میں ہی مکمل کیے

نئی دہلی (این این آئی) حال ہی میں بھارتی کرکٹ ٹیم سے متعلق تنازع نے اس وقت جنم لیا جب بیشتر کھلاڑی اپنی فٹنس کی جانچ کیلئے بنگلورو میں واقع نیشنل کرکٹ اکیڈمی (این سی اے) پہنچے جبکہ ویرات کوہلی واحد ایسے کھلاڑی تھے جنہوں نے اپنا فٹنس ٹیسٹ لندن ہی میں دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ویرات کوہلی اس وقت اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ برطانیہ میں مقیم ہیں اور انہوں نے بی سی سی آئی سے خصوصی اجازت لے کر اپنا فٹنس ٹیسٹ لندن میں مکمل کیا۔ بھارتی میڈیا ہندی ڈیلی کے 'دینک جاگرن' کی ایک رپورٹ کے مطابق کوہلی نے بی سی سی آئی سے منظور شدہ جج کی موجودگی میں اپنا فٹنس ٹیسٹ دیا اور کامیابی حاصل کی تاہم کوہلی کو ملنے والی یہ رعایت اب بی سی سی آئی کے فیصلے پر بحث کا سبب بن گئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ٹیم کے کھلاڑی روہت شرما، شبمن گِل اور محمد سراج سمیت کئی کھلاڑیوں نے اپنی فٹنس ٹیسٹ بنگلورو میں ہی مکمل کیے ہیں جن میں فٹنس ٹیسٹ پاس کرنے والوں میں کئی نام شامل ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق تنازع میں اس سوال کو اٹھایا جا رہا ہے کہ صرف ویرات کوہلی ہی ایسے کھلاڑی ہیں جن کا فٹنس ٹیسٹ بھارت سے باہر ہوا، نہ کسی اور کھلاڑی نے ایسی درخواست دی اور نہ ہی کسی کو ایسی رعایت دی گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق جب بی سی سی آئی کے ایک عہدیدار سے اس حوالے سے سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ کوہلی نے اس کے لیے باضابطہ منظوری لی ہوگی، البتہ یہ واضح نہیں کہ مستقبل میں کوئی دوسرا کھلاڑی بھی اسی طرح کی اجازت حاصل کر سکتا ہے یا نہیں۔ واضح رہے کہ ایشیا کپ 2025ء کے لیے بھارتی ٹیم جلد متحدہ عرب امارات روانہ ہوگی۔ یہ ٹورنامنٹ ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کھیلا جا رہا ہے اور کوہلی نے اس فارمیٹ سے ریٹائرمنٹ لی ہوئی ہے لہٰذا وہ اسکواڈ کا حصہ نہیں ہیں۔

ہاکی کا کھلاڑی 400 روپے ڈیلی الاؤنس پر نہیں کھیلے گا، رانا مجاہد

ہاکی فیڈریشن اور پاکستان اسپورٹس بورڈ بیٹھ کر مالی معاملات کو دیکھیں گے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) ہاکی فیڈریشن کے سیکریٹری جنرل رانا مجاہد نے کہا ہے کہ ہاکی کا کھلاڑی 400 روپے ڈیلی الاؤنس پر نہیں کھیلے گا۔ نجی ٹی وی کے مطابق رانا مجاہد نے کہا کہ اسپورٹس بورڈ کہتا ہے ہاکی کے کھلاڑی کو 400 روپے کا ڈیلی الاؤنس دو، اس پر پلیئر کیسے کھیلے گا؟ انہوں نے کہا کہ ہاکی فیڈریشن 100 ڈالرز کے قریب کھلاڑی کو الاؤنس دیتی ہے، جس پر پلیئر مطمئن نہیں، فیڈریشن کے پاس تو اپنا اسٹیڈیم تک نہیں۔ سیکریٹری جنرل نے کہا کہ ہاکی فیڈریشن کا بیرونِ ملک دورے پر بل ادا نہ کرنا غلط ہے، ایک بار بل ادا نہ کرنے کا مسئلہ ہوا تھا لیکن روٹین میں ایسا نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ اسپورٹس بورڈ سمجھتی ہے کہ ہاکی فیڈریشن کے مالی معاملات ٹھیک نہیں جبکہ فیڈریشن مالی معاملات کو اپنے قانون کے مطابق دیکھتی ہے۔ رانا مجاہد نے کہا کہ ہاکی فیڈریشن اور پاکستان اسپورٹس بورڈ بیٹھ کر مالی معاملات کو دیکھیں گے، فیڈریشن کے پاس صرف قومی ٹیم ہے، جسے دوروں پر بھیجا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہاکی فیڈریشن اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کر رہی ہے، پرائیویٹ اسپانسر شپ کے ساتھ حکومت پیسے دے گی تو ہاکی فیڈریشن چلے گی۔ سیکرٹری جنرل نے کہا کہ کھلاڑیوں کو منتیں کر کے واپس لائے ہیں، ڈیپارٹمنٹس ختم ہو رہے ہیں تو کیسے کھلاڑی اپنا گزر بسر کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پرولیگ میں قومی ہاکی ٹیم بھرپور تیاری کے ساتھ جائے گی

یوایس اوپن، آرینا سبالینکا اور امانڈا انیسیموا فائنل میں پہنچ گئیں

آرینا سبالینکا مسلسل تیسری مرتبہ یوایس اوپن کے گرینڈ سلیم فائنل میں پہنچی

لندن (این این آئی) یوایس اوپن کے ویمنز سنگلز مقابلوں میں آرینا سبالینکا اور امانڈا انیسیموا فائنل میں پہنچ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق پہلے سیمی فائنل میں دفاعی چیمپئن آرینا سبالینکا نے جیسیکا پیگولا کو شکست دی۔ آرینا سبالینکا مسلسل تیسری مرتبہ یوایس اوپن کے گرینڈ سلیم فائنل میں پہنچی ہیں۔ وہ 2022 سے ہارڈ کورٹ پر تمام گرینڈ سلیم فائنلز کھیلنے والی واحد کھلاڑی ہیں۔ دوسرے سیمی فائنل میں امانڈا انیسیموا نے ناؤمی اوساکا کو شکست دے کر فائنل میں رسائی حاصل کی۔ یہ انیسیموا کا مسلسل دوسرا گرینڈ سلیم فائنل ہے۔ اس سے قبل انہیں ومبلڈن کے فائنل میں ایگا شیوانتک کے ہاتھوں شکست ہوئی تھی۔ یاد رہے کہ انیسیموا نے یوایس اوپن کے کوارٹر فائنل میں ایگا شیوانتک کو شکست دے کر ایونٹ سے باہر کر دیا تھا۔ یاد رہے کہ انیسیموا نے یوایس اوپن کے کوارٹر فائنل میں ایگا شیوانتک کو شکست دے کر ایونٹ سے باہر کر دیا تھا۔

آئی سی سی کی نئی رینکنگ، سکندر رضا نمبر ون آل راؤنڈر بن گئے

ٹی 20 بیٹنگ اور باؤلنگ رینکنگ میں کوئی پاکستانی ٹاپ 10 میں شامل نہیں

قومی ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم کی 3 درجے اور محمد رضوان کی 2 درجے تنزلی ہوئی ہے دونوں بالترتیب 21 ویں اور 22 ویں نمبر پر ہیں

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ون ڈے اور ٹی 20 کی نئی رینکنگ جاری کر دی جس میں زمبابوین کھلاڑی سکندر رضا نمبر ون آل راؤنڈر بن گئے۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری کردی ٹی 20 رینکنگ میں شارجہ میں جاری سہ فریقی سیریز میں شامل کھلاڑیوں کی رینکنگ میں بڑی تبدیلیاں ہوئی ہیں جبکہ ٹی 20 بیٹنگ اور باؤلنگ رینکنگ میں کوئی پاکستانی ٹاپ 10 میں شامل نہیں ہے۔ افغانستان کے اوپننگ بلے باز ابراہیم زدران 12 درجے ترقی پا کر 20 ویں نمبر پر آ گئے ہیں، یو اے ای کے کپتان محمد وسیم 5 درجے ترقی کے بعد 26 ویں پوزیشن پر ہیں، پاکستان کے حسن نواز 2 درجے بہتری کے بعد 32 ویں اور صائم ایوب 2 درجے تنزلی کے بعد 40 ویں نمبر پر چلے گئے ہیں۔ ٹی 20 رینکنگ میں قومی ٹی 20 کپتان سلمان علی آغا نے لمبی چھلانگ لگائی ہے وہ 18 درجے بہتری کے بعد 59 ویں نمبر پر آ گئے ہیں جب کہ باؤلنگ میں صفیان مقیم 11 درجے لمبی چھلانگ کے بعد 22 ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ شاہین آفریدی 8 درجے بہتری کے بعد 26 ویں، حارث رؤف 4 درجے تنزلی کے بعد 28 ویں اور محمد نواز 15 درجے کی بہتری کے بعد 43 ویں پوزیشن پر پہنچ گئے۔ افغانستان کے محمد نبی 26 درجے کی بہتری کے بعد 54 ویں نمبر پر آ گئے ہیں جب کہ نور احمد 49 درجے کی چھلانگ کے بعد 73 ویں پوزیشن پر آ گئے ہیں۔ دوسری جانب قومی ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم کی 3 درجے اور محمد رضوان کی 2 درجے تنزلی ہوئی ہے دونوں بالترتیب 21 ویں اور 22 ویں نمبر پر ہیں۔ ٹی 20 آل راؤنڈرز کی رینکنگ میں بھارت کے ہاردک پانڈیا پہلے اور افغانستان کے محمد نبی دوسرے نمبر پر موجود ہیں۔ بیٹرز کی رینکنگ میں شبمن گل کی پہلی پوزیشن برقرار جبکہ باؤلرز میں جنوبی افریقہ کے کیشو مہاراج کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ سکندر رضا کو سری لنکا کے خلاف حالیہ ون ڈے سیریز میں شاندار کارکردگی کا صلہ مل گیا، انہوں نے افغانستان کے عظمت اللہ عمرزئی سے آل راؤنڈر کی پہلی پوزیشن چھین لی۔ افغانستان کے عظمت اللہ عمرزئی ایک درجہ تنزلی کے بعد دوسرے نمبر پر چلے گئے اور افغانستان کے محمد نبی ایک درجہ تنزلی کے بعد تیسرے نمبر پر چلے گئے۔ سکندر رضا ون ڈے بیٹنگ رینکنگ میں نو درجے ترقی پا کر 22 ویں اور بولنگ میں ایک درجے ترقی سے 38 ویں نمبر پر آ گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆



SHOWBIZ
شوبز

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

بچیوں کی دیکھ بھال کے لیے مرد ملازم نہ رکھیں، مریم نفیس کی التجا

پاکستان میں ہر گھنٹے میں بچوں کے ساتھ نامناسب اور ہراسانی کا واقعہ رپورٹ ہوتا ہے

لاہور (این این آئی) اداکارہ مریم نفیس نے والدین اور خصوصی طور پر ماؤں سے التجا کی ہے کہ وہ اپنے بیٹیوں کی دیکھ بھال کے لیے مرد ملازمین نہ رکھیں۔ مریم نفیس نے یوٹیوب پر مختصر ویڈیو شیئر کی، جس میں انہوں نے بچوں اور خصوصی طور پر بچیوں کے لیے مرد ملازمین رکھے جانے کو خطرناک قرار دیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ اپنے بیٹے عیسی کو ویکسین لگوانے گئیں تو انہوں نے پریشان کرنے والے مناظر دیکھے، جس پر وہ بات کرنا مناسب سمجھتی ہیں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ انہوں نے دیکھا کہ دو بچیوں کی دیکھ بھال اور حفاظت کرنے والے مرد تھے، جس پر انہیں پریشانی ہوئی۔ انہوں کہا کہ بچوں کے لیے اور خصوصی طور پر بچیوں کے لیے مرد ملازمین کو رکھنا خطرناک ہے، بہت سارے کیسز پاکستان میں رپورٹ ہو چکے ہیں۔ مریم نفیس کا کہنا تھا کہ پاکستان میں ہر گھنٹے میں بچوں کے ساتھ نامناسب اور ہراسانی کا واقعہ رپورٹ ہوتا ہے، یعنی ملک میں یومیہ 12 بچے استحصال کا نشانہ بن رہے ہیں، اس لیے ماؤں کو آنکھیں کھولنی ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ جن بچیوں کی دیکھ بھال مرد ملازمین کر رہے تھے، ان میں سے ایک بچی کی عمر چار جب کہ دوسری بچی کی عمر دو سال تھی۔ اداکارہ کے مطابق کسی بھی والدین کو اپنی بیٹیوں کی حفاظت اور دیکھ بھال کے لیے کسی بھی لڑکے یا مرد ملازم کی خدمات حاصل نہیں کرنی چاہیے۔ انہوں نے والدین سے التجا کی کہ وہ اپنی بیٹیوں کی حفاظت کی خاطر مرد ملازمین کی خدمات حاصل نہ کریں۔ اداکارہ کی ویڈیو پر صارفین نے تبصرے کرتے ہوئے ان کی بات سے اتفاق کیا اور والدین پر زور دیا کہ وہ اپنی بچیوں کی حفاظت کے لیے مرد ملازمین کی خدمات حاصل نہ کریں۔

☆☆☆☆☆☆

شادی پر کسی کو دیکھ کر نہیں اپنی استطاعت کے مطابق لباس پہنیں، ماورا حسین

دلہنیں دوسرے لوگوں کی جانب نہ دیکھیں کہ کس نے کتنا مہنگا جوڑا پہنا تھا، آپ دلہن ہیں کچھ بھی پہنیں گی اچھا لگے گا

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان کی نامور اداکارہ ماورا حسین نے شادی کی خواہش مند لڑکیوں کو عروسی جوڑے سے متعلق مشورہ دیا ہے۔ ماورا حسین نے ایک برانڈ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی جہاں انہوں نے شادی کی خواہش مند لڑکیوں کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی شادی کے موقع پر کسی قسم کا تناؤ نہ لیں، وہ لباس پہنیں جو ان کی استطاعت کے مطابق ہو۔ انہوں نے کہا کہ دلہنیں دوسرے لوگوں کی جانب نہ دیکھیں کہ کس نے کتنا مہنگا جوڑا پہنا تھا، آپ دلہن ہیں کچھ بھی پہنیں گی اچھا لگے گا۔ اداکارہ نے اپنے سسرال کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ پہلے وہ خاندانی ورثے کی قدر نہیں جانتی تھیں، اپنی شادی پر ساس کا جوڑا اور دادی ساس کے زیورات پہن کر خوشی ہوئی۔ اس کے ساتھ ساتھ اداکارہ نے خواہش بھی ظاہر کی وہ اب ان چیزوں کو اپنی ہونے والی بیٹی یا بہو کو دیں گی۔ واضح رہے اداکارہ ماورا حسین اور اداکار امیر گیلانی کی شادی رواں سال 5 فروری کو لاہور میں ہوئی تھی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معروف گلوکار عاطف اسلم کو بالی ووڈ کی یاد آنے لگی

یہ میری سب سے بڑی کامیابی اور اللہ کا انعام ہے، اس نے مجھے اس بڑی دنیا میں نمایاں کیا

لاہور (شوبز نیوز) دنیا بھر میں اپنی سریلی آواز اور دل کو چھو لینے والے گانوں کی وجہ سے پہچانے جانے والے پاکستان کے معروف گلوکار عاطف اسلم بالی ووڈ کو یاد کرنے لگے۔ ان دنوں عاطف اسلم کینیڈا میں اپنے کنسرٹس کر رہے ہیں، جہاں انہوں نے بھارتی صحافی کو انٹرویو دیا، جس میں مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ عاطف اسلم کا کہنا تھا کہ اگر پاکستان کی بات کریں تو ہمارے پاس اتنے بڑے نام اور گلوکار نہیں ہیں اور اللہ نے مجھے محدود وسائل کے باوجود بالی ووڈ تک پہنچایا، یہ میری سب سے بڑی کامیابی اور اللہ کا انعام ہے، اس نے مجھے اس بڑی دنیا میں نمایاں کیا، میں اس کے شکر کا حق بھی ادا نہیں کر سکتا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جی ہاں، مجھے بالی ووڈ یاد آتا ہے، آٹھ دس سال ہو گئے ہیں، وہاں پرفارم کرنے اور اسٹوڈیوز میں ریکارڈنگ کرنے کے دن یاد آتے ہیں، دوست بھی یاد آتے ہیں، لیکن خوشی ہے کہ دنیا بھر میں موسیقی پروان چڑھ رہی ہے۔ انہوں نے سلمان خان کے ساتھ کام کرنے کی یادیں بھی تازہ کیں اور کہا کہ ہم دبئی میں وِشال شیکھر کے ساتھ تھے، مجھے یاد ہے کہ انہوں نے مجھے لو نوٹس پر گانے کو کہا، حالانکہ سب مجھ سے ہائی نوٹس کی توقع رکھتے تھے، لیکن جب میں نے لو نوٹس پر گایا تو ایک خوبصورت دھن سامنے آئی، گانے کے بول بھی نہایت حسین تھے۔ گلوکار کا کہنا تھا کہ میں نے سلمان خان کے لیے بھی گایا اور یہ ہمیشہ خوشی کی بات ہوتی ہے کیونکہ ان سے کئی بار ملاقات ہوئی، وہ بیحد شاندار شخصیت کے مالک ہیں۔ دوران انٹرویو انہوں نے بھارتی گلوکاروں شیکھر روجانی اور متھون کی بھی تعریفیں کیں اور کہا کہ انہیں دونوں بہترین گلوکاروں کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا اور ان کی ان کے ساتھ کام کے دوران بہت ساری یادیں وابستہ ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

لازمی نہیں بچوں کو کم عمری میں اسکول داخل کرایا جائے، حرا سومرو

آٹزم اور ڈسلیکسیا جیسی طبی پیچیدگیاں کم عمری میں ہی بچوں میں نمودار ہوتی ہیں، اداکارہ

کراچی (شوبز نیوز) اداکارہ حرا سومرو نے کہا ہے کہ لازمی نہیں کہ بچوں کو کم عمری میں ہی اسکول داخل کرایا جائے، انہوں نے خود اپنے بچوں کو 5 سال کی عمر میں اسکول بھیجا۔ حرا سومرو نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر گفتگو کی۔ انہوں نے بتایا کہ آٹزم اور ڈسلیکسیا جیسی طبی پیچیدگیاں کم عمری میں ہی بچوں میں نمودار ہوتی ہیں، یہ کہنا غلط ہے کہ تین سال کی عمر کے بعد ایسے مسائل ظاہر ہوتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مائیں اپنے بچوں کو کم عمری میں ہی سمجھ جاتی ہیں کہ ان میں کیا مسائل ہیں اور انہیں بچوں میں مسائل نوٹ کرتے ہی ان کا حل تلاش کرنا چاہیے۔ ایک سوال کے جواب میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ وہ بچوں کو جلد اسکولوں میں داخل کروانے کی حامی نہیں، انہوں نے اور ان کے شوہر نے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے خود کو انتہائی سادہ رکھا ہوا ہے۔ حرا سومرو کا کہنا تھا کہ لازمی نہیں کہ بچوں کو کم عمری میں ہی اسکول میں داخل کرایا جائے، انہوں نے اپنے بچوں کو 5 سال کی عمر میں اسکول میں داخل کرایا تھا۔

سلینا گومز کی شادی کی تاریخ سامنے آگئی

نیویارک (این این آئی) معروف امریکی اداکارہ، گلوکارہ، گیت نگار، پروڈیوسر اور بزنس وومن سلینا گومز اور میوزک پروڈیوسر بینی بلانکو کی شادی کی ممکنہ تاریخ منظر عام پر آگئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ممکنہ طور پر 33 سالہ گلوکارہ اپنے 37 سالہ منگیتر سے رواں ماہ کے اختتام پر شادی کرنے والی ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس جوڑے کی شادی کی دو روزہ تقریبات جنوبی کیلیفورنیا کے مونٹیسیٹو یا سانتا باربرا میں منعقد کی جائیں گی،

اداکارہ مشی خان شہروں میں پھیلتی بے حیائی پر ایک بار پھر پھٹ پڑی

شہروں میں برقع پوش خواتین سے لے کر ٹرانس جینڈرز تک سبھی سرعام جنسی خدمات پیش کرتے دکھائی دیتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ مشی خان نے شہروں میں پھیلتی بے حیائی پر ایک بار پھر کھل کر اظہار خیال کیا ہے۔ مشی خان نے اس بار ان مناظر کا تذکرہ کیا ہے جو رات کے وقت شہروں کی سڑکوں پر دیکھنے کو ملتے ہیں۔ انسٹاگرام پر جاری ایک ویڈیو بیان میں انہوں نے کھلے عام ہونے والی بے حیائی، فحاشی اور غیر اخلاقی سرگرمیوں پر سخت تشویش ظاہر کی۔ مشی خان کا کہنا تھا کہ رات کے پہر اگر کوئی سڑک پر نکلے تو منظر کسی منی بنکاک سے کم نہیں لگتا۔ ان کے مطابق راولپنڈی اور اسلام آباد میں برقع پوش خواتین سے لے کر ٹرانس جینڈرز تک سبھی سرعام جنسی خدمات پیش کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ ساتھ ہی انہوں نے مساج پارلرز کا ذکر کیا جہاں ماسک پہنی لڑکیاں گاہکوں کو خدمات فراہم کرتی ہیں اور مرد حضرات بڑی دلیری سے وہاں جاتے ہیں۔ اداکارہ نے اس سب کو معاشرے میں بیماریوں کے پھیلاؤ کی بڑی وجہ قرار دیا۔ ان کے بقول ایچ آئی وی اور دیگر امراض بڑھنے کے پیچھے یہی غیر اخلاقی کام ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر ان سرگرمیوں کے خلاف کوئی کارروائی کیوں نہیں ہوتی اور ہمارے ادارے اس بارے میں خاموش کیوں ہیں؟ مشی خان نے مزید کہا کہ ہم سیلاب اور دیگر آفات کی شکایت تو کرتے ہیں، لیکن یہ نہیں سوچتے کہ ہمارے معاشرے میں سرعام کیا کچھ ہو رہا ہے۔

بالی وڈ کی کئی ہٹ فلموں میں کام کرنے والے اداکار کا انتقال

اداکار کے اچانک انتقال کی خبر نے فلم انڈسٹری اور مداحوں پر صدمہ طاری کر دیا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ کی کئی ایک مقبول فلموں میں کام کرنے والے بھارتی اداکار آشیش ورنگ چل بسے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق آشیش ورنگ کی انتقال کے وقت عمر 55 برس تھی، ان کی موت کی صحیح وجہ تاحال سامنے نہیں آئی، تاہم اطلاعات کے مطابق وہ کچھ عرصے سے علیل تھے۔ آشیش ورنگ کو متعدد کامیاب بالی وڈ فلموں میں معاون کرداروں کے لیے پہچانا جاتا تھا، جن میں سوریا ونشی، مردانی، سمبا، سرکس اور ایک ولن ریٹرنز شامل ہیں۔ پولیس افسر کے کردار میں ان کی اداکاری کو خاص طور پر سراہا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلموں کے علاوہ انہوں نے مراٹھی ٹی وی ڈراموں اور کمرشلز میں بھی کام کیا۔ اپنے کیریئر کے دوران آشیش نے بھارتی فلم انڈسٹری کے بڑے ناموں کے ساتھ کام کیا،

☆☆☆☆☆☆☆☆

ہمایوں سعید واحد اداکار ہیں جو کسی اور کی برائی نہیں کرتے، عتیقہ اوڈھو

ہمایوں سعید نے کیریئر اور مقام بنانے کے لیے محنت کی، انہیں ان کے اچھے مزاج اور پیشہ ورانہ رویے کا پھل ملا، آج وہ بڑے مقام پر ہیں

لاہور (شوبز نیوز) سینئر اداکارہ عتیقہ اوڈھو نے ہمایوں سعید کی تعریفیں کرتے ہوئے کہا کہ شوبز کے وہ واحد اداکار ہیں جو اپنے کسی اور ساتھی کی برائی نہیں کرتے۔ عتیقہ اوڈھو نے حال ہی میں کیا ڈراما ہے نامی شو میں ہمایوں سعید کی جانب سے ڈراما مبصرین کے حوالے سے کی گئی گفتگو پر اظہار خیال کیا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ہمایوں سعید نے ان سمیت کسی بھی ڈراما مبصر کے حوالے سے کچھ غلط نہیں کہا، انہوں نے یہی کہا کہ مبصرین کا کام ہی تنقید کرنا ہوتا ہے اور اسی چیز کے ان کو پیسے ملتے ہیں۔ اداکارہ کے مطابق انہوں نے اچھی بات کہی، ان کی بات سے نادیہ خان اور مرینہ خان نے بھی اتفاق کیا اور انہوں نے بھی ہمایوں سعید کے مزاج کی تعریفیں کیں۔ عتیقہ اوڈھو کا کہنا تھا کہ وہ طویل عرصے سے ہمایوں سعید کو جانتی ہیں، وہ ان کی ہیروئن رہ چکی ہیں، وہ شروع سے ہی اچھے مزاج کے شخص رہے ہیں، ان میں ذرا بھی غرور نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ماضی میں بھی ڈراما پروڈیوسرز اور ہدایت کار ہمایوں سعید کو ان کے مزاج اور پیشہ ورانہ رویے کی وجہ سے کاسٹ کرنا چاہتے تھے، انہوں نے کبھی بھی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں کیا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ہمایوں سعید نے کیریئر اور مقام بنانے کے لیے محنت کی، انہیں ان کے اچھے مزاج اور پیشہ ورانہ رویے کا پھل ملا، آج وہ بڑے مقام پر ہیں۔ نہوں نے بتایا کہ ماضی میں بھی ڈراما پروڈیوسرز اور ہدایت کار ہمایوں سعید کو ان کے مزاج اور پیشہ ورانہ رویے کی وجہ سے کاسٹ کرنا چاہتے تھے، انہوں نے کبھی بھی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں کیا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ہمایوں سعید نے کیریئر اور مقام بنانے کے لیے محنت کی، انہیں ان کے اچھے مزاج اور پیشہ ورانہ رویے کا پھل ملا، آج وہ بڑے مقام پر ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

بقیہ نمبر 1

نیاں انے والی نسلوں کے لیے عزم، حوصلے اور حب الوطنی کا روشن استعارہ ہیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گزشتہ سال مئی میں معرکہ حق کے دوران پاک فضائیہ نے اپنی غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت، جدید جنگی صلاحیت اور بے مثال جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملکی فضائی حدود کے دفاع کی شاندار روایت کو مزید مضبوط کیا۔ پاک فضائیہ کے شاہینوں کی اس موثر اور قابلِ تحسین کارکردگی نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کیا اور ایک بار پھر ثابت کیا کہ پاکستان کی فضائی حدود کا دفاع مضبوط اور باصلاحیت ہاتھوں میں ہے انہوں نے کہا کہ یوم فضائیہ محض ایک قومی دن نہیں بلکہ قومی اتحاد، غیر متزلزل عزم اور وطن سے وفاداری کے جذبے کی تجدید کا موقع بھی ہے۔ قوم اپنے شاہینوں کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور فرض شناسی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور پاک فضائیہ کی خدمات پر فخر کرتی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ملکی دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء قوم کے حقیقی ہیروز ہیں۔ ان کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں اور پوری قوم شہداء کے اہلِ خانہ کے ساتھ کھڑی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاک فضائیہ کے تمام شہداء کے درجات بلند فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور ان کے اہلِ خانہ کو صبر و استقامت عطا فرمائے۔ انہوں نے پاک فضائیہ کے غازیوں اور موجودہ شاہینوں کی سلامتی، کامیابی اور مزید سربلندی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 2

الے سے بھارتی ترجمان نے اعتراف کیا ہے کہ بھارتی افواج کا لاہور، سلیمانکی، فیروز پور پر حملہ ناکام رہا ہے اور بھارت کو ہر محاذ پر بھاری نقصان کا سامنا ہے۔ تفصیلات کیمطابق سات ستمبر کو 31 بھارتی طیارے تباہ ہوئے اور تباہ ہونے والے جہازوں کی کل تعداد 53 ہوگئی۔ صدر ایوب خان کا پاک فضائیہ کو شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہنا تھا کہ صرف استصواب رائے ہی کشمیر میں امن لا سکتا ہے۔ ترجمان کشمیر انقلابی کونسل نے بھارت کو خبردار کیا کہ کشمیری بھارتی عزائم کو خاک میں ملا دیں گے، پاک فوج کے کمانڈر ان چیف جنرل موسیٰ نے ریٹائرڈ فوجی افسران اور سپاہیوں کو ڈیوٹی پر حاضر ہونے کا حکم دیا۔ گورنر مشرقی پاکستان عبدالمنعم خان نے بھارت کو دھمکی دی کہ مشرقی پاکستان میں جارحیت پر بھارت کو بدترین نتائج بھگتنا ہوں گے۔ پاک بحریہ کے چیف ایڈمرل اے آر خان نے بحری افواج کے نام پیغام میں کہا کہ قوم کی توقعات پر پورا اتریں۔ پاکستان نیول شپس بابر، خیبر، بدر، جہانگیر، عالمگیر، شاہ جہاں اور ٹیپو سلطان نے دشمن کو اس کی حدود میں روکے رکھا۔ میجر جنرل اختر حسین نے کشمیر میں جوڑیاں سیکٹر میں شاندار بہادری کا مظاہرہ کرنے پر ہلالِ جرات سے نوازا گیا۔ صدر ایوب خان نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل یوتھانٹ سے مطالبہ کیا کہ کشمیریوں سے کیے وعدے پورے کیے جائیں۔ پاکستان نے سکھ برادری کو یقین دہانی کرائی کہ ان کے مقدس مقامات کی حرمت ہر صورت برقرار رکھی جائے گی۔

بقیہ نمبر 3

میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس ونگ تشکیل دینے کا حکم دے دیا۔ سی ای سی کے مطابق اے آئی ونگ ای سی پی کے مختلف شعبوں میں تکنیکی سہولت فراہم کرے گا۔ چیف الیکشن کمشنر کے مطابق 15 اکتوبر 2026 تک ڈیجیٹل آفس پر تمام ونگز کے عملے کی تربیت مکمل کی جائے، دسمبر کے آخری ہفتے تک الیکشن کمیشن میں ای آفس کا نظام نافذ کیا جائے۔ چیف الیکشن کمشنر نے الیکشن کمیشن کی نئی ویب سائٹ لانچ کرنے کی بھی منظوری دے دی۔

بقیہ نمبر 4

عباس نے کہا کہ پاکستان کئی قسم کے بحرانوں کی زد میں ہے، بحران بڑھ رہے ہیں، صوبوں کا وفاق پر اعتماد متاثر ہوا ہے، 26 ویں اور 27 ویں ترمیم کے باعث اتفاق نہیں رہا، کہا کہ آپ صحت سمیت کسی معاملے میں سنجیدہ نہیں ہیں، بلدیاتی اداروں کو فنکشنل کر کے اختیار دیا جائے تو 90 فیصد مسئلے حل ہوجائیں۔ پیر کو یہاں پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علامہ ناصر عباس نے کہا کہ صوبوں کا وفاق پر اعتماد متاثر ہوا ہے، 26 ویں اور 27 ویں ترمیم کے باعث اتفاق نہیں رہا۔ انھوں نے کہا کہ وفاقیت پر سوال اٹھ رہے ہیں، معاشی بحران، مہنگائی اور غربت بڑھ رہی ہے، پچاس فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہذب معاشروں میں ایسی صورت میں نیا مینڈیٹ لیا جاتا ہے۔ سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ آپ خود کہہ رہے ہیں سسٹم ناکارہ ہو چکا ہے، پھر یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حکومت 5 سال مکمل کرے گی، منصوبوں کا نقشہ بھی عجیب و غریب ہے، حکمران ملک سے باہر جا کر علاج کراتے ہیں۔ سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ پمز واقعہ کے متعلق کمیٹی کی کمپوزیشن درست کی جائے، قائم کی گئی کمیٹی سے نیک نیتی نظر نہیں آرہی، پمز واقعہ پر بچوں کے مرنے پر ان کو تکلیف محسوس ہوتی نظر نہیں آرہی۔ انھوں نے کہا کہ آپ صحت سمیت کسی معاملے میں سنجیدہ نہیں ہیں، بلدیاتی اداروں کو فنکشنل کر کے اختیار دیا جائے تو 90 فیصد مسئلے حل ہوجائیں، بلدیاتی انتخابات سے نئی قیادت پیدا ہوگی۔ کیا بلدیاتی نظام آئین کیخلاف ہیں؟ بلدیاتی انتخابات کیوں نہیں کرا رہے، صوبوں کی تقسیم میں بھی پیسوں کا مسئلہ ہے، اپوزیشن لیڈر سینیٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے بیان پر حیرانی ہوتی ہے، یہ عقل کہاں سے لاتے ہیں۔ سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا بیان جلتی آگ پر تیل پھینکنے جیسا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کا بیانیہ قابل مذمت ہے وہ بیان واپس لیں۔ انہوں نے کہا سوال یہ ہے کہ کیا کابینہ نے نئے صوبے بنانے کا فیصلہ کیا ہے؟ (ن) لیگ کی پارٹی پالیسی بھی خاموش ہے، کیا پنجاب اسمبلی، بلوچستان اسمبلی نے بل منظور کیا ہے کہ صوبے بنائے جائیں۔

بقیہ نمبر 5

بہترین فضائی افواج میں شمار ہو اور اسی مقصد کے تحت اسے تمام شعبوں میں اعلیٰ معیار اور پیشہ ورانہ مہارت کے حصول کے لیے ترقی دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ پاک فضائیہ نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران فضائی معرکوں میں اپنی صلاحیت، پیشہ ورانہ برتری اور غلبے کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ حالیہ عرصے میں پاک فضائیہ نے برادر افواج کے ساتھ ہم آہنگی اور اشتراک عمل کے ذریعے معرکہ حق میں فیصلہ کن کردار ادا کیا اور دشمن پر ایسا کاری وار کیا جس نے پوری دنیا کو حیرت زدہ کر دیا۔ بلاشبہ پاک فضائیہ کی یہ شاندار کارکردگی جرات مندانہ قیادت، جنگی عملے کی حربی مہارت، بہترین منصوبہ بندی اور کثیر الجہتی جنگی صلاحیتوں کے مربوط اور موثر استعمال کا نتیجہ تھی جو جدت اور مقامی دفاعی صلاحیتوں کے فروغ کی حکمت عملی کے تحت حاصل کی گئی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ پاک فضائیہ نے ایک بار پھر تعداد میں کم ہونے کے باوجود مقابلہ کرنے کی شاندار روایت کو برقرار رکھا جو ہمیشہ سے اس کا طرہ امتیاز رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاشبہ ہمارے شاہینوں نے اپنی بے مثال بہادری سے ثابت کر دیا کہ دشمن خواہ کتنا ہی طاقتور اور وسائل سے مالا مال کیوں نہ ہو، وہ ہمارے عزم و ارادے کو کبھی متزلزل نہیں کر سکتا۔ صدر مملکت نے کہا کہ آج کی پاک فضائیہ ان بہادروں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے جنہوں نے اپنے خون سے پاک فضائیہ کی تاریخ رقم کی۔ انہوں نے کہا کہ اس خصوصی دن پر، مجھے یقین ہے کہ پاک فضائیہ ہمیشہ کی طرح ہر چیلنج کا سامنا کرنے کے لیے پوری طرح تیار رہے گی اور پاکستان کی خود مختاری اور فضائی حدود کے دفاع کے لیے ہر لمحہ مستعد و سربکف رہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت اور پاکستان کے عوام کو پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ صلاحیت، نظم و ضبط اور عملی تیاری پر مکمل اعتماد ہے، پاک بحریہ ہماری بین الاقوامی بحری مواصلاتی گزرگاہوں اور تجارت کے لیے اہم بحری راستوں کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، یقین ہے بحریہ اپنی شاندار روایات کو برقرار رکھتے ہوئے جرات، عزت و وقار اور امتیاز کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دیتی رہے گی۔ یوم بحریہ پاکستان، 8 ستمبر 2026 کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے یوم بحریہ پاکستان کے موقع پر میں پاک بحریہ کے افسران، جوانوں، اور اہلکاروں اور ان کے اہل خانہ کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں، اس تاریخی دن ہم پاک بحریہ کے شہداء، غازیوں، سابق اہلکاروں اور موجودہ افسران و جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے وطن عزیز کے دفاع کے لیے اپنی بے مثال خدمات انجام دیں اور آج بھی جرات، قربانی اور فرض شناسی کے جذبے کے ساتھ اپنا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 8 ستمبر 1965 کی جنگ کے دوران پاک بحریہ کے عزم، شجاعت اور ثابت قدمی کی یاد تازہ کرنے والا ایک قابل فخر اور ولولہ انگیز دن ہے، اس روز پاک بحریہ نے بھارتی بحری تنصیب دوارکا کے خلاف تاریخی آپریشن "سومناتھ" کامیابی سے انجام دیا، ایک بڑی اور بھاری اسلحے سے لیس دشمن قوت کے مقابلے میں ہمارے بحری جہازوں نے انتہائی درستگی کے ساتھ کارروائی کرتے ہوئے دشمن کی اہم ساحلی تنصیبات کو تباہ کیا اور سمندر میں نفسیاتی برتری قائم کی۔ بحر ہند میں ہماری آبدوز "غازی" کی موجودگی نے دشمن کی نقل و حرکت کو مزید مفلوج کر دیا اور بحری جنگ کی تاریخ میں ایک سنہرا باب رقم کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2025 کے معرکہ حق کے دوران بھی پاک بحریہ نے اسی جذبے اور اعلیٰ عملی تیاری کا مظاہرہ کیا جس کے باعث عددی برتری رکھنے والا دشمن سمندر میں کسی بھی جارحانہ کارروائی سے باز رہا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ تزویراتی منظرنامے میں پاک بحریہ کی ذمہ داریاں کئی گنا بڑھ گئی ہیں، پاک بحریہ ہماری بین الاقوامی بحری مواصلاتی گزرگاہوں اور تجارت کے لیے اہم بحری راستوں کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، آبنائے ہرمز پر حالیہ بڑھتی ہوئی کشیدگی اور بحری سرگرمیوں میں مشکلات کے تناظر میں پاک بحریہ نے ایک بار پھر اپنے عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے علاقائی سلامتی کی بگڑتی ہوئی صورت حال کے

باوجود پاکستانی پرچم بردار تجارتی جہازوں، بالخصوص پٹرولیم مصنوعات لے جانے والے جہازوں، کی بلاتعطل آمد و رفت کو یقینی بنایا۔ انہوں نے کہا کہ روایتی سلامتی کے تقاضوں سے بڑھ کر پاک بحریہ دنیا بھر میں پاکستان کی مثبت اور پُرامن شناخت کے فروغ میں بھی فعال کردار ادا کر رہی ہے، اس کی "امن" مشق اور "امن ڈائیلاگ" جیسے اقدامات کا مقصد عالمی بحری برادری کو امن کیلئے متحد کرنا ہے، پاک بحریہ کو خطے میں عملی اور تکنیکی تعاون، بحری صنعتی روابط، باہمی تربیتی تبادلوں اور بحری سفارت کاری کے تناظر میں بھرپور خیر سگالی حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج پاک بحریہ ہمارے سمندروں کی ایک مضبوط اور جدید ٹیکنالوجی سے لیس محافظ قوت کے طور پر نمایاں ہے جس نے اپنی قیادت کے تزویراتی وژن اور مقامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے وضع کیے گئے جدیدیت کے پروگرام کے تحت نمایاں ترقی حاصل کی ہے، جدید ترین ہنگور طرز کے کارویٹس، ہنگور کلاس آبدوز، مختلف نوعیت کے فضائی اثاثوں اور ملکی سطح پر تیار کیے گئے کروز اور بیلسٹک میزائلوں کی کامیاب شمولیت اس عزم کی عکاس ہے کہ ابھرتے ہوئے بحری چیلنجز سے موثر اور کار آمد انداز میں نمٹنے کے لیے پاک بحریہ کو جدید اور مخصوص صلاحیتوں سے لیس کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور پاکستان کے عوام کو پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ صلاحیت، نظم و ضبط اور عملی تیاری پر مکمل اعتماد ہے، مجھے یقین ہے کہ پاک بحریہ اپنی شاندار روایات کو برقرار رکھتے ہوئے جرات، عزت و وقار اور امتیاز کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دیتی رہے گی

بقیہ نمبر 6

ایک الگ حکومت ہے، اس میں کوئی ہچکچاہٹ والی بات نہیں ہے، افغانستان میں چند صوبے ہوتے تھے، اب انہوں نے 35-34 صوبے بنالیے، اشرف غنی نے مجھ سے ملاقات میں کہا تھا کہ عوامی خدمت میں بہتری ہوئی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے متعلق میں کوئی قیاس آرائی نہیں کر سکتا، یہ ایک نیشنل ایشو ہے، اس میں کہیں سے مخالفت نہیں ہونی چاہیے، یہ فیصلہ وفاق سمیت صوبوں کو مضبوط بنائے گا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ صوبے کا لفظ لوگوں کو شاید کنفیوز کرتا ہے، انتظامی یونٹ لفظ استعمال کیا جائے تو بہتر ہوگا، بحیثیت جماعت اس پر کوئی بات ہوئی ہو تو اس کا مجھے علم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے اس سے متعلق کوئی میٹنگ کی ہو تو اس کا مجھے علم نہیں، عوام کو ایسا ڈیلیوری سسٹم دینا چاہیے جس سے انہیں سب سے نچلے لیول کی سروسز میسر ہوں۔

بقیہ نمبر 7

ہے۔ انہوں نے کہا ہمیں دھرنوں کا شوق نہیں اور نہ ہی یہ احتجاج اپنی ذات کے لیے ہے، حکومت عوام کے ساتھ جو زیادتیاں کر رہی ہے، اسی کے خلاف ہم سڑکوں پر نکلے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ آج فیصل آباد ڈویژن سے بڑی تعداد میں عوام دھرنے میں شریک ہے، جماعت اسلامی نے بھی دھرنے کو مقصد نہیں بنایا، ہم عوام کو ریلیف دلانے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ کسانوں، طلبہ اور مزدوروں سے حکومت غنڈہ ٹیکس لے رہی ہے، ہمارا مطالبہ واضح ہے کہ پٹرولیم لیوی کے نام پر بھتہ ختم کیا جائے، حکومتی ٹیم منصورہ آئی تو ہم نے واضح کر دیا تھا کہ دھرنے جاری رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے حکومت کو تجویز دی ہے کہ غریب عوام پر ٹیکس لگانے کے بجائے اشرافیہ پر ٹیکس عائد کیا جائے، لگژری گاڑیوں پر ٹیکس لگایا جائے اور غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت نے پاکستانی آئین کے خلاف کام کیا ہے، ملک میں سودی نظام نافذ کر رکھا ہے، سود کا خاتمہ ہونا چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اگر حکومت ایک فیصد سود کم کرے تو قومی خزانے کو اربوں روپے کا فائدہ ہوسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 8 ہزار ارب روپے سے زائد رقم قرضوں کی اصل ادائیگی کے بجائے سودی ادائیگی میں چلی جاتی ہے، حکومت کو اپنی معاشی پالیسیوں پر نظر ثانی کرتے ہوئے عوام کو ریلیف دینا ہوگا۔

بقیہ نمبر 8

سردار ایاز صادق نے 1965ء کی جنگ میں پاک بحریہ کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن دوارکا پاک بحریہ کی تاریخ کا ایک درخشاں باب ہے جس میں دشمن کی اہم ساحلی تنصیبات اور ریڈار اسٹیشن کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ اس جنگ کے دوران آبدوز غازی نے بحری محاذ پر اپنی آپریشنل ذمہ داریاں موثر انداز میں انجام دیتے ہوئے دشمن کی بحری نقل و حرکت کو محدود کئے رکھا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران بھی پاک بحریہ نے ملکی سمندری حدود کے تحفظ اور قومی دفاع کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف کی قیادت میں پاک بحریہ نے پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملکی دفاع اور سلامتی کے تحفظ میں بھرپور کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان کی مشترکہ پیشہ ورانہ صلاحیت، باہمی تعاون اور قومی جذبے نے ثابت کیا کہ پاکستان اپنی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان کی معیشت، تجارت اور تزویراتی سلامتی میں سمندری راستوں کی بنیادی اہمیت کے پیش نظر پاک بحریہ کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ پاک بحریہ ملک کی سمندری حدود اور قومی خود مختاری کے تحفظ کے لیے قابل تحسین خدمات انجام دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم پاک بحریہ کے شہداء، غازیوں اور بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتی ہے اور ان کی قربانیوں اور خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے یاد رکھے گی۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے شہداء کے درجات کی بلندی اور پاکستان کو امن، سلامتی اور ترقی و خوشحالی عطا فرمانے کی دعا کی۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے یوم بحریہ کے موقع پر پاک بحریہ کے شہداء و غازیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ 1965 کی جنگ میں پاک بحریہ کے بہادر سپوتوں نے جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور قومی جذبے کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن دوارکا پاک بحریہ کی تاریخ کا ایک یادگار باب ہے، جس نے دشمن کے خلاف ہماری بحری قوت کی صلاحیت اور عزم کو نمایاں کیا۔ انہوں نے کہا کہ یوم بحریہ ہمیں اپنے قومی ہیروز کی قربانیوں کو یاد کرنے کے ساتھ ساتھ اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ پاکستان کی خود مختاری، سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہم متحد رہیں گے۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران بھی پاک بحریہ نے ملکی سمندری حدود کے دفاع اور قومی سلامتی کے تحفظ میں موثر کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج وطن کے دفاع کے لیے ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء اور غازیوں کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ قوم اپنے شہداء کی خدمات و قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے اللہ تعالیٰ سے شہداء کے درجات کی بلندی اور پاکستان کو امن، سلامتی اور استحکام عطا فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 9

ان کی عظیم قربانیاں پاک فضائیہ کی شجاعت، پیشہ ورانہ مہارت اور دفاع وطن کے لیے غیر متزلزل عزم پر مبنی قابل فخر روایت کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اسلاف کے کارنامے محض تاریخ کے اوراق کا حصہ نہیں بلکہ ایک زندہ ورثہ ہیں جو موجودہ نسل پر ایک گہری ذمہ داری عائد کرتے ہیں۔ سربراہ پاک فضائیہ نے کہا کہ ہمارے شہدا جرات، قربانی اور قومی عزم کی لازوال علامت ہیں۔ ان کی میراث ہمیں یہ یاد دلاتی ہے کہ وطن عزیز کا دفاع ایک مقدس امانت ہے، جسے ہم ثابت قدمی اور غیر متزلزل وابستگی کے ساتھ ہمیشہ نبھاتے رہیں گے۔ سربراہ پاک فضائیہ نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران پاک فضائیہ کی شاندار کامیابی اس کی پیشہ ورانہ برتری، جنگی صلاحیت اور اعلیٰ آپریشنل استعداد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ایئر چیف نے اس امر پر زور دیا کہ قائد اعظم محمد علی جناح کے سکینڈ لوٹن کے نظریے کی روشنی میں پاک فضائیہ کو عصر حاضر کی جنگی حکمت عملی اور ٹیکنالوجی میں ہمیشہ صف اول میں رہنا ہوگا۔ انہوں نے خلائی، سائبر اور برقی جنگی صلاحیتوں، مصنوعی ذہانت، جدید نوعیت کی خصوصی ٹیکنالوجیز اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی کے ذریعے پاک فضائیہ کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ بعد ازاں سربراہ پاک فضائیہ نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور پاک فضائیہ کے بہادر شہدا کی یاد میں فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ نمبر 10

روزگاری، عوام کی زبوں حالی کو نظر انداز کر کے صرف اختیارات کے حصول کی جنگ مزید تباہی لائے گی۔ یہاں قاری مسعود طارق کی رہائش گاہ پر مختلف وفود سے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام کا منشور اقتدار عوام کی جان و مال کے تحفظ اور معاشرے کی بہتری ہے دین اسلام سے بڑھ کر انسانی حقوق کا محافظ کوئی نہیں ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو چاہیے کہ جس آئین کا آپ نے حلف اٹھایا اسکی پاسداری کریں جمہوریت پر قدغن لگنے شروع ہوگئے ہیں۔ ناموس رسالت کے قانون کو واپس لینے کی سازش کرنے والے یہودیوں کے ایجنٹ ہیں ملک کی معاشی بربادی کی ذمہ دار بیوروکریسی، جاگیردارانہ نظام اور سیاست دان ہیں اب حکمرانوں نے خود تباہی کا اعتراف کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ حکمرانی کے اہل نہیں ہیں۔ پاکستان کے دو صوبے دہشت گردی میں جل رہے ہیں جہاں عام آدمی رات کو گھر سے باہر نہیں نکل سکتا۔ نوکریاں رشوت لے کر دی جاتی ہیں ملک کو معاشی طور پر دنیا کا غلام بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے بنانے کی بات کو اندر سے جانتے ہیں پہلے صوبے بنانے کے حامی آپ نئے صوبوں کے نام پر آگ بگولا کیوں ہیں انہوں نے حکمرانوں کو انتباہ کیا کہ پہلے ملک کو ٹھیک کرو معدنی وسائل صوبوں کی ملکیت ہیں اس حق کو تسلیم نہیں کیا جا رہا ہے تسلیم کرنا ہوگا اگر صوبوں کے حقوق مان لیے جائیں تو بار بار الیکشن چوری کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ پولیس موقع پر قاری محمد ابوبکر، حافظ طارق مسعود، مولانا محمد امجد خان، مولانا ضیاء الحق چوہدری، قاری طاہر رشیدی، قاری حنیف عثمانی، وقاص رزاق مجاہد محمد نوید اور حافظ نصیر احرار موجود تھے۔ بعد ازاں گلشن علی کالونی میں مولانا فضل الرحمن امیر، مولانا عبدالغفور حیدری، مولانا عطاء الحق درویش سینئر، انجینئر ضیاء الرحمن، مولانا محمد امجد خاں نے جمعیت العلمائے اسلام کے بانی کارکن عبدالرزاق مجاہد مرحوم کے گھر جا کر ان کی اہلیہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیا اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور گہرے دکھ کا اظہار کیا۔ اور مرحومہ کی مغفرت کے لیے دعا کی۔

بقیہ نمبر 11

میں کہا گیا کہ بولی کے عمل میں حصہ لینے والے صارفین کے لیے وہیلنگ چارجز 6.23 سے 19.62 روپے فی یونٹ مقرر جبکہ اس عمل سے باہر اوپن ایکسیز صارفین کے لیے سٹرینڈڈ قیمت کے ساتھ گرڈ چارجز 19.17 سے 32.56 روپے فی یونٹ مقرر کی گئی ہے۔ فیصلے کے مطابق نیپرا نے ملک بھر میں 11 کے وی کے لیے 8.04 فیصد جبکہ 132 کے وی کے لیے 1.51 فیصد یکساں ترسیلی نقصان کی بھی منظوری دے دی جس کے تحت تمام فکسڈ گرڈ چارجز 1.00 روپیہ فی کلوواٹ ماہانہ کی بنیاد پر وصول کیے جائیں گے۔ نیپرا فیصلے میں کہا گیا ہے کہ اضافی چارجز تمام صارفین اوپن ایکسیز اور عام صارفین پر یکساں لاگو ہوں گے۔ نیپرا نے وفاقی حکومت کو فیصلے کی گزٹ نوٹیفکیشن 30 دن کے اندر جاری کرنے کا حکم جاری کیا۔ نیپرا نے تمام ڈسکوز کو آئندہ سال کے لیے فوری طور پر یوا ایس سی پیٹشنز جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 12

سلمان اکرم راجا نے کہا ہے بانی پی ٹی آئی کی رائے لیے بغیر انتظامی یونٹس کے عمل میں شامل نہیں ہوں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو مکالمے میں شامل کریں پھر بات ہو، پی ٹی آئی سندھ کے عوام اور ان کے حقوق کے ساتھ ہے۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ فارم 47 کی اس اسمبلی کو مانتے ہیں نہ 26 ویں اور 27 ویں ترمیم کو، ان اسمبلیوں کو آئینی ترمیم کا کوئی حق حاصل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ شفاف الیکشن اور عوام کے نمائندوں کو اسمبلی میں لائیں پھر بات کریں۔ ان سے سوال کیا گیا کہ محسن نقوی نے کہا کہ انتظامی یونٹ بن کر رہیں گے، آپ کیا کہتے ہیں؟ اس پر جواب میں کہا کہ اس عمل میں شامل نہیں ہونگے جب تک بانی پی ٹی آئی کی رائے نہ آجائے۔

بقیہ نمبر 13

کیا۔ دونوں رہنماؤں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 14

وگریڈ، بہتری کے کام میں مبینہ رکاوٹوں اور نئے تعمیر شدہ فٹ پاتھوں کی دوبارہ کھدائی کا سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو منصوبے کا کام بلاتعطل جاری رکھنے کی ہدایت کر دی۔ سماعت میں درخواست گزار سید نذیر آغا ایڈووکیٹ، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل ظہور احمد بلوچ، ایڈیشنل اٹارنی جنرل محمد فرید ڈوگر، کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کے وکیل راجیش ناتھ کوہلی، شاہ اللہ خان بلٹی ایڈووکیٹ، ایس پی لیگل کوئٹہ رحیم خان، پراجیکٹ ڈائریکٹر چیف منسٹر پیکیج برائے کوئٹہ ڈویلپمنٹ رفیق بلوچ، ایڈووکیٹ کوئٹہ سٹی شائد حق بلوچ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے وکیل اظہار الحق ترین، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن شکیل احمد اور پاکستان ریلوے کے وکیل رضوان علی سومرو پیش ہوئے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل محمد فرید ڈوگر نے عدالت کو بتایا کہ کوئلہ پھاٹک کراسنگ کو چوڑا کرنے کا کام مکمل ہو چکا ہے، تاہم حتمی کارروائی پاکستان ریلوے ہیڈ کوارٹر لاہور میں زیر التوا ہے، جسے ضروری کارروائی مکمل ہونے کے بعد جلد شروع کر دیا جائے گا۔ عدالت میں سیکشن 151 سی پی سی کے تحت دستاویزات ریکارڈ پر رکھنے کے لیے سول متفرق درخواست بھی جمع کرائی گئی، جس کے ساتھ منسلک دستاویزات کو ریکارڈ کا حصہ بنا دیا گیا۔ ایس ایس پی ٹریفک کی جانب سے پیش کردہ رپورٹ میں بتایا گیا کہ عدالتی احکامات سے متعلقہ ٹریفک حکام کو آگاہ کر دیا گیا ہے اور ان پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات کیے جائیں گے۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر CMPQD نے کالون روڈ کے سامنے عارضی میڈین اوپننگ اور ٹریفک کی صورتحال سے متعلق تفصیلی رپورٹ عدالت میں پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق کالون روڈ پر یومیہ ٹریفک کا حجم 12,342 جبکہ چھٹی کے اوقات میں 1,270 گاڑیاں فی گھنٹہ ہے، جبکہ انسکمب روڈ کے متعلقہ حصے پر یومیہ ٹریفک 6,416 اور چھٹی کے اوقات میں 631 گاڑیاں فی گھنٹہ ریکارڈ کی گئی ہیں۔ ٹریفک ماہرین کی رپورٹ میں قرار دیا گیا کہ کالون روڈ تک غلط سمت سے ہونے والی آمد و رفت سڑک استعمال کرنے والوں کے رویے اور غلط نقل و حرکت کا مسئلہ ہے، اس لیے کالون روڈ کے سامنے مستقل میڈین اوپننگ کی ضرورت نہیں۔ رپورٹ میں خدشہ ظاہر کیا گیا کہ نئی اوپننگ سے زرغون روڈ پر بے قابو موڑ اور ٹریفک کی قطار کا خطرہ پیدا ہوسکتا ہے، جبکہ انسکمب روڈ پہلے ہی متبادل اور مقصد سے بنایا گیا راستہ ہے۔ رپورٹ میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے سمتائی سائن بورڈز، ٹریفک پولیس کے موثر نفاذ، ڈرائیور آگاہی مہم اور 30 روز بعد ٹریفک صورتحال کی دوبارہ نگرانی کی سفارش کی گئی۔ عدالت کو بتایا گیا کہ 24 اگست 2026 کے کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کے حکام کی جانب سے سمنگلی روڈ کی گریڈ بہتری کا کام روک دیا گیا تھا۔ مختلف اجلاسوں کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان کی موجودگی میں متعلقہ حکام نے کام جاری رکھنے پر اتفاق کیا، تاہم بعد ازاں بغیر کسی تحریری اطلاع کے تعمیراتی سرگرمیاں دوبارہ روک دی گئیں۔ کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کے وکیل راجیش ناتھ کوہلی نے عدالت کو بتایا کہ ایگزیکٹو آفیسر کی جانب سے کارروائی کی گئی ہے تاہم وہ خود کسی ایسی تحریری ہدایت یا حکم سے آگاہ نہیں ہے۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر نے عدالت کو مزید بتایا کہ 13 فروری 2026 کو متعلقہ سرکاری اداروں کو خطوط کے ذریعے ہدایت کی گئی تھی کہ سمنگلی، سریاب اور زرغون روڈ پر نئے تعمیر شدہ فٹ پاتھوں اور دیگر ترقیاتی کاموں کو غیر ضروری کھدائی سے محفوظ رکھا جائے اور کسی بھی یوٹیلیٹی ورک سے قبل پراجیکٹ ڈائریکٹر کو پیشگی اطلاع دی جائے۔ اس کے باوجود بعض مقامات پر نجی مزدوروں کے ذریعے نئے تعمیر شدہ فٹ پاتھوں کو دوبارہ توڑا جا رہا ہے۔ عدالت نے کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کے وکیل کو ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر متعلقہ حکام سے رابطہ کریں اور اگر سمنگلی روڈ کے تعمیراتی کام کو روکنے کا کوئی حکم جاری کیا گیا ہے تو اسے فوری طور پر معطل کرایا جائے۔ عدالت نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبے میں رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی اور آئندہ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جس میں توہین عدالت کی کارروائی بھی شامل ہوسکتی ہے۔ عدالت نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو بھی ہدایت کی کہ عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے۔ عدالت نے مزید ہدایت کی کہ پہلے سے تعمیر شدہ علاقوں میں کام کرنے والے تمام سرکاری، نیم سرکاری اور نجی ادارے کسی بھی قسم کی کھدائی یا یوٹیلیٹی ورک شروع کرنے سے قبل پراجیکٹ ڈائریکٹر سے این او سی حاصل کریں گے، جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ دار عناصر کے خلاف قانونی اور فوجداری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ عدالت نے حکم کی نقل متعلقہ حکام کو اطلاع اور تعمیل کے لیے ارسال کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے آئینی درخواست کی مزید سماعت 24 ستمبر 2026 تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 15

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن دفاع وطن کی تاریخ کا روشن دن ہے۔ 6 ستمبر کے دن ہمارے شہدا نے وطن عزیز کی آزادی کے دفاع کی خاطر اپنی جان کے نذرانے پیش کیے۔ احسن اقبال نے کہا کہ اگر اندرونی سلامتی کا محاذ کمزور ہوجائے تو ان ملکوں کا جغرافیہ بدل جاتا ہے۔ یوم دفاع ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ ملک کا دفاع قوم کے جذبوں کے بغیر ادھورا رہتا ہے۔ میں دفاع وطن کی خاطر اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے شہداء کے جذبات کو سلام پیش کرتا ہوں۔ شہید نے صرف اپنی جان کی قربانی دیتا ہے بلکہ وہ اپنے خاندان کی خوشیوں کو دفاع وطن پر لوٹا تا ہے۔ آج کے دن ہم دفاع وطن کے شہداء کے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ آج کی جنگ روایتی جنگوں سے بہت مختلف ہے۔ آج کی جنگ اسلحہ کی بجائے معیشت اور ماڈرن ٹیکنالوجی کے میدان میں لڑی جا رہی ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ آج کے آلات حرب میں سائبر سیکورٹی، اے آئی، کوانٹم کمپیوٹنگ سمیت سپیس ٹیکنالوجی بھی شامل ہے۔ مئی 2025 میں دشمن نے غلط اندازہ لگاتے ہوئے رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کیا تو دنیا نے دیکھا کہ اس کا جواب پاکستان نے ایسے دیا کہ ہندوستان گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوگیا۔ دشمن کے مہنگے اور جدید ترین جہاز چڑیوں کی طرح گرادیے گئے۔ ایک جدید ریاست فرسودہ ٹیکنالوجی اور کمزور معیشت پر زیادہ دیر کھڑی نہیں رہ سکتی۔ آج کا تقاضہ یہ ہے کہ ہم دور جدید کے تقاضوں کے مطابق دفاع وطن کو مضبوط بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ 21 ویں صدی میں تعلیم، ٹیکنالوجی اور معاشی میدان میں انویشن مضبوط دفاع کی ضامن ہے ہمیں اپنی صلاحیتوں کے مطابق اپنے آپ کو تعمیر وطن اور دفاع پاکستان کا سپاہی بنانا ہوگا۔ ہر شہری کو اپنے فرض کی ادائیگی کرتا ہے وہ دفاع پاکستان کی مضبوط بنیادوں پر استوار کر رہا ہے۔ ہمیں اپنی صفوں سے انتشار اور بدامنی کو ختم کرنا ہوگا۔ آج کے دور میں ملکوں کو غلط بیانیے کی جنگ کا بھی سامنا ہے۔ اساتذہ کا یہ فرض ہے کہ وہ بچوں کی تربیت کریں کہ وہ نفرت کے بیانیے پر کان نہ دھریں۔ ہمیں بحیثیت قوم خود کو متحد رکھنا ہوگا۔ راوی جنگ میں شکست فاش کے بعد ہندوستان دوبارہ روایتی جنگ کا بھی سوچ بھی نہیں سکے گا۔ احسن اقبال نے کہا کہ راوی جنگ میں ناکامی کے بعد اب ہمارا دشمن اب پاکستان میں سیاسی اور سماجی بدامنی پیدا کر رہا ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان قیام امن کے نتیجے میں آج دنیا میں پاکستان کی تعریف کی جا رہی ہے۔ 2027 میں ایس۔ سی۔ او کا اجلاس پاکستان میں ہونے جا رہا ہے جو سفارتی میدان میں پاکستان کی بہت بڑی کامیابی ہے۔ پاکستان کے مضبوط دفاع کی کنجی 25 کروڑ عوام کے ہاتھوں میں ہے۔ آج ہمیں یہ عزم کرنا چاہیے کہ ہم اپنی آنے والی نسلوں کو قرضوں کے بوجھ تلے دبنے نہیں دیں گے۔ اپنی تنخواہ کو حرام ہونے سے بچائیں۔ تعلیم واحد شعبہ ہے جس میں ہم اپنے اساتذہ کو پرائیویٹ سیکٹر سے بہت بہتر تنخواہ دے رہے ہیں۔ سرکاری سکولوں کے بچوں کے نتائج اگر پرائیویٹ سیکٹر سے برے ہیں تو ہمارے اساتذہ کو سوچنا ہوگا کہ کیا وہ اپنا رزق حلال کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 16

راہیں منڈر آتش کیا۔ فتن الہندوستان کا یہ حملہ کسی ادارے یا عمارت پر نہیں بلکہ خاران کے عوام کے مستقبل، تعلیم، صحت اور روزگار پر حملہ ہے، گورنمنٹ انٹر کالج اور مائن اینڈ منرلز لیبر ہسپتال کے قیام سے گواش خاران اور گردونواح کے عوام کو تعلیم اور علاج و معالجے کی بہترین سہولیات میسر آنا تھیں۔ فتن الہندوستان کے شرپسند اپنے اقدامات سے واضح کر رہے ہیں کہ یہ بلوچستان کی ترقی اور عام بلوچ عوام کے خیر خواہ نہیں بلکہ دشمن ہیں۔ گواش ہسپتال کو فعال بنایا جا رہا تھا اور یہ حملہ فتن الہندوستان کی عوام کو بہترین علاج سے محروم کرنے کی مذموم کوشش ہے، عوام کی سہولیات، تعلیمی اداروں، اسپتالوں اور ترقیاتی کاموں کو نشانہ بنانے والے بلوچستان کے ہرگز خیر خواہ نہیں ہوسکتے۔

بقیہ نمبر 17

خاکی کی تلاش کیلئے ریسکیو آپریشن مکمل کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پاک فوج اور دیگر اداروں کے جوانوں نے کوہ پیما سید علی شاہ کے جسد خاکی کو سوات منتقل کر دیا۔ کوہ پیما سید علی جولائی 2026 میں کالام وادی میں واقع فلک سر چوٹی پر گلیشیئر ٹوٹنے کے باعث حادثے کا شکار ہوئے تھے۔ پاک فوج کے ریسکیو ٹیموں نے تقریباً پانچ ہزار 200 میٹر کی بلندی پر کوہ پیما سید علی شاہ کے جسد کی نشاندہی کی۔ پاک فوج کی ریسکیو ٹیموں نے دشوار گزار اور برف پوش علاقے کے باوجود انتہائی مشکل آپریشن کو کامیاب بنایا۔ ہیلی کاپٹر کے ذریعے پاک فوج کی ریسکیو ٹیموں نے کوہ پیما سید علی شاہ کی میت 6 ستمبر کو سوات منتقل کر دی۔ کوہ پیما سید علی شاہ کے بھائی سید عبداللہ شاہ نے کہا کہ ہم پاک فوج کے تہہ دل سے مشکور ہیں جنہوں نے اس مشکل اور کٹھن آپریشن میں ہمارا بھرپور ساتھ دیا۔ بھائی کے مطابق وہ میت کی تلاش کے لیے مسلسل محنت کرنے والے فوجی جوانوں کے بھی خصوصی شکر گزار ہیں۔

بقیہ نمبر 18

کارروائی کرتے ہوئے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جانے والے 3 مسافروں کو آف لوڈ کر کے گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق مسافروں نے ایجنٹ کی ملی بھگت سے سعودی عرب پہنچ کر ملازمت حاصل کرنا تھی، ایجنٹ نے مسافروں کو سعودی عرب پہنچنے کے بعد ویزا کیٹیگری تبدیل کروانے کا جھانسہ دیا تھا۔ ایف آئی اے کے مطابق ایجنٹ نے امیگریشن کلیئرنس کے نام پر بھی مسافروں سے بھاری رقوم وصول کیں، گرفتار مسافروں کو ایجنٹ کی نشاندہی اور قانونی کارروائی کے لیے اے ایچ ٹی سی کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 19

دیگر علاقوں میں نئے صوبوں کا فیصلہ بھی ریفرنڈم کے ذریعے ہونا چاہیے۔ چنیوٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیپٹن ریٹائرڈ صفدر نے کہا کہ صوبے بننے چاہئیں مگر یہ وقت نئے صوبوں کی بات کا نہیں، نئے صوبوں کا مخالف نہیں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ صوبہ دیرینہ مطالبہ ہے، کون سا ضلع کس صوبے کا حصہ بنے گا، اس کا فیصلہ بھی عوامی رائے سے کیا جائے، جبکہ صوبوں کی حدود کے تعین کے لیے قومی سطح پر کمیشن یا جرگہ تشکیل دیا جائے۔ کیپٹن صفدر نے کہا کہ اس معاملے پر پارلیمنٹ سے پہلے قوم کی رائے معلوم اور سیاسی قیادت، علما اور عوام کے درمیان مشاورت ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 20

یوز آف سسٹم چارج کا تعین سی پی ای ایم کیلئے آخری اہم ریگولیٹری اقدام تھا، یوز آف سسٹم چارج کے تعین سے پبلک سی ٹی بی سی ایم نیلامی کی راہ ہموار ہوئی۔ وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ مسابقتی بجلی مارکیٹ پاکستان کو روایتی واحد خریدار نظام سے آگے لے جائے گی، اہل صنعتی صارفین پہلی بار اپنی پسند کے بجلی فراہم کنندگان سے بجلی خرید سکیں گے، مسابقتی مارکیٹ کے ذریعے صنعتی صارفین دوطرفہ بنیادوں پر بجلی خرید سکیں گے، مسابقتی بجلی مارکیٹ کے فوائد صرف صنعتی صارفین تک محدود نہیں رہیں گے، بجلی کی خریداری میں مسابقت سے زیادہ موثر پیداوار اور بہتر قیمتیں ممکن ہوں گی، مسابقتی مارکیٹ موجودہ پاور پلانٹس کے بہتر استعمال میں معاون ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مسابقتی بجلی مارکیٹ بجلی کی ویلیو چین میں موجود نااہلیاں کم کرے گی، مسابقتی مارکیٹ قابل تجدید توانائی اور بیٹری اسٹوریج کی شمولیت کو فروغ دے گی، مسابقتی مارکیٹ مقامی کم لاگت توانائی وسائل کے بہتر استعمال میں مدد دے گی، مسابقتی مارکیٹ مہنگے درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے میں معاون ثابت ہوگی، نیپرا کا فیصلہ براہ راست رسائی کیلئے ضروری ریگولیٹری فریم ورک فراہم کرتا ہے، سی ٹی بی سی ایم نیلامی مارکیٹ میں اہم ساختی تبدیلی کی نمائندگی کرے گی، وزارت توانائی مسابقتی مارکیٹ کو شفاف اور موثر انداز میں عملی شکل دینے کیلئے پرعزم ہے، مسابقتی مارکیٹ اہل صارفین کو بجلی کا انتخاب کیلئے زیادہ مواقع فراہم کرے گی۔

بقیہ نمبر 21

ہزاروں گھرانوں کے ماہانہ اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق عالمی سطح پر ایل این جی کی قیمتوں میں اضافے کے بعد گزشتہ ماہ درآمدی گیس کی قیمت 7 ہزار 200 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو تک پہنچ گئی، جس کے تحت ایل این جی بنیاد پر فراہم کیے گئے گھریلو کنکشن زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں اضافے سے قبل ایسے صارفین کو تقریباً 3 ہزار 700 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو کے حساب سے گیس فراہم کی جا رہی تھی، تاہم قیمتوں میں نمایاں اضافے کے بعد ان کے گیس بلوں میں بھی کئی گنا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ ذرائع کے مطابق امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ کے نتیجے میں عالمی مارکیٹ میں ایل این جی کی قیمتوں میں غیر معمولی اتار چڑھاؤ پیدا ہوا۔ قیمتوں میں مسلسل عدم استحکام کے باوجود گزشتہ ماہ کی مقررہ قیمت کو بنیاد بنا کر صارفین کے بل تیار کیے گئے، جس سے گھریلو صارفین پر اضافی مالی بوجھ منتقل ہوگیا۔

بقیہ نمبر 22

ک خوارج کی مجموعی تعداد 25 ہوگئی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق افغانستان سے پاکستان کے خلاف سرحد پار دہشت گردی کی جا رہی ہے، افغان طالبان حکومت موثر سرحدی انتظام کو یقینی بنائے، طالبان حکومت دہشت گرد تنظیم کو اپنی سرزمین کے استعمال سے روکنے میں ناکام رہی۔

بقیہ نمبر 23

کسی ایک فرد یا جماعت کا نہیں بلکہ ہزارہ کے عوام کی دیرینہ خواہش ہے۔ دوسری جانب حویلیاں میں صوبہ ہزارہ کے قیام کے حوالے سے ہونے والے اجلاس میں صوبہ ہزارہ تحریک اور تحریک صوبہ ہزارہ نے مشترکہ جدوجہد پر اتفاق کیا۔ اجلاس میں صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے تمام سیاسی و سماجی قوتوں کو متحد کرنے اور مشترکہ پلیٹ فارم پر جمع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ ہزارہ کے عوام صوبہ ہزارہ کے قیام کے مطالبے پر متفق ہیں اور اس مقصد کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ علاوہ ازیں سردار گوہر زمان نے کہا کہ بابا حیدر زمان مرحوم کی صوبہ ہزارہ کے لیے جدوجہد قابل تحسین ہے۔ مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا کہ بابا حیدر زمان نے صوبہ ہزارہ تحریک کو مضبوط بنانے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ صوبہ ہزارہ کے مقصد کے حصول کے لیے تمام سیاسی و سماجی قوتوں کو متحد ہونا ہوگا اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک پلیٹ فارم پر لانے کی ضرورت ہے۔ مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے ماضی میں بھی بھرپور جدوجہد کی گئی ہے، اب اس جدوجہد کو مزید آگے بڑھانے کے لیے سیاسی قیادت پرعزم ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل بھی باہمی مشاورت سے طے کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 24

جنگ اور امریکی ناکہ بندی میں شامل تھا۔ تھائی بندرگاہ پر 5 روز کے دوران، بحری جہاز کی صفائی ستھرائی کا کام ہوا، امریکی بحری جہاز پر 5 ہزار امریکی فوجی موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 25

ل کا سامنا ہے میں اسے زیادہ تشویشناک نہیں کہوں گا کہ یہ بہا بسرہے۔ اس سے پہلے بھی ہم ایسی ہی صورت حال کا سامنا لیبر گل میں ہو چکا ہے اور ہم پولینڈ میں دیکھ چکے ہیں۔ امریکی سفیر نے کہا کہ نیٹو ارکان کو اس سلسلے میں مستعد اور تیار رہنا ہوگا۔ تاکہ کسی بھی چیلنج کے حوالے سے سخت پیغام دیا جاسکے۔ اگر ہم یہ نشان دہی کر سکیں کہ یہ حملہ کون کر رہا ہے تو ہمیں یقین ہے کہ ہم اسے باور کرا سکتے ہیں کہ یہ ناقابل برداشت ہے۔ ہم اسے قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا اس طرح کے حملوں میں توانائی سے متعلق اثاثے اور انتہائی اہم اور حساس انفرااسٹرکچر نشانہ بن سکتا ہے۔ تاہم امریکہ نیٹو ملکوں کے ساتھ کھڑا ہوگا۔

بقیہ نمبر 26

ریج لائن اور ڈرینج کا کام مکمل کر لیا گیا ہے، جبکہ دوسرے مرحلے میں نالے کی ریمرنگ کے بعد عدالت روڈ کی تعمیر بھی مکمل کی جائے گی میر علی حسن زہری کی قیادت میں حب میں جاری ترقیاتی سرگرمیاں اس بات کی عکاسی کرتی ہیں کہ ترقی محض اعلانات تک محدود نہیں بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ سیوریج، ڈرینج، سڑکوں، پانی اور دیگر بنیادی انفراسٹرکچر کی بہتری کو ترجیح دینا حب کے مستقبل کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق میر علی حسن زہری نے حب کے دیرینہ مسائل کو سمجھتے ہوئے ترقیاتی کاموں کو ماسٹر پلان کے تحت منظم انداز میں آگے بڑھانے، بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے اور شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے قابل ذکر کردار ادا کیا ہے۔ ان کی کاوشوں سے مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبے عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے حب کو ایک بہتر اور ترقی یافتہ شہر بنانے کی سمت اہم پیش رفت قرار دیے جا رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی کہ میر علی حسن زہری کی مسلسل توجہ اور عملی کاوشوں سے حب میں ترقی کا یہ سفر مزید تیز ہوگا اور ماسٹر پلان کے تحت شروع کیے گئے منصوبوں کی تکمیل سے شہریوں کو دیرینہ مسائل سے مستقل ریلیف ملے گا۔ حب کی ترقی، عوام کی خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے میر علی حسن زہری کی عملی جدوجہد ایک مثبت اور قابل تحسین اقدام ہے

بقیہ نمبر 27

سی فوڈ برآمدات 40 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تھیں جو گزشتہ سال بڑھ کر 48 کروڑ 90 لاکھ ڈالر ہیں۔ بہتر معیار اور ویلیو ایڈیشن سے سی فوڈ برآمدات مزید بڑھنے کی توقع بھی ظاہر کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 28

پر چلنے والی ٹرینوں میں 101 اپ سبک اظہار، 103 اپ سبک خرم، 105 اپ راول ایکسپریس، 107 اپ اسلام آباد ایکسپریس، 13 اپ عوام ایکسپریس، 1 اپ خیبر میل، 39 اپ جعفر ایکسپریس، 5 اپ گرین لائن اور 7 اپ تیزگام شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 29

100 ارب روپے کی کرپشن پکڑی گئی مگر حکومت نے ایف بی آر افسران کو تمغہ امتیاز کیلئے نامزد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر 1120 ارب روپے کرپشن پر تمغہ امتیاز ملتا ہے تو ایوان کو احتجاج کرنا چاہیے۔ سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ اگر کمپنیوں کو نوٹس جاری کیے جاتے ہیں تو ایف بی آر کو اس پر کیا تکلیف ہے؟ اس فراڈ میں ان انڈسٹریز کے ساتھ ایف بی آر شامل ہے، اتنی بڑی کرپشن بے نقاب ہوئی اور حکومت نے اسی ایف بی آر کے 4 افسران کو تمغہ امتیاز کیلئے نامزد کر دیا۔ سینیٹر نسیمہ احسان نے کہا کہ بہت محنت لگتی ہیں اتنی بڑی کرپشن کرنے میں، اس لیے تمغہ امتیاز ملنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 30

مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ریاست کے تمام ستون یہ سمجھ چکے ہیں کہ ملک کو موجودہ نظام کے ساتھ مزید نہیں چلایا جاسکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں صوبائی حکومتوں کی ناانصافیوں کے باعث نوجوانوں نے ہتھیار اٹھائے، جس کے بعد صوبائی حکومت نے ان کے خلاف غداری کے نام پر آپریشن کیے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام 40 سال بھی ووٹ دے دیں تو گٹر کا ڈھکنا لگانے والے وزیر اعلیٰ کو تبدیل نہیں کر سکتے۔ وزیر اعلیٰ نے پانی، ڈومیسائل، کوٹہ سسٹم اور سیوریج سمیت اختیارات اپنے ہاتھ میں رکھے ہوئے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کا قیام اب صرف ایم کیو ایم کی خواہش نہیں بلکہ پاکستان کی بقا کا مسئلہ بن چکا ہے۔ پیپلز پارٹی رہنماؤں کی بوکھلاہٹ اس بات کی علامت ہے کہ ان کے اقتدار کا سورج غروب ہو رہا ہے۔ انہوں نے کراچی کے عوام سے اپیل کی کہ اپنی آنے والی نسلوں کے تحفظ کے لیے بڑے احتجاجی مظاہرے کی تیاری کریں۔ انہوں نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کے حصول کے لیے اگر دن پورے کراچی کو سڑکوں پر نکلنا ہوگا اور شہر کے عوام دنیا کو بتائیں گے کہ وہ اصل میں کیا چاہتے ہیں۔ ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ رواں مالی سال کے بجٹ میں وفاق کی جانب سے صوبوں کو 8 ہزار 884 ارب روپے دیے گئے، جبکہ موجودہ بجٹ میں سندھ کو 2 ہزار 263 ارب روپے ملے ہیں۔ ان کے مطابق گزشتہ 18 برس کے دوران سندھ کو 22 ہزار ارب روپے مل چکے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے اپنی سابقہ نظامت کے دور کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ان کے دور میں ہونے والی ترقی کو کراچی کے عوام آج بھی یاد کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حقوق مانگنے پر شہر میں آگ اس لیے لگی کیونکہ کسی اور کاروبار میں 22 ہزار ارب روپے نہیں مل سکتے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ سندھ کے حکمران کراچی کے حصے کا پانی فروخت کر کے لندن، امریکا اور دبئی میں جائیدادیں بنا رہے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے مزید کہا کہ پاکستان بیرونی سرحدوں پر اپنے سے سات گنا بڑے دشمن کو شکست دے چکا ہے اور اب دنیا کی بڑی طاقتوں کے درمیان اہمیت کے ساتھ بات کرنے والا ملک بن چکا ہے۔ پاکستان دنیا میں تیسری عالمی جنگ رکوانے والا ملک بن گیا ہے۔

بقیہ نمبر 31

چیزل آباد کے مکینوں کے لیے یہ منصوبہ بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے انتہائی اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ لف ٹائل پیور بلاک کی تنصیب سے گلیوں کی حالت بہتر، آمدورفت میں آسانی، گردوغبار اور کیچڑ میں کمی اور علاقے کے مجموعی ماحول میں بہتری آئے گی، جبکہ مکمل سیوریج نظام مستقبل میں بارش اور گندے پانی کے مسائل کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوگا علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں میں پہلے سیوریج لائن اور اس کے بعد گلیوں کی پختگی کا کام شروع کرنا ایک مثبت اور موثر حکمت عملی ہے۔ ان کے مطابق میر علی حسن زہری نے حب کے بنیادی شہری مسائل کو ترجیح دے کر عملی اقدامات کا سلسلہ شروع کیا ہے، جس کے ثمرات اب مختلف علاقوں میں واضح طور پر نظر آرہے ہیں عوامی حلقوں نے میر علی حسن زہری کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ صرف اعلانات کے بجائے زمین پر عملی ترقیاتی کاموں کا آغاز ہی حقیقی عوامی خدمت کی علامت ہے۔ چیزل آباد سمیت حب کے مختلف علاقوں میں جاری منصوبے اس بات کا مظہر ہیں کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہر کی تعمیر و ترقی کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جا رہے ہیں

بقیہ نمبر 32

پنجاب کو رپورٹ کرنے کا حکم دیا ہے ان اہلکاروں پر کرپشن، غفلت لاپرواہی اور اختیارات سے تجاوز کی بنا پر رپورٹ کرنے کا حکم دیا ہے جن میں ساہیوال ڈویژن میں ضلع ساہیوال سے شاہ نواز اسدی سول ڈیفنس آفیسر ساہیوال، غلام ربانی انسپکٹر مبشر علی انسٹرکٹر، اور ضلع اوکاڑہ سے محمد الطاف چیف انسٹرکٹر اوکاڑہ شامل ہیں۔ دریں اثنا اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال ماہم واحد نے کرپشن کے الزامات پر حلقہ 94 نو ایل اور 93 نو ایل کے پٹواری عزیر احمد کو معطل کر دیا ہے ان پر 12 لاکھ 40 ہزار 860 روپے سرکاری فیس خرد برد کے الزامات درست پائے گئے جس کی انکوائری ریونیو آفیسر محمد اویس اسلم نے کی۔ اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال نے اویس اسلم ریونیو آفیسر کی ہڑپہ کے پٹواری محمد رفیق پر سرکاری فیس 4 لاکھ 13 ہزار 147 روپے خرد برد کے الزامات درست ثابت ہونے پر محمد رفیق پٹواری کو معطل کر دیا ہے۔ اور سرکاری فیس خرد برد کرنے والے دونوں پٹواریوں کے خلاف مزید ایکشن کے لیے کیس ڈسٹرکٹ کلکٹر ساہیوال کو بھیج دیے ہیں

بقیہ نمبر 33

باہمی تعاون کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال اور عالمی سطح پر پیدا ہونے والی کشیدگی کے تناظر میں پاکستان اور چین کے درمیان قریبی تعاون کی اہمیت پر بھی گفتگو ہوئی۔ گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ پاک چین دوستی ہر مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کی لازوال مثال ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ اور مضبوط تعلقات باہمی اعتماد اور تعاون پر قائم ہیں، جبکہ موجودہ علاقائی صورتحال میں پاک چین قریبی تعاون پہلے سے زیادہ اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ اور کشیدگی کسی بھی مسئلے کا حل نہیں، پائیدار امن کے قیام کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی موثر راستہ ہیں۔ پاکستان خطے میں امن، استحکام اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گا۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ پاکستان چین کی جدید ٹیکنالوجی، فنی مہارت اور تجربات سے بھرپور استفادہ کرنے کا خواہشمند ہے۔ انہوں نے باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی، تجارت اور ترقی کے شعبوں میں تعاون دونوں ممالک کے لیے مزید مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ گورنر سندھ نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مکہ معاہدے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ امن اور استحکام کے لیے مشترکہ عزم کا واضح مظہر ہے۔ اس موقع پر چینی قونصل جنرل فینگ ڈیہنگ نے کہا کہ خطے میں امن کے قیام کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان کے ساتھ اپنی آزمودہ اور ہر موسم کی سدا بہار دوستی کو مزید مستحکم کرنا چاہتا ہے۔ چینی قونصل جنرل نے کہا کہ چین پاکستان کے ساتھ ٹیکنالوجی، تجارت اور ترقی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے۔ ملاقات میں پاک چین دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کی اہمیت پر بھی اتفاق کیا گیا

بقیہ نمبر 34

بینک کے مالی تعاون سے مکمل کیا جائے گا۔ منصوبے کی تکمیل سے صوبے کو سالانہ 15 ارب روپے کی آمدن ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر توانائی و برقیات نذیر احمد عباسی نے پیڈو ہاؤس پشاور میں بالاکوٹ پاور پراجیکٹ کے کیپٹی سپورٹ و ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت Institutional Strengthening & Capacity Development of PEDO کے عنوان سے پیڈو کے اسٹاف کے لئے تربیتی پروگرام کے اختتام پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں چیف ایگزیکٹو پیڈو انجینئر انوار الحق، پیڈو کے سینئر ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ فنانس ضیاء الرحمان کے علاوہ سینئر افسران وسٹاف نے شرکت کی۔ تقریب میں پیڈو کے زیر نگرانی بالاکوٹ پن بجلی منصوبے کی پیشرفت کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبہ چینی تعمیراتی کمپنی China Gazoba اور ترک کنسلٹنٹ کمپنی Dolsar کی ٹیم کی جانب سے آئندہ 6 سالوں میں مکمل کر لیا جائے گا جس سے صوبے میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر توانائی نذیر احمد عباسی نے منصوبے کے کیپٹی سپورٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کو سراہتے ہوئے کہا کہ پیڈو سٹاف خصوصی طور پر پراجیکٹ پر کام کرنے والی فیلڈ ٹیم کی تربیت انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے چیف ایگزیکٹو پیڈو اور ان کی جملہ ٹیم کی تعریف کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر معیار کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مکمل کر لیا جائے گا۔ تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیر توانائی و برقیات نے تربیت مکمل کرنے والے پیڈو سٹاف میں سرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کیے۔ انہوں نے زور دیا کہ اس قسم کی تربیتی سرگرمیاں دیگر منصوبوں میں بھی جاری رکھی جائیں تاکہ پیڈو سٹاف کی استعداد کار میں اضافہ ہوسکے۔

بقیہ نمبر 35

کی۔ سماعت کے دوران محکمہ پولیس کی جانب سے شفیق الرحمن، اے آئی جی (لیگل) (سی پی او) کوئٹہ تحقیقاتی کمیشن کے روبرو پیش ہوئے اور انسپکٹر جنرل آف پولیس، بلوچستان کی جانب سے مورخہ 1 ستمبر 2026 کو جاری کردہ آرڈر/حکم نامہ کمیشن کے سامنے پیش کیا۔ مذکورہ حکم نامہ تحقیقاتی کمیشن کی جانب سے مورخہ 27 اگست 2026 کو جاری کردہ حکم کی تعمیل میں جاری کیا گیا تھا۔ حکم نامے کے تحت محکمہ پولیس کی جانب سے ایک چار رکنی رابطہ ٹیم نامزد کی گئی ہے، جس میں (1) پرویز خان عمرانی، ڈی آئی جی پی سی بی رینج، (2) شفیق الرحمن، اے آئی جی لیگل، سی پی او کوئٹہ، (3) سید فاضل بخاری، ایس ایس پی انویسٹی گیشن، سی ٹی ڈی بلوچستان، اور (4) عبدالمالک درانی، ڈی ایس پی/ایس پی زیارت شامل ہیں۔ یہ رابطہ ٹیم محکمہ پولیس کی جانب سے تحقیقاتی کمیشن کی کارروائی کی مکمل پیروی کرے گی۔ سماعت کے دوران ڈی ایس پی/ایس پی زیارت نے تحقیقاتی کمیشن کو آگاہ کیا کہ دہشت گرد عناصر کے خلاف کومبنگ آپریشن کیا جا رہا ہے، جبکہ محکمہ پولیس دہشت گردوں کی سرکوبی کے لیے مکمل توانائی اور حکمت عملی کے ساتھ سرگرم عمل ہے۔ دوران سماعت متعدد اندراج شدہ گواہان بھی تحقیقاتی کمیشن کے روبرو پیش ہوئے اور اپنے بیانات جمع کروائے۔ تحقیقاتی کمیشن کی مزید کارروائی دو روز بعد، 9 ستمبر 2026 بروز بدھ، دوپہر 1 بجے تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ نمبر 36

حسن اور ڈپٹی ڈائریکٹر فاریسٹ شریک ہوئے فاریسٹ حکام نے اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ میں بتایا کہ شجر کاری مہم کے تحت پہلے مرحلے میں ضلعی پولیس کے تعاون سے پندرہ ہزار پودے لگائے جائیں گے جو دوسرے مرحلے میں ایم لیڈا چیمبر آف کامرس کے تعاون سے انڈسٹریل اور شہری ایریاز میں ایک لاکھ پودوں کی پلانٹیشن کی جائیگی جبکہ شپ بریکنگ سمیت مختلف علاقوں میں شجرکاری مہم شروع کی جائیگی ڈپٹی ڈائریکٹر فاریسٹ حب محمود نے بریفنگ میں بتایا کہ حب ڈیم کے ایریا میں کامیابی سے ایک لاکھ پودوں کی پلانٹیشن کی گئی جو تناور درخت بنکر قدرتی ماحول کو برقرار رکھے کیساتھ جنگلی حیات کیلئے محفوظ مسکن بن چکی ہیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی دور کرنے میں درختوں کی کلیدی کردار ادا کرتا ہے محکمہ جنگلات کے پراجیکٹس کی مانیٹرنگ سختی سے کی جائیگی اور جنگلات کی اراضیات کا تحفظ یقینی بنایا جائیگا۔

بقیہ نمبر 37

وفاقی وزیر کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا جبکہ انہوں نے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ قیصر احمد شیخ نے کچھ عرصہ قبل چنیوٹ شہر کے بازار میں پان شاپ پر اچانک آگ لگنے کے واقعے سے متاثرہ دکان کا بھی دورہ کیا، دکاندار سے ملاقات کر کے اس کی خیریت دریافت کی اور مالی معاونت فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ مشکل کی گھڑی میں متاثرہ افراد کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور ان کی ہر ممکن مدد کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے ضلع چنیوٹ کے مختلف دیہی علاقوں کا بھی دورہ کیا اور اپنے پی اے وسیم اہیر کے والدین مرحومین کے ختم شریف میں شرکت کی اور ان کے بلند درجات کے لیے دعا کی۔ انہوں نے بھوانہ میں بھی فاتحہ خوانی کی۔ دوران سفر وفاقی وزیر ایک کرکٹ گراؤنڈ میں پہنچ گئے جہاں انہوں نے نوجوان کرکٹرز سے ملاقات کی، ان سے کھیلوں اور گراؤنڈ کی صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور گراؤنڈ سے متعلق مسائل کے حل کے لیے جلد اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ نمبر 38

برائلر کی قیمت 5 روپے اضافے سے 333 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 241 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔ اوپن مارکیٹ میں تعطیل کے روز طلب زیادہ ہونے کی وجہ سے مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 20 سے 30 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

بقیہ نمبر 39

45 لاکھ مالیت کا سونا چوری کر کے دوست کے ساتھ مل کر فروخت کر دیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزمان اسامہ اور سلمان سے 30 لاکھ سے زائد نقدی برآمد کر کے متاثرہ خاتون کے حوالے کر دی گئی۔ ایس پی منزہ کرامت کا کہنا تھا کہ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزمان تک رسائی ممکن بنائی، شہریوں کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں گے۔

بقیہ نمبر 40

) کے رہنماؤں اور کارکنوں کی جانب سے مختلف مقامات پر کیک کاٹنے کی تقریبات کا اہتمام کیا گیا جس میں ان کی درازی عمر کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 41

ل ادارے کے مطابق اس حوالے سے وائرل ہونے والی ویڈیوز میں یکساں سیاہ لباس پہنے اور نقابوں سے اپنے چہروں کو چھپائے افراد کو آج صبح بین الاقوامی بندرگاہ کے قریب اہم چوکوں پر جمع ہوتے ہوئے دکھایا گیا، جس کے نتیجے میں ٹریفک کی روانی میں خلل پڑا۔ کینٹ پولیس نے اعلان کیا کہ وہ جاری احتجاج سے آگاہ ہے اور مظاہرین سے مذاکرات کر رہی ہے، جب کہ ان کے محرکات یا مطالبات ابھی تک نامعلوم

بقیہ نمبر 42

صرف شناختی کارڈ پر بھی لگائے جا چکے ہیں، جبکہ صارفین کو میٹرز آسان ماہانہ اقساط پر فراہم کیے جا رہے ہیں کنڈا اتارو میٹر لگاؤ مہم کے دوران مختلف فیڈرز سے مجموعی طور پر 2,000 کلوگرام کنڈا اور غیر قانونی تاریں ہٹائی گئی ہیں الہ آباد ٹاؤن فیڈر سے 350 کلوگرام، پارٹیکل بورڈ فیڈر سے 700 کلوگرام، انڈسٹریل گرم فیڈر سے 250 کلوگرام، ساکران فیڈر سے 200 کلوگرام، چیزل آباد فیڈر سے 500 کلوگرام ہٹایا گیا، ساکران، انڈسٹریل گرم اور دیگر فیڈرز کے صارفین بھی جلد از جلد اس اہم کام کا حصہ بنیں، کنڈا اتاریں، قانونی میٹر لگوائیں اور آسان اقساط سے بجلی حاصل کریں ہم صارفین کو غیر قانونی کنکشن سے نجات دلا کر قانونی، محفوظ اور بہتر بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے آئیں مل کر حب کو روشن، محفوظ اور خوشحال بنائیں

بقیہ نمبر 43

ی نے نشاندہی کی کہ اسرائیلی فورسز لبنان کے ساتھ سرحد سے دو یا چار کلومیٹر کی گہرائی میں تعینات ہوں گی۔ اتھارٹی نے یہ بھی واضح کیا کہ لبنان سے متعلق اسرائیلی منصوبے کو ابھی تک سیاسی سطح کی منظوری حاصل نہیں ہوئی۔ یہ پیش رفت اس وقت سامنے آئی ہے جب جمعہ کے روز جنوبی لبنان کو نشانہ بنانے والی اسرائیلی فضائی کارروائیوں میں چار افراد ہلاک اور 32 دیگر زخمی ہو گئے۔ یہ بات لبنانی وزارت صحت کی جانب سے ہفتے کے روز شائع کردہ ایک نئی فہرست کے مطابق ہے۔

بقیہ نمبر 44

حکومت نے ڈھائی برس میں فی لیٹر پیٹرول پر 178 روپے اور ڈیزل پر 233 روپے اضافہ کر کے عوام کی کمر پر مہنگائی کا کوڑا مارا ہے اور لیوی کی مد میں 3137 ارب روپے کا بھتہ وصول کیا گیا اور عوام ملک کی تاریخ کا مہنگا ترین پیٹرول و ڈیزل خرید رہے ہیں، یہ کتنا بڑا ظلم ہے کہ جس ملک کے اندر کروڑوں لوگ خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہے ہوں اور جہاں حکمرانوں کی شاہ خرچیاں ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی ہوں وہاں ہر فرد ایک لیٹر پیٹرول پر 130 روپے پیٹرولیم لیوی اور دیگر ٹیکس حکومت کو ادا کر رہا ہے

بقیہ نمبر 45

لبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاراچنار کی رہائشی خاتون مسماۃ بی بی زاہدہ گزشتہ چند روز سے پشاور کے چارسدہ روڈ پر واقع عرفان جنرل ہسپتال میں زیر علاج تھیں۔ لواحقین کا الزام ہے کہ ڈاکٹروں کی مبینہ غفلت اور بروقت طبی سہولیات کی عدم فراہمی کے باعث ان کی حالت بگڑتی گئی اور مبینہ طور پر آکسیجن بروقت نہ ملنے سے وہ جانبر نہ ہوسکیں۔ واقعے پر احتجاج کے بعد کمشنر پشاور نے متوفیہ کے چچا کی درخواست پر محکمہ صحت سے حقائق پر مبنی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ دریں اثناء کوہاٹ شہر کے ایک نجی ہسپتال میں مضافاتی علاقہ کمر ڈھنڈ کی رہائشی اور اسسٹنٹ کمشنر کوہاٹ کے ڈرائیور نقیب اللہ کی زوجہ دوران زچگی خاتون جاں بحق ہوگئیں۔ ورثاء کے مطابق آپریشن کے ذریعے بچی کی پیدائش کے بعد مریضہ کو دوسرے کمرے میں منتقل کیا گیا جہاں اچانک طبیعت بگڑ گئی۔ ان کا الزام ہے کہ ہسپتال میں آکسیجن سمیت ضروری طبی سہولیات بروقت دستیاب نہ ہونے کے باعث مریضہ جانبر نہ ہوسکیں۔ ورثاء نے متعلقہ لیڈی ڈاکٹر اور ہسپتال انتظامیہ پر مبینہ غفلت کا الزام عائد کرتے ہوئے تحقیقات اور انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوہاٹ کے حکم پر متعلقہ لیڈی ڈاکٹر کا کلینک سیل کر دیا گیا، جبکہ واقعے کی رپورٹ مزید کارروائی کے لیے ہیلتھ کیئر کمیشن کو ارسال کر دی گئی ہے۔ واقعہ بارے مقامی نجی ہسپتال نے کوئی بیان جاری نہیں کیا ہے۔

بقیہ نمبر 46

ان ایل این جی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے تیسری مرتبہ ایل این جی کارگو کی خریداری کا ٹینڈر جاری کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ایل این جی لمیٹڈ کی جانب سے جاری کردہ نئے ٹینڈر کے تحت 12 سے 16 ستمبر کے دوران ایل این جی کارگو کی فراہمی کیلئے عالمی کمپنیوں سے بولیاں طلب کی گئی ہیں۔ ٹینڈر میں دلچسپی رکھنے والی کمپنیوں کو اپنی بولیاں جمع کرانے کیلئے 8 ستمبر تک کی مہلت دی گئی ہے، جبکہ موصول ہونے والی بولیاں بھی اسی روز کھولی جائیں گی۔ ذرائع نے کہا کہ حکومت اس سے قبل ستمبر میں ایل این جی کارگو کی خریداری کیلئے **دو مرتبہ ٹینڈر جاری کر چکی ہے**، تاہم دونوں مواقع پر موصول ہونے والی بولیاں مقررہ توقعات کے مقابلے میں مہنگی ہونے کے باعث ٹینڈرز منسوخ کر دیے گئے تھے۔ ایل این جی کی درآمد توانائی کی ضروریات پوری کرنے اور ملک میں گیس کی طلب و رسد کا توازن برقرار رکھنے کیلئے اہم سمجھی جاتی ہے۔ نئے ٹینڈر کے ذریعے حکومت کی جانب سے مسابقتی نرخوں پر ایل این جی کارگو حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے تاکہ مہنگی درآمدی گیس کے اثرات کو کم کیا جاسکے۔ ذرائع کے مطابق عالمی ایل این جی مارکیٹ میں قیمتوں اور دستیاب کارگوز کی صورتحال کے پیش نظر نئی بولیوں کی قیمتیں اہمیت کی حامل ہوں گی، جبکہ 8 ستمبر کو بولیاں کھلنے کے بعد ایل این جی کارگو کی حتمی قیمت اور خریداری سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 47

کنوں کا کہنا تھا کہ بدین کے طلبہ کے ساتھ مبینہ زیادتی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ طلبہ طویل عرصے سے مختلف مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، جن میں مبینہ فراڈ، جعلی چیکس اور پاس آؤٹ طلبہ کو ڈگریاں جاری نہ کیے جانے جیسے معاملات شامل ہیں، تاہم کالج انتظامیہ کی جانب سے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات نظر نہیں آرہے۔ قومی کارکنوں نے ٹیکنیکل کالج کے پرنسپل سیف الدین عباسی سے طلبہ کے مسائل پر تفصیلی بات چیت کی۔ رہنماؤں کے مطابق، ملاقات کے باوجود انہیں مسائل کے حل کے حوالے سے کوئی واضح جواب یا عملی اقدام سامنے نہیں آیا۔ قومی کارکنوں نے پرنسپل کو 15 روز کی مہلت دیتے ہوئے خبردار کیا کہ مقررہ مدت کے اندر طلبہ کے تمام مسائل حل نہ کیے گئے تو بدین شہر میں پہیہ جام ہڑتال اور تاریخی احتجاج کی کال دی جائے گی۔ قومی کارکنوں کا کہنا تھا کہ طلبہ کے حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی اور مبینہ ناانصافیوں کے خلاف جدوجہد اس وقت تک جاری رہے گی جب تک طلبہ کے جائز مسائل حل نہیں کیے جاتے۔

بقیہ نمبر 48

ہوگئے جن کی شناخت محمد رحیم ملاح اور راشد عمرانی کے طور پر ہوئی ہے۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 2 چھینی گئی موٹر سائیکلیں اور غیر قانونی اسلحہ و ایمونیشن برآمد کر لیا گیا ہے۔ ملزمان کے خلاف تھانہ ٹنڈو ولی محمد میں مقدمات درج کر لیے گئے ہیں جبکہ مفرور ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 49

کے درمیان مذاکرات کیے اور معاملے کو خوش اسلوبی سے حل کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ وفد میں میر علی اکبر زہری، چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل محمد حسنی، حاجی ملوک بنگلزئی، SHO دریجی سکندر عمرانی اور لوازائی شامل تھے۔ اس موقع پر چیئرمین ضلع کونسل حب جاوید جمالی اور ضلع ممبر احمد خان جمالی منیر خان جمالی، وڈیرہ فیر محمد خدرانی بھی موجود تھے۔ مذاکرات کے دوران فریقین نے باہمی اتفاق رائے سے تنازعہ ختم کرنے اور آئندہ بھائی چارے، اتحاد و امن کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ عمائدین نے کہا کہ جمالی برادری کا اتحاد، امن اور باہمی احترام سب سے مقدم ہے اور کسی بھی مسئلے کو گفت و شنید اور باہمی مشاورت کے ذریعے حل کرنا ہی بہترین راستہ ہے۔ 40 سال سے جاری تنازعہ کے حل پر علاقے کے عوام اور جمالی برادری کے افراد نے عمائدین کی

بقیہ نمبر 50

کلاء، پراسیکیوٹرز، پولیس افسران اور گواہان کے تحفظ کے لیے اس طرز کی موثر قانون سازی وقت کی اہم ضرورت تھی۔ پنجاب بار کونسل کے جنرل ہاؤس میں اس طرز کے قانون کے لئے انسداد دہشتگردی کے قانون میں ترمیم کے حق میں پہلے ہی قرارداد منظور ہو چکی ہے۔ نئے قانون کے تحت حساس مقدمات میں متعلقہ ججز، وکلاء، پراسیکیوٹرز، پولیس افسران اور گواہان کو خصوصی سیکورٹی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی شناخت خفیہ رکھنے کا انتظام بھی کیا جائے گا۔ ترمیمی قانون کے تحت خصوصی سیکورٹی والے مقدمات میں محفوظ مقامات پر عدالتی کارروائی، ویڈیو کانفرنسنگ اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی اجازت ہوگی جبکہ ضرورت پڑنے پر جیل سے ورچوئل سماعت بھی کی جاسکے گی۔ پنجاب بار کونسل کے عہدیداران نے حکومت پنجاب کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے دہشتگردی کے مقدمات میں انصاف کی فراہمی کے عمل کو مزید محفوظ اور موثر بنانے میں مدد ملے گی۔ علاوہ ازیں پنجاب بار کونسل نے فیصل آباد میں پنجاب بار کونسل کے ممبران کے بچوں کو معیاری تعلیم کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لیے کالج آف IVY مینجمنٹ سائنسز فیصل آباد کے ساتھ مفاہمتی یادداشت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاہدے کے تحت وکلاء کے بچوں کو 20 فیصد رعایت/اسکالرشپ دی جائے گی جس سے وکلاء کے بچوں کو معیاری تعلیمی سہولیات تک رسائی میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 51

میں منعقد ہوئی، جس کیمہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی بلوچستان ورکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ ملک میں یکساں تعلیمی نظام رائج کیے بغیر تعلیم کے فروغ اور معیار میں خاطر خواہ بہتری ممکن نہیں۔ تعلیم ہی وہ بنیادی ذریعہ ہے جس کے ذریعے نوجوان نسل کو باصلاحیت، باکردار اور ملک و قوم کی ترقی میں موثر کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی تعلیم کی بہتری، نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کرنے اور بلا امتیاز خدمت خلق کو یقینی بنانے کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کر رہی ہے۔ بنو قابل جیسے پروگرام نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور ہنر سے روشناس کرا کر انہیں روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے بنو قابل پروگرام مکمل کرنے والے طلبہ و طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان اپنی تعلیم اور فنی تربیت پر خصوصی توجہ مرکوز کریں کیونکہ جدید دور میں علم کیساتھ ہنر کا حصول بھی وقت کی اہم ضرورت ہے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو مثبت سمت میں بروئے کار لا کر نہ صرف اپنے مستقبل کو روشن کر سکتے ہیں بلکہ ملک کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ تقریب کے موقع پر مہمان خصوصی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے بنو قابل پروگرام کامیابی سے مکمل کرنے والے طلبہ و طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب میں نائب امیر جماعت اسلامی بشیر احمد ماندائی، ڈائریکٹر بنو قابل پروگرام بلوچستان طیب فرید احمد، پرنسپل الہدیٰ پبلک سکول پروفیسر محمد ابراہیم ابڑو، صوبائی فنانس سیکرٹری تنظیم اساتذہ بلوچستان علی احمد ماندائی، صدر الخدمت فاؤنڈیشن نصیر آباد غلام حسین تنیو، وائس پرنسپل الہدیٰ پبلک سکول خاوند بخش مینگل، ناظم شعبہ تعلیم تنظیم اساتذہ ضلع نصیر آباد عبدالوہاب جمالی سمیت اقلیتی رہنما ن تاراچند داسول، اساتذہ، طلبہ و طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور خواتین و حضرات نے شرکت کی۔ شرکاء نے بنو قابل پروگرام کو نوجوانوں کیلئے ایک مثبت، تعمیری اور ہنرمند بنانے والا اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے پروگراموں کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جانا چاہیئے تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوان جدید تعلیم اور فنی مہارت سے استفادہ کر سکیں

بقیہ نمبر 52

پاکستان کی مسلح افواج نے بھارتی فوج کو پیچھے دھکیل دیا اور بھارت کو واضح شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی کا کہنا تھا کہ 65 کی جنگ 17 روز تک جاری رہی اور مذاکرات و تاشقند معاہدے کے نتیجے میں اختتام پذیر ہوئی۔ محمد احمد خان نے کہا کہ 1971 کی جنگ کے واقعات بھی قومی تاریخ کا حصہ ہیں، پاکستان گزشتہ تین دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف مسلسل جنگ لڑ رہا ہے اور اس جنگ میں ایک لاکھ 25 ہزار سے زائد افراد نے جانوں کی قربانیاں دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ طلبہ، معصوم بچوں سمیت معاشرے کے ہر طبقے نے دہشت گردی کا سامنا کیا، جبکہ مساجد میں عبادت کرنے والے نمازی اور مزارات و درباروں پر جانے والے زائرین بھی دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں، یوم دفاع ہمیں ان تمام شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ محمد احمد خان کا مزید کہنا تھا کہ ففتھ جنریشن وار فیئر کے دوران بھی پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا اور انتشار انگیزی کے شواہد موجود ہیں، اس لیے قومی یکجہتی اور دفاع وطن کے جذبے کو مزید مضبوط کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 53

بے کارلایا جائے گا انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ کارکنان اپنی صفوں میں اتحاد و اتفاق برقرار رکھتے ہوئے پارٹی کو فعال بنانے میں اپنا کردار ادا کریں ضلعی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شارو نجونے کہا کہ لسبیلا پی پی پی کا مضبوط قلعہ ہے اور یہاں کے جیالے کارکن پارٹی کا سرمایہ ہیں ضلعی سیکرٹری اطلاعات ونشریات انفارمیشن سیکرٹری یوسف راہی اپنے خطاب میں کہا کہ ہم کسی کے ساتھ اختلاف رکھ کر اپنی توانائی اور صلاحیتوں کو ضائع نہیں کریں گے بلکہ پارٹی کو فعال بنانے کے لیے کام کریں گے سینئر نائب صدر مشتاق گلاب اسلم خاموش اقبال قمر اسلم کھیانی سید حیدر شاہ لطیف بلوچ نواب خان بزنجو نے بھی خطاب کیا بیلا اوتھل سکن واپار وسینیاں کوٹھ فتو گوٹھ راوانی گوٹھ پرانی رجل گوٹھ جام یوسف آباد سمیت بیلا کے مختلف علاقوں سے سابق عہدیداران و کارکنوں کی بڑی تعداد نے تعارفی اجلاس میں شرکت کی بعد ازاں ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کو جلوس کی شکل میں شہید بینظیر بھٹو چوک لایا گیا جہاں جیالوں نے فلک شگاف نعرے بازی کی

بقیہ نمبر 54

پکوڑے اور دیگر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا اور ان کے نئے نرخ مقرر کیے گئے اجلاس میں تحصیلدار بیلہ غلام سرور رونجھو، کلرک میونسپل کمیٹی بیلہ قاضی عصمت اللہ، جبکہ انجمن تاجران کی جانب سے حنیف شہزاد اور عبدالواحد بلوچ نے شرکت کی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بیلہ نصیب اللہ بڑیچ نے کہا کہ مقرر کردہ نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا اور عوام کو اشیائے ضروریہ مقررہ قیمتوں پر فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 55

گیا نشے کی عادی خواتین کے علاج کے لیے الگ سے خصوصی بحالی مراکز قائم کرنے منشیات کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن اور گرفتاریاں عمل میں لانے کا فیصلہ کیا گیا محکمہ سماجی۔ بہبود کے افسر نے کمشنر کو بریفنگ میں بتایا کہ اوتھل میں ادارہ بحالی منشیات مرکز کا تعمیراتی کام آخری مراحل میں ہے ضلع حب میں منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجے کیلئے مرکز قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے ڈپٹی کمشنر حب جمعداد مندوخیل اور ایس پی حب مرزا بلال حسن نے انسداد منشیات کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ کیجانب سے اٹھائے گئے اقدامات سے کمشنر کو بریفنگ دی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ قانون نافذ کرنیوالے اداروں بشمول پولیس ایکسائز اور اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF) کے تعاون سے تعلیمی اداروں اور گلی محلوں میں خصوصی آگہی مہم شروع کی جائیگی آگاہی مہم کے تحت نوجوانوں کے تحفظ کیلئے تعلیمی اداروں میں سیمینارز اور واکس کے ذریعے نوجوان نسل کو منشیات کے نقصانات سے آگاہ کیا جائیگا تاکہ ان کی توانائیوں کو تعلیم اور کھیلوں کی طرف راغب کیا جائے۔ کمشنر نے ایس پی حب مرزا بلال حسن کو دوران بریفنگ ہدایات جاری کیں کہ (خصوصاً آئس کرسٹل میتھ اور چرس) سپلائی کرنے والوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائی کی جائے اور انتظامی حکام کو ان کارروائیوں سے آگاہ رکھا جائے اجلاس میں نشے کے عادی افراد کی اس پروگرام کے تحت علاج اور بحالی کے مراکز کی فعالی نشی افراد کی رجسٹریشن محکمہ سوشل ویلفیئر کی زیر نگرانی کروائی جائے اور ایک جامع پروگرام کے تحت معذور افراد کی ویلفیئر اور جنریشن اور ویری فکیشن کا عمل ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے کوآرڈینیشن سے کرنے کا فیصلہ کیا گیا

بقیہ نمبر 56

جہاں پر خطاب کرتے ہوئے میر امداد حسین مری نیکہا کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ایک عظیم اور ناقابل فراموش دن ہے اس دن پوری قوم نے اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر وطن عزیز کے دفاع اور سالمیت کے لیے بے مثال یکجہتی کا مظاہرہ کیا انہوں نے کہا کہ یوم دفاع منانے کا بنیادی مقصد پاک افواج کے ان عظیم شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے جنہوں نے وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کی قربانیاں دیں شہدا کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور پوری قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ میر امداد حسین مری نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی، خود مختاری اور دفاع کے لیے پوری قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے ہمیں اپنے شہدا کی قربانیوں سے یہ سبق ملتا ہے کہ وطن عزیز کی سلامتی اور استحکام کے لیے اتحاد، نظم و ضبط اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک عظیم قربانیوں کے نتیجے میں حاصل ہونے والا ملک ہے اور اس کی حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ ملکی تاریخ، شہدا کی قربانیوں اور قومی یکجہتی کی اہمیت سے آگاہ ہو کر پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کرے

بقیہ نمبر 57

کی جانب سے سڑکوں پر گاڑیاں کھڑی کرنے کا سختی سے نوٹس لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ اور چیف آفیسر سلیم احمد ڈوکی نے تمام تجاوزات قائم کرنے والوں کو واضح وارننگ دیتے ہوئے ہدایت کی کہ فوری طور پر ناجائز قبضے ختم کیے جائیں اور بس اڈے کی حدود میں عوامی راستوں کو ہر قسم کی رکاوٹ سے پاک رکھا جائے۔ انہوں نے ٹرانسپورٹ، ویگن اور کوچ مالکان و ڈرائیوروں کو بھی سختی سے ہدایت کی کہ بس اڈے کے اندر یا مرکزی سڑک پر گاڑیاں کھڑی کر کے ٹریفک کی روانی میں خلل نہ ڈالا جائے، کیونکہ بے ہنگم پارکنگ اور رش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انتظامیہ نے واضح کیا کہ ہدایات پر عمل نہ کرنے کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ افراد پر عائد ہوگی۔ واضح رہے کہ انتظامیہ کی جانب سے گزشتہ روز بھی بس اڈے میں اعلانات کے ذریعے تجاوزات ختم کرنے اور سڑکوں پر گاڑیاں کھڑی نہ کرنے کے حوالے سے اطلاع دی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 58

عرض محمد ولد داراب علی پنہور، علی رضا ولد داراب علی پنہور، شمس الدین ولد سعد اللہ یہ تمام مذکورہ افراد میرے بھائی اور میرے ماموں شمس الدین ولد سعد اللہ، محمد قاسم ولد سہراب عرف محراب، سعد اللہ پنہور اور سہراب علی ان مذکورہ ملزمان نے 19 جون 2026 کو مبینہ فائرنگ کر کے ایک شخص بلاول ولد میر محمد پنہور کو قتل کر دیا تھا۔ جبکہ دو افراد علی محمد ولد میر محمد پنہور اور محمد آدم ولد ایاز حسین کو شدید زخمی کر دیا تھا۔ جس کے بعد مذکورہ ملزمان کے خلاف مقتول بلاول کے بھائی علی فرحان علی ولد میر محمد پنہور کی مدعیت میں قمر کی فتح حیات مکین پولیس نے قتل کا مقدمہ گناہ نمبر 2026/24 کے تحت درج کیا تھا۔ محمد حنیف پنہور نے بتایا کہ اس واردات اور خون ناحق کرنے پر میرا اپنے بھائیوں اور رشتہ داروں کے ساتھ اختلاف ہے۔ جس پر میرے ماموں سہراب، شاہ کھیو اور محمد قاسم نے مجھے مبینہ طور پر قتل کرنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ اور مورخہ 31 اگست 2026 کو ان مذکورہ ملزمان نے میرے اوپر بھی اچانک حملہ کیا۔ جبکہ اب مسلسل میرے خلاف سخت جانی و مالی نقصان پہنچانے کی منصوبہ بندی کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقتول بلاول پنہور قتل کیس کے تمام ملزمان سیاسی اثر و رسوخ کے حامل ہیں۔ اور ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ قمر کی ضمانت پر جیل سے باہر ہیں۔ اور قتل کیس کے فریادی فرحان علی ولد میر محمد پنہور اور ان کے رشتہ داروں کو مسلسل دھمکیاں دے رہے ہیں۔ کہ آپ قتل کیس سے دستبردار ہو جائیں۔ بصورت دیگر مزید جانی و مالی نقصان بھگتنے کیلئے تیار رہیں۔ جبکہ ملزمان نے متعلقہ پولیس تھانے کے ایس ایچ او کو لاکھوں روپے کی رشوت دیکر اپنے خلاف کسی بھی موثر کارروائی سے بھی روک رکھا ہے۔ محمد حنیف پنہور نے پریس کانفرنس کے دوران وزیر اعلیٰ سندھ، آئی جی پولیس سندھ، ڈی آئی جی لاڑکانہ اور ایس ایس پی قمر شہداد کوٹ سے مطالبہ کیا ہے۔ کہ میں ایک شریف اور غریب محنت کش ہوں خدارا مجھے اور میرے اہلخانہ کو ملزمان کے خونریزی کی فساد اور دھمکیوں سے تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 59

کی بات شروع ہو جاتی ہے۔ انہوں نے پیپلز پارٹی پر دوہری پالیسی اختیار کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وقت آنے پر اس کی تشریح کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 60

عزم کا اعادہ کیا

بقیہ نمبر 61

کی فائرنگ سے پی ٹی آئی کارکن جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق نامعلوم افراد نے لوئر کرنی اتمان خیل شنہ میلہ میں پی ٹی آئی سے وابستہ سرگرم کارکن ملک زادہ جمشید عالم پر فائرنگ کی جس سے وہ موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ اہل خانہ کے مطابق مرحوم علاقے میں عوامی و سیاسی سرگرمیوں میں فعال تھے۔ واقعے کے بعد پولیس نے تحقیقات شروع کر دی، مرحوم کی نماز جنازہ لوئر کرنی کے گاؤں اتمان خیل شنہ میلہ میں ادا کی گئی۔

بقیہ نمبر 62

کارروائی کرتے ہوئے 9 منگلوں کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ نمبر 63

افراد ہلاک اور 2 زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شریف کے دفتر نے ایک بیان میں بتایا کہ امدادی کارکنوں نے سان جوکوئن دریا کے کنارے موجود بلند مقام پر ایک انجن والے چھوٹے طیارے کو آگ کی لپیٹ میں دیکھا۔ فائر فائٹرز نے طیارے میں لگی آگ پر قابو پالیا اور اسے قریبی گھروں کی املاک تک پھیلنے سے روک دیا۔

میر علی حسن زہری کی خصوصی دلچسپی سے ترقیاتی کاموں میں تیزی

علاقے میں ٹف ٹائل پیور بلاک کی تنصیب سے قبل سیوریج لائن کی تنصیب کا کام مکمل کیا گیا

چیزل آباد کے مکینوں کے لیے یہ منصوبہ بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے انتہائی اہم قرار دیا جارہا ہے

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی کاوشوں سے حب میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ اسی سلسلے میں چیزل آباد میں ٹف ٹائل پیور بلاک کی تنصیب کا تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے علاقے میں ٹف ٹائل پیور بلاک کی تنصیب سے قبل سیوریج لائن کی تنصیب کا کام مکمل کیا گیا، جس کے بعد سڑکوں اور گلیوں کی پختگی کا مرحلہ شروع کیا گیا ہے۔ ترقیاتی کاموں کی اس ترتیب سے نہ صرف نکاسی آب کا دیرینہ مسئلہ حل کرنے میں مدد ملے گی بلکہ سڑکوں اور گلیوں کی پائیداری بھی یقینی بنائی جا سکے گی (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7پر)

صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

پارٹیکل بورڈ اور چیزل آباد فیڈرز پر کنڈا اتارو، میٹر لگاؤ مہم بھرپور انداز میں جاری

چیزل آباد فیڈر فالٹ میٹرز تبدیل کر کے 41 نئے میٹرز لگائے گئے

بلوچستان پارٹیکل بورڈ فیڈر 50 نئے میٹرز لگائے گئے

حب (نمائندہ بولان) کے الیکٹرک کے ایریا انچارج رضا حسین میمن اور ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر پارٹیکل بورڈ اور چیزل آباد فیڈرز پر کنڈا اتارو، میٹر لگاؤ مہم بھرپور انداز میں جاری ہے اس مہم کے تحت ڈائریکٹ بجلی استعمال کرنے والے صارفین اور جن کے میٹر فالٹ ہو چکے تھے، ان کے میٹرز بھی فوری طور پر تبدیل کر کے نئے میٹرز لگائے جارہے ہیں۔ چیزل آباد فیڈر فالٹ میٹرز تبدیل کر کے 41 نئے میٹرز لگائے گئے بلوچستان پارٹیکل بورڈ فیڈر 50 نئے میٹرز لگائے گئے اس کے علاوہ 15 سے زائد نئے میٹرز (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

حمزہ شہباز نے زندگی کی 52 بہاریں دیکھ لیں

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے زندگی کی 52 بہاریں دیکھ لیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے صاحبزادے اور سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف 6 ستمبر 1974 کو لاہور میں پیدا ہوئے۔ حمزہ شہباز شریف کی سالگرہ کی مناسبت سے مسلم لیگ (ن (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

اسرائیل کی جنوبی لبنان میں اپنی فورسز کم کرنے کی تیاریاں

فورسز لبنان کی سرحد سے دو یا چار کلومیٹر کی گہرائی میں تعینات ہوں گی، اسرائیلی میڈیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج جنوبی لبنان میں اپنی فورسز کو کم کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق اتھارٹی نے رپورٹ کیا کہ سکیورٹی ادارے نے لبنان میں اسرائیل کی سرحد کے زیادہ قریب ایک نیا سکیورٹی زون قائم کرنے پر بات چیت کی ہے۔ اتھار (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

برطانیہ میں چند نقاب پوش افراد نے ڈوفر بندرگاہ کو بند کردیا

لندن (این این آئی) برطانیہ میں درجنوں نقاب پوش افراد نے ملک کے جنوب مشرق میں کینٹ کانٹی میں واقع ڈوفر بندرگاہ کی نقل و حرکت کو مفلوج کر دیا۔ غیر ملکی خبررسا (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت نے اداروں پر قبضہ کیا ہوا ہے

منعم ظفر خان

دھرنا گاہ میں 7 ستمبر یوم ختم نبوت کے حوالے سے کانفرنس منعقد ہوئی، مولانا عبدالوحید، محمد فاروق، مفتی علی زمان کاشمیری، عبدالقدوس حمدانی، ودیگر نے خطاب کیا

شاہ لطیف ٹاؤن سے 40 کلومیٹر پیدل سفر کر کے قافلہ پہنچا، بلدیہ ٹاؤن سے سائیکل ریلی نکالی گئی، منعم ظفر نے ریگل چوک سے گورنر ہاؤس تک سائیکل ریلی کی قیادت

کراچی (این این آئی) پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس کی ظالمانہ وصولی، آئی پی پیز کے عوام دشمن معاہدوں کے خلاف گورنر ہاؤس پر دھرنا پیر کو 23ویں دن بھی جاری رہا، امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے رات گئے دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ اتحادی (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

پشاور اور کوہاٹ میں مبینہ طبی غفلت، دو خواتین جاں بحق

پاراچنار کی 30 سالہ ٹیچر پشاور میں دورانِ علاج دم توڑ گئی

کوہاٹ میں دورانِ زچگی خاتون جاں بحق؛ ورثاء کا تحقیقات کا مطالبہ

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی ضلع کرم کے مرکزی شہر پاراچنار کی 30 سالہ اعلیٰ تعلیم یافتہ خاتون ٹیچر پشاور کے نجی ہسپتال میں دوران علاج مبینہ طبی غفلت کے باعث جاں بحق ہوگئی جبکہ کوہاٹ میں بھی ایک نجی ہسپتال میں دورانِ زچگی خاتون جان کی بازی ہار گئی۔ دونوں واقعات میں لواحقین نے مبینہ غفلت کے الزامات عائد کرتے ہوئے شفاف تحقیقات اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطا (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

ستمبر کیلئے تیسری مرتبہ ایل این جی کارگو کا ٹینڈر جاری

پہلے جاری کیے گئے دونوں ٹینڈرز مہنگی بولیوں کے باعث منسوخ، نئی بولیاں 8 ستمبر کو کھولی جائیں گی

کراچی (این این آئی) پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے ستمبر کے دورا (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

حب پریس کلب کے خازن وسینئر صحافی فاروق بلوچ کے صاحبزادے کا نکاح لال مسجد گلشن مزدور کراچی میں ہو رہا ہے اس موقع پر حب پریس کلب کے صدر، روزنامہ بولان حب کے چیف ایڈیٹر محمد الیاس کمبوہ، سینئر صحافی دیدار علی رونجھو، عاشق بلوچ، اعجاز سموں، شاہ رخ مشتاق کمبوہ اور عدنان بلوچ سمیت دیگر علاقائی معززین شریک ہیں

پیپلز پارٹی شہدا اور عوام کی جماعت ہے۔ وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ

پاکستان پیپلز پارٹی کا تعارفی اجلاس وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی صدارت میں منعقد ہوا

بیلا (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کا تعارفی اجلاس اتوار کے روز ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی صدارت میں منعقد ہوا ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے تعارفی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی شہدا اور عوام کی جماعت ہے پیپلز پارٹی تاریخ قربانیوں سے بھری ہے انہوں نے کہا کہ کارکنان کے مسال کا حل ترجیحات میں شامل ہے کارکنوں کو کسی مشکل گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑیں گے مرکزی وصوبائی قیادت کی سربراہی میں ان کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے لسبیلا میں پیپلز پارٹی کو فعال ومنظم کریں گے شہید، بی بی کا پیغام گھر گھر پہنچانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو برو (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

اسسٹنٹ کمشنر بیلہ نصیب اللہ بڑیچ کی زیرِ صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

مرغی، بکرے کا گوشت، دہی، دودھ، بیکری آئٹمز، مٹھائی، سموسے، پکوڑے اور دیگر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا

بیلا (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر بیلہ نصیب اللہ بڑیچ کی زیرِ صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ کے نرخ مقرر کیے گئے اجلاس میں راشن، سبزی، مچھلی، گوشت، مرغی، بکرے کا گوشت، دہی، دودھ، بیکری آئٹمز، مٹھائی، سموسے، (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7پر)

مسلم لیگ (ن) صوبہ سندھ کو قربانی کا بکرا نہ بنائے، شرجیل میمن

پنجاب اسمبلی سرائیکی صوبے کے حق میں دو مرتبہ قرارداد منظور کرچکی ہے

سندھ اسمبلی سندھ کے اندر مزید صوبے بنانے کے خلاف آٹھ مرتبہ قراردادیں منظور کرچکی ہے، سینئر وزیر سندھ کا خواجہ آصف کے بیان پر ردعمل

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما اور وزیر دفاع خواجہ آصف کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن اپنے اتحادیوں کو خوش کرے، تاہم سندھ کو قربانی کا بکرا بنانے سے گریز کرے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ پنجاب اسمبلی سرائیکی صوبے کے حق میں دو مرتبہ قرارداد منظور کرچکی ہے، جبکہ سندھ اسمبلی سندھ کے اندر مزید صوبے بنانے کے خلاف آٹھ مرتبہ قراردادیں منظور کرچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن اپنے اتحادیوں کو خوش کرنے کے لیے کوئی بھی سیاسی فیصلہ کرے، لیکن سندھ کو قربانی کا بکرا بنانے سے گریز کیا جائے۔ واضح رہے کہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ پیپلز پارٹی پنجاب میں سرائیکی صوبے کی حمایت کرتی ہے، تاہم جب انتظامی یونٹس کی بات آتی ہے تو سندھو دیش (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

حب، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

کرپشن کے الزامات سول ڈیفنس کے 37 آفیسر انسٹرکٹر اہلکار معطل

16 لاکھ 54 ہزار روپے سرکاری فیس خرد برد کرنے پر دو پٹواری نوکری سے فارغ

ساہیوال (این این آئی) محکمہ شہری دفاع پنجاب کے ڈائریکٹوریٹ نے کرپشن کے الزامات کے بنا پر 37 آفیسروں انسٹرکٹروں اور دوسرے اہلکاروں کو معطل کر کے ڈائریکٹر جنرل (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

گورنر سندھ کی چینی قونصل جنرل سے ملاقات، پاک چین تعاون مزید بڑھانے پر زور

پاکستان چین کی جدید ٹیکنالوجی اور مہارت سے بھرپور استفادہ کرنے کا خواہاں ہے، نہال ہاشمی

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کراچی میں چینی قونصلیٹ کا دورہ کیا، جہاں چینی قونصل جنرل فینگ ڈیہنگ اور قونصلیٹ کے اعلیٰ حکام نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر گورنر سندھ اور چینی قونصل جنرل کے درمیان پاک چین دوطرفہ تعلقات، علاقائی سیکیورٹی اور (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

بالاکوٹ پن بجلی منصوبہ معیشت کے استحکام میں گیم چینجر ثابت ہوگا، نذیر عباسی

منصوبے کی تکمیل سے صوبے کو سالانہ 15 ارب روپے کی آمدن ہوگی، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے

پیڈو سٹاف خصوصاً پراجیکٹ پر کام کرنے والی فیلڈ ٹیم کی تربیت انتہائی ضروری ہے، وزیر توانائی و برقیات

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع مانسہرہ میں صوبے کے سب سے بڑے پن بجلی منصوبے بالاکوٹ ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، 300 میگاواٹ پر کام تیزی سے جاری ہے جو صوبے کی معیشت کے استحکام اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں گیم چینجر ثابت ہوگا۔ بالاکوٹ پن بجلی منصوبہ صوبائی حکومت کا ایک فلیگ شپ منصوبہ ہے جو ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) اور AIIB یعنی ایشیاء انفراسٹرکچر انوسٹمنٹ (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

قیصر احمد شیخ کا مختلف علاقوں کا دورہ، لوگوں کے مسائل سنے

وفاقی وزیر نے متعلقہ حکام کو شہریوں اور تاجروں کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات اور ہدایات جاری کیں

مشکل کی گھڑی میں متاثرہ افراد کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور ان کی ہر ممکن مدد کی جائے گی۔ وفاقی وزیر

چنیوٹ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب ضلع چنیوٹ کے مختلف شہری و دیہی علاقوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہریوں، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقاتیں کیں اور ان کے مسائل دریافت کیے۔ وفاقی وزیر نے چنیوٹ شہر کے مختلف بازاروں، جن میں مسلم بازار اور پیر بھٹہ بازار شامل ہیں، کا دورہ کیا اور دکانداروں و شہریوں سے ملاقات کرکے ان کے مسائل سنے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو شہریوں اور تاجروں کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات اور ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر شہریوں نے (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

لاہور، 45 لاکھ مالیت کے سونے کی چوری کا ڈراپ سین، خالہ زاد بھائی ملوث نکلا

خاتون کے گھر سے 2 ماہ قبل لاکھوں مالیت کا سونا چوری ہوا تھا، 2 ملزمان نارووال سے گرفتار

لاہور (این این آئی) لٹن روڈ کے علاقے میں 45 لاکھ مالیت کے سونے کی چوری کا ڈراپ سین ہوگیا، گھر میں رہنے کے لیے آنے والا خالہ زاد بھائی ہی سونے کی چوری میں ملوث نکلا۔ پولیس نے 2 ملزمان کو ٹریس کر کے نارووال سے گرفتار کیا، گرفتاریاں جدید ٹیکنالوجی اور موبائل نمبر ٹریسنگ سے عمل میں لائی گئیں۔ خاتون کے گھر سے 2 ماہ قبل لاکھوں مالیت کا سونا چوری ہوا تھا، ملزم نے الماری سے (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 7 روپے اضافے سے 483 روپے، زندہ (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون سیاحت وثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی سے ان کے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

بدین ٹیکنیکل کالج کے طلبہ سے مبینہ فراڈ کے خلاف قومی کارکن میدان میں آگئے

قومی کارکنوں میں شہید بشیر خان قریشی لاڑ ڈویژن کے صدر، امیر بخش سومرو، ضلع بدین کے جوائنٹ سیکریٹری ستار مگسی سمیت دیگر کارکن شامل تھے

بدین (نامہ نگار) بدین ٹیکنیکل کالج کے طلبہ کے ساتھ مبینہ فراڈ، جعلی چیکس اور پاس آؤٹ طلبہ کو ڈگریاں نہ ملنے کے معاملے پر قومی کارکنوں نے ٹیکنیکل کالج پہنچ کر احتجاج کیا اور پرنسپل سے طلبہ کے مسائل کے حوالے سے سخت پوچھ گچھ کی۔ قومی کارکنوں میں شہید بشیر خان قریشی لاڑ ڈویژن کے صدر، امیر بخش سومرو، ضلع بدین کے جوائنٹ سیکریٹری ستار مگسی سمیت دیگر کارکن شامل تھے، جنہوں نے طلبہ کی بڑی تعداد کے ہمراہ ٹیکنیکل کالج پہنچ کر انتظامیہ سے طلبہ کے مسائل فوری حل کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر قومی کار (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

سی آئی اے پولیس نے جرم کی کوشش ناکام بنا کر چار رکنی گینگ کے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا

ملزمان کے قبضے سے 2 چھینی گئیں موٹرسائیکلیں اور غیرقانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔

بدین (نامہ نگار) سی آئی اے پولیس نے جرم کی کوشش ناکام بنا کر چار رکنی گینگ کے دو ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضے سے 2 چھینی گئیں موٹرسائیکلیں اور غیرقانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس ترجمان کے جاری اعلامیہ کے مطابق انچارج سی آئی اے انسپکٹر علن خان عباسی نے خفیہ اطلاع پر اسٹاف کے ہمراہ تھانہ ٹنڈو باگو کی حدود میں شاہ طریل لنک روڈ پر کارروائی کرکے جرم کی کوشش ناکام بنا کر چار رکنی جرائم پیشہ گینگ کے دو ملزمان اختیار علی ملاح اور دلشاد علی سولنگی کو گرفتار کرلیا جبکہ دو ملزمان موقع پر فرار (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

امریکی ریاست کیلیفورنیا میں چھوٹا طیارہ گر کر تباہ، 2 افراد ہلاک

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست کیلیفورنیا کے شہر فریسنو میں چھوٹا طیارہ گر کر تباہ ہوگیا جس کے نتیجے میں 2 (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7پر)

کالا شاہ کاکو، موٹرسائیکل اور ڈمپر کے درمیان تصادم، ایک شخص جاں بحق

کالا شاہ کاکو (این این آئی) نوری بوری اسٹاپ کے قریب موٹر سائیکل اور ڈمپر کے درمیان ہونے والے خوفناک تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ اتنا شدید تھا کہ موٹر سائیکل سوار موقع پر ہی دم توڑ گیا

پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف طویل جنگ لڑی ہے، ملک احمد

ففتھ جنریشن وارفیئر کے دوران بھی پاکستان کیخلاف پروپیگنڈا، اثر اندازی کے شواہد موجود ہیں

قومی یکجہتی، دفاعِ وطن کے جذبے کو مزید مضبوط کرنا ہوگا' ملک محمد احمد خاں کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی محمد احمد خان نے یوم دفاع کے موقع پر شہدا اور قومی ہیروز کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم اپنے شہداء کی لازوال قربانیوں کو فخر سے یاد کرتی ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد احمد خان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے پاس میجر عزیز بھٹی شہید جیسے عظیم سپوتوں کی مثال موجود ہے جبکہ ایم ایم عالم جیسے قومی ہیروز نے اپنی شاندار کارکردگی سے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا، جس کا تذکرہ آج بھی تاریخ کے روشن باب کے طور پر ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں بھارت نے پاکستان کو فتح کرنے کے ارادے سے جنگ مسلط کی تاہم (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7پر)

حب، حب پریس کلب کے صدر، روزنامہ بولان حب کے چیف ایڈیٹر محمد الیاس کمبوہ، شاہ رخ مشتاق کمبوہ اور عدنان بلوچ حب پریس کلب کے خازن وسینئر صحافی فاروق بلوچ کے صاحبزادے کو نکاح کی مبارکباد پیش کررہے ہیں اس موقع پر فاروق بلوچ دیگر موجود ہیں

نیپال، 64 سالہ خاتون کو ملبے سے 10 دن بعد زندہ نکال لیا گیا

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال میں 64 سالہ خاتون کو گھر کے ملبے سے زندہ نکال لیا گیا، خاتون 10 دن تک ملبے اور کیچڑ میں پھنسی رہی

ایرانی وزیر خارجہ کا سعودی اور ترک ہم منصبوں سے ٹیلیفونک رابطہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا ہے

"ڈرگ فری انیشیٹیو کے نام سے جامع پروگرام پر تیزی سے عملدرآمد جاری

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیر صدارت لیڈا کانفرنس ہال میں اجلاس منعقد ہوا

حب (نمائندہ بولان) بلوچستان کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے "ڈرگ فری بلوچستان" اور خصوصی طور پر "ڈرگ فری انیشیٹیو کے نام سے جامع پروگرام پر تیزی سے عملدرآمد جاری ہے اس سلسلے میں کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیر صدارت لیڈا کانفرنس ہال میں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں حکومت بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں منشیات فروشی کیخلاف زیرو ٹالرنس (سخت ترین پالیسی) اپنانے اور نشے کے عادی افراد کے مفت علاج اور بحالی کیلئے خصوصی مرکز قیام کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

تلاش گمشدہ

پرویز عرف کالو
ولد فتح محمد
قوم عمرانی
سکنہ حب
حب کے رہائشی ہیں، مقامی ہوٹل میں کام کرتا تھا، صبح کام کے لیے گھر نکلا ہوٹل پر نہ پہنچا اور گھر واپس نہیں آیا
تا حال لاپتہ ہیں
چار ماہ ہوچکے ہیں
باپ معزور ہے، باپ سمیت تمام گھر والے
سخت پریشان ہیں
جس کو بھی ملے اس نمبر پر رابطہ کریں
0300-2280788
شکریہ

مانگی ڈیم حملہ تحقیقاتی کمیشن کی کھلی عدالت میں سماعت

سماعت کے دوران ڈی ایس پی / ایس پی زیارت نے تحقیقاتی کمیشن کو آگاہ کیا کہ دہشت گرد عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کیا جارہا ہے

دورانِ سماعت متعدد اندراج شدہ گواہان بھی تحقیقاتی کمیشن کے روبرو پیش ہوئے اور اپنے بیانات جمع کروائے

کوئٹہ (بولان بیورو) تحقیقاتی کمیشن کے ایک اعلامیہ کے مطابق مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت میں پیش آنے والے دہشت گرد حملے کی تحقیقات کے لیے قائم کردہ تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا نے کھلی عدالت میں کمیشن کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے سماعت (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7پر)

صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی مختلف وفود کے نمائندوں کے مسائل سن رہے ہیں

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیر صدارت اجلاس

ضلع حب کے صنعتی ایریاز سمیت ضلع بھر میں 2 لاکھ پودوں کی شجرکاری کا ہدف مقرر کیا گیا

حب (نمائندہ بولان) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیرصدارت منعقدہ اجلاس میں ضلع حب کے صنعتی ایریاز سمیت ضلع بھر میں 2 لاکھ پودوں کی شجرکاری کا ہدف مقرر کیا گیا کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیرصدارت منعقدہ میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر حب جمعداد مندوخیل ایس پی حب مرزا بلال (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

حب۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر وصدر آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی کوششوں سے عدالت روڈ پر سیوریج تعمیر کیا جارہا ہے

40 سال سے جاری جمالی برادری کا مارِبل تنازعہ حل

سندھ سے سردارزادہ عمیر خان جمالی جبکہ حب سے میر علی حسن زہری کی ایک وفد نے اہم کردار ادا کرتے ہوئے فریقین کے درمیان مذاکرات کیے

وفد میں میر علی اکبر زہری، چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی، حاجی ملوک بنگلزئی، SHO دریجی سکندر عمرانی اور نواز لاسی شامل تھے

لوہی/دریجی: (نمائندہ بولان) جمالی برادری کے درمیان گزشتہ 40 سال سے جاری مارِبل کا تنازعہ بالآخر باہمی گفت وشنید، جرگہ اور افہام وتفہیم کے ذریعے حل کرلیا گیا۔ سندھ سے سردارزادہ عمیر خان جمالی جبکہ حب سے میر علی حسن زہری کی ایک وفد نے اہم کردار ادا کرتے ہوئے فریقین (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

شمالی چھاؤنی میں گاڑی کی ٹکر سے 22 سالہ موٹرسائیکل سوار جاں بحق

لاہور (این این آئی) شمالی چھاؤنی کے علاقے میں گاڑی کی ٹکر سے 22 سالہ موٹرسائیکل سوار جاں بحق ہوگیا

پنجاب بار کونسل کا صوبائی اسمبلی سے انسدادِ دہشتگردی ترمیمی بل کی منظوری کا خیرمقدم

ججز، وکلاء، پراسیکیوٹرز، پولیس افسران، گواہان کے تحفظ کے لیے اس طرح کی موثر قانون سازی وقت کی ضرورت تھی

انصاف کی فراہمی کے عمل کو مزید محفوظ اور موثر بنانے میں مدد ملے گی' وائس چیئرمین قیصر نذیر ساہی، چیئرمین ایگزیکٹو ارشد ہنجرا

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے پنجاب اسمبلی کی جانب سے انسدادِ دہشتگردی ترمیمی بل کی منظوری کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے پنجاب حکومت پنجاب کا بہترین، بروقت اور خوش آئند اقدام قرار دیا ہے۔ پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ارشد علی ہنجرا نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ دہشتگردی کے حساس مقدمات سے وابستہ ججز، و (بقیہ 50 صفحہ 7پر)

لاہور، جنرل ہسپتال سے 2 موبائل چور گرفتار

لاہور (این این آئی) کوٹ لکھپت پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جنرل ہسپتال سے 2 موبائل چور ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزمان کو سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ٹریس کرکے گرفتار کیا گیا۔

باز محمد صابر نے بنو قابل نصیر آباد کے زیر اہتمام منعقدہ سٹوفکیٹ ایوارڈ تقریب میں شرکت کی

تربیت مکمل کرنے والے طلبہ وطالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے پروقار تقریب ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال میں منعقد ہوئی

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی صوبائی صدر تنظیم اساتذہ بلوچستان باز محمد صابر نے بنو قابل نصیر آباد کے زیر اہتمام منعقدہ سٹوفکیٹ ایوارڈ تقریب میں شرکت کی، جہاں تربیت مکمل کرنے والے طلبہ و طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے پروقار تقریب ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ پنجاب کے حکم پر ڈی پی او میانوالی ان ایکشن

میانوالی (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے حکم پر ڈی پی او رائے وقار عظیم کھرل میانوالی ان ایکشن، پولیس میں کالی بھیڑوں کے رات گئے اچانک تبادلوں کے احکامات جاری کردیئے، فوری لائن پولیس رپورٹ کرنے کی سخت ہدایات جاری، سب انسپکٹر محمد اقبال تھانہ چکڑالہ، شہزاد اسلم محرر تھانہ واں بھچراں، سب انسپکٹر عامر اقبال خان گڈی خیل تھانہ ہرنولی، اے ایس آئی ظفر اقبال خان چھدرو خیل تھانہ پپلاں، اے ایس آئی

تربت، ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی ضلع کیچ کے بینک منیجران کے ساتھ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

6 ستمبر یوم دفاعِ پاکستان کے موقع پر مری ہاس ڈیرہ مراد جمالی سے ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد

سینکڑوں افراد نے بھرپور شرکت کی ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں قومی پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھار کھے تھے

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کی معروف سیاسی و قبائلی شخصیت میر امداد حسین مری کی قیادت میں 6 ستمبر یوم دفاعِ پاکستان کے موقع پر مری ہاس ڈیرہ مراد جمالی سے ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں سینکڑوں افراد نے بھرپور شرکت کی ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں قومی پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھار کھے تھے جن پر شہداء وطن کی لازوال قربانیوں کو خراجِ عقیدت اور ملکی دفاع وسلامتی کے حوالے سے مختلف نعرے درج تھے۔ شرکا نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد اور شہدا پاکستان کو سلام کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔ ریلی شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب اللہ والا پہنچی (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

پنجاب بھر میں 1343 ٹریفک حادثات میں 13 افراد جاں بحق 1571 زخمی

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1343 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

بہادر خان کھوسہ اور سلیم خان ڈومکی نے شہر کے مین بس اڈے کا دورہ کیا

بس اڈے میں قائم ناجائز تجاوزات اور ٹرانسپورٹ کی جانب سے سڑکوں پر گاڑیاں کھڑی کرنے کا سختی سے نوٹس لیا

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم خان ڈومکی نے شہر کے مین بس اڈے کا دورہ کیا ان کے ہمراہ بابو اصغر رند بھی تھے جہاں انہوں نے بس اڈے میں قائم ناجائز تجاوزات اور ٹرانسپورٹ (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7پر)

لاہور، موٹرسائیکل پر کرتب دکھانے والے 9 ون ویلرز گرفتار

لاہور (این این آئی) مصری شاہ پولیس نے خطرناک ون ویلنگ اور موٹر سائیکل پر کرتب دکھانے والوں کے خلاف (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

میرے ماموں سہراب، شاہ رکھیو اور محمد قاسم نے مجھے مبینہ طور پر قتل کرنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں، محمد حنیف

ملزمان نے متعلقہ پولیس تھانے کے ایس ایچ او کو لاکھوں روپے کی رشوت دیکر اپنے خلاف کسی موثر کارروائی سے بھی روک رکھا ہے

قمبر علی خان (نامہ نگار) قمبر کے گاں علی بخش پنہور کے رہائشی محمد حنیف ولد ارباب علی پنہور نے قمبر پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبدار عرف بھورو، (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7پر)

ضلع اورکزئی، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پی ٹی آئی کارکن جاں بحق

پشاور (این این آئی) قبائلی ضلع اورکزئی میں نامعلوم مسلح افراد (بقیہ 61 صفحہ 7پر)

پیپلز پارٹی نے میثاق جمہوریت سے سیاسی انتقام کا دروازہ بند کیا، مراد علی شاہ

ملک میں آج جو امن واستحکام ہے، وہ مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مرہونِ منت ہے، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی محض ایک شہر نہیں بلکہ پاکستان کی معاشی اور قومی شناخت ہے، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے پیر کو پاکستان کی مسلح افواج اور شہداء کو زبردست خراج تحسین پیش کیا، ان کی قربانیوں کو ملک کے امن، استحکام اور ترقی کی بنیاد قرار دیا، جبکہ ایک صاف ستھرا، سرسبز، محفوظ اور زیادہ شمولیت والا کراچی بنانے کے لیے اپنی حکومت کے (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

حب۔ کے الیکٹرک کے ایریا انچارج رضا حسین میمن کی ہدایت اور ریکوری انچارج منیجر علی اکبر قریشی کی نگرانی میں کنڈا اتارو میٹر لگاؤ مہم کے تحت کے الیکٹرک حب کی ٹیم کنڈا منقطع کرکے نئے میٹر لگارہے ہیں